www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الااللہ

Daily SEHAR

روزنامہ
سحر
لاہور

چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جلد: 19 | بدھ 7 اکتوبر 2026ء 1448ھ 24 ربیع الثانی 22 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 253

بسم اللہ الرحمن الرحیم

.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ○ (سورۃ البقرہ)

شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی 5 خوارج ہلاک

بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی طرف سے جاری دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں، آصف علی زرداری، شہباز شریف

صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ محسن نقوی کا ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی

ڈیرہ اسماعیل خان/اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈیرہ اسماعیل خان میں نامعلوم دہشت گردوں دن دیہاڑے آٹو میٹک گنوں سے فائرنگ کر کے دو مختلف واقعات میں 5 سرکاری اہلکاروں کو شہید کر دیا اور ملزمان فرار ہو گئے جبکہ صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی طرف سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسحاق ڈار اور انتونیو گوتریس میں ملاقات، علاقائی، عالمی امور پر تبادلہ خیال

اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے وزارت خارجہ میں ملاقات کی، جس میں علاقائی و عالمی امن وسلامتی سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے وزارت خارجہ میں ملاقات کی، جس میں علاقائی و عالمی امن و سلامتی سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس کی ملاقات میں فلسطین، جموں و کشمیر، افغانستان، انسداد دہشتگردی اور کثیرالجہتی نظام کے مستقبل سمیت علاقائی اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات رواں ہفتے مکمل ہو جائینگے

ملاقاتوں میں معاشی صورتحال اور اہم اہداف پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا، آئی ایم ایف کا زرمبادلہ کے ذخائر کو مستحکم قرار دیتے ہوئے اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان جاری مذاکرات رواں ہفتے مکمل ہو جائیں گے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق مذاکرات کے دوران معاشی صورتحال اور اہم اہداف پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، آئی ایم ایف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے، پی ٹی آئی احتجاجی سیاست سے ملکی معیشت کو پہنچنے والے نقصان کا ادراک کرتے ہوئے لانگ مارچ ختم کرے، حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیگی

وزیراعظم
لانگ مارچ، دھرنے اور احتجاج کی سیاست کا خاتمہ کرنا ہوگا

حکومت اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ کمیٹی نے بامعنی اور پرخلوص مذاکرات سے مسائل کا مل بیٹھ کر حل تلاش کرنے کی کوشش کی، ملک کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ اختیار کریگا، شہباز شریف کا خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ دھرنوں اور احتجاج کی سیاست سے معیشت اور پاکستان کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچانا ملک دشمنی ہے، پی ٹی آئی ہوش کے ناخن لے، پی ٹی آئی احتجاجی سیاست سے ملکی معیشت کو پہنچنے والے نقصان کا ادراک کرتے ہوئے لانگ مارچ ختم کرے، حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی، حکومت اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ کمیٹی نے بامعنی اور پرخلوص مذاکرات سے مسائل کا مل بیٹھ کر حل تلاش کرنے کی کوشش کی، ملک کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون اپنا راستہ اختیار کرے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

اہم خبریں

پروبیشن پر تعینات ملازم کو ملازمت پر مستقل تقرری کا حق حاصل نہیں، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ پروبیشن پر تعینات ملازم کو مستقلی یا ملازمت جاری رکھنے کا کوئی مستقل یا حاصل شدہ حق حاصل نہیں ہوتا، غیر تسلی بخش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم کی گیس کی لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے جامع لائحہ عمل ترتیب دینے اور پیشگی اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے گیس کی لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے جامع لائحہ عمل ترتیب دینے اور پیشگی اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

SHMIR CHOWK
NDERPASS,
LA

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کشمیر چوک انڈر پاس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

آئی ایم ایف کا پیٹرول سبسڈی اسکیم میں مزید صارفین نہ بڑھانے پر رضامند

آئی ایم ایف نے آٹو پالیسی میں ای وی گاڑیوں کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف پیٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہوگیا جبکہ عالمی مالیاتی فنڈ نے پیٹرول سبسڈی اسکیم میں مزید صارفین نہ بڑھانے کا مطالبہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

بیرونی ممالک میں کمیونٹی ویلفیئر اتاشیز کی تعیناتی روکنے کی درخواست پر سماعت

اسلام آباد ہائیکورٹ کے آرڈر کے باوجود اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کا جواب جمع نہ ہو سکا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ میں پاکستان کے بیرونِ ممالک میں کمیونٹی ویلفیئر اتاشیز کی تعیناتی روکنے کی درخواست پر سماعت کے دوران پاکستان کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وزیر خزانہ
پاکستان میں نئے کاروبار اور سٹارٹ اپس کو فروغ دیا جاسکے

وزیرخزانہ سے آئی ایف سی کے علاقائی ڈائریکٹر کی ملاقات، نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور مالی سہولیات تک رسائی بڑھانے پر تبادلہ خیال

ایس ایم ایز، کاروباری افراد، زراعت اور ہاؤسنگ کے لیے طویل مدتی اور قابل استطاعت مالی سہولیات تک بہتر رسائی سے نجی سرمایہ کاری بڑھے گی، اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے پیداواری سرمایہ کاری کے لیے ملکی وسائل کے ساتھ بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کی مالی معاونت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

مریم نواز
پنجاب سے مسقط کیلئے زندہ مویشیوں کی ایکسپورٹ کیلئے وزیراعظم سے درخواست کی جائیگی

مریم نواز کی مسقط میں عمان کے وزیر زراعت، ماہی گیری اور آبی وسائل سعود بن حمود بن احمد الحبسی سے ملاقات، عمان کے وزیر زراعت وفشریز کا وزیراعلیٰ مریم نواز کا پرتپاک خیرمقدم

یواین ہیبی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ حاصل کرنے پر مبارکباد، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی پنجاب سے سکلڈ ورکر کی مسقط آمد پر پابندی اٹھانے کیلئے اقدامات کی تجویز، ویزا پابندی اٹھانے کی تجویز پر اتفاق

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عمان کے وزیر زراعت، ماہی گیری اور آبی وسائل سعود بن حمود بن احمد الحبسی سے ملاقات کی۔ عمان کے وزیر زراعت وماہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

آزاد جموں وکشمیر کابینہ میں تین وزراء کے محکموں میں ردوبدل، محکموں میں ردوبدل کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری

مظفرآباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آزاد جموں و کشمیر کابینہ کے تین وزراء کے محکموں میں ترمیم کر دی گئی۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

عالمی امن کے لیے مکالمے اور باہمی تعاون کو فروغ دینا ہوگا: یوسف رضا گیلانی

کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہیے

تنزانیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ عالمی امن کے لیے مکالمے اور باہمی تعاون کو فروغ دینا ہوگا۔ تنزانیہ میں بین الپارلیمانی یونین (آئی پی یو) کی 153 ویں اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے سید یوسف رضا گیلانی کا کہنا تھا کہ پائیدار ترقی اور انسانی بااختیاری کا عالمی امن اور استحکام سے گہرا تعلق ہے۔ انہوں نے کہا کہ شمولیت، اعتماد، امن اور مساوی مواقع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے افغانستان کے وزیر مملکت ملاقات کرتے ہوئے

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے برطانوی وزیر مملکت ملاقات کرتے ہوئے

بانی پی ٹی آئی عمران خان کا بلڈ پریشر انتہائی حد تک بڑھ چکا، غیر ملکی ڈاکٹر سے مشورہ کیے جانے کا دعویٰ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کے سابق ترجمان اور وکیل فیصل چوہدری نے اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ جیل کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

وزیراعظم کا ڈیرہ اسماعیل خان میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر اظہار تشویش، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چار کسٹم اہلکار اور ایک ٹریفک اہلکار کی شہادت پر اظہار افسوس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اپوزیشن اور حکومت کے درمیان دوبارہ مذاکرات کی امید ہے' فواد چودھری

پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی پہلے بانی پی ٹی آئی کیلئے ریلیف تو لے پھر ملاقات بھی کرلے' میڈیا سے گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ اپوزیشن اور حکومت کے درمیان اگلے چوبیس گھنٹوں میں دوبارہ مذاکرات کی امید ہے۔ انسداد دہشت گردی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو نشانِ امتیاز عطاء کرتے ہوئے

وفاقی وزیر صحت اور وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کی زیر صدارت اجلاس، ون پیشنٹ، ون آئی ڈی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال اور وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ کی زیر صدارت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

ریاست اور خیبر پختونخوا کا بنیادی مسئلہ سیاست نہیں بلکہ دہشت گردی ہے، بیرسٹر دانیال چوہدری

2 سال میں کے پی میں تقریباً 6,200 دہشت گردی کے واقعات ہوئے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ ریاست اور خیبر پختونخوا کا بنیادی مسئلہ سیاست نہیں بلکہ دہشت گردی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

وزارت مذہبی امور کو سرکاری سکیم میں حج واجبات کی دوسری قسط وصول

سرکاری سکیم میں حج واجبات کی دوسری قسط کی ادائیگی کی حتمی تاریخ 20 اکتوبر مقرر ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت مذہبی امور کو سرکاری سکیم میں حج واجبات کی دوسری قسط کی وصولی جاری ہے، پہلے دن 14 ہزار 605 عازمینِ حج نے دوسری قسط کی ادائیگی مکمل کر لی۔ منگل کو ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق ون لنک کے ذریعے 10 ہزار عازمینِ حج نے گھر بیٹھے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

وزیراعظم شہباز شریف سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل کی وفد کے ہمراہ ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان، نوجوانوں کے لیے باوقار اور کارآمد روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے انٹرنیشنل لیبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

اگر ہماری بات نہیں مانی گئی تو لانگ مارچ روکنے کا کوئی جواز نہیں، عمران خان کے کزن کو حراست میں لینا قابل مذمت ہے، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اگر ہماری بات نہیں مانی گئی تو لانگ مارچ روکنے کا کوئی جواز نہیں، مذاکرات کی پیشکش برائے نام ہے مذاکرات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

مکہ دفاعی اتحاد کے تحت سعودی عرب کو فوجی دستے اور صلاحیتیں فراہم کرنے کا فیصلہ

مکہ دفاعی اتحاد کی اسٹریٹجک، سیاسی و دفاعی کمیٹی کا ہنگامی اجلاس 5 اکتوبر کو ریاض میں ہوا، جس میں اہم فیصلے کیے گئے

کمیٹی نے اجتماعی دفاع کے وعدوں پر فوری عملی اقدامات کرنے اور منظور شدہ انتظامات و فریقین کی قومی قانون سازی کے مطابق سعودی عرب کو متفقہ فوجی دستے اور صلاحیتیں فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب نے مکہ دفاعی اتحاد کو عملی شکل دیتے ہوئے سعودی عرب کو فوجی دستے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

ایل این جی سپلائی پر خدشات، حکومت کا قطر سے 3 کارگو لینے کا فیصلہ

حکومت کا ایل این جی کارگوز کی محفوظ اور بلاتعطل گزرگاہ کو یقینی بنانے کے لیے ایرانی حکام سے بھی رابطہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آبنائے ہرمز کے راستے توانائی کی ترسیل میں بڑھتی ہوئی غیر یقینی صورتحال کے پیشِ نظر حکومت نے اکتوبر کے دوران قطر سے ایل این جی کے تین کارگو حاصل کرنے کا اہم فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت ایل این جی کارگوز کی محفوظ اور بلاتعطل گزرگاہ کو یقینی بنانے کے لیے ایرانی حکام سے رابطہ کرنے کی تیاری بھی کر رہی ہے تاکہ سمندری راستے میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

9 مئی کیسز، علیمہ خان اور عظمیٰ خانم اور دیگر کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان اور عظمیٰ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

لیاقت بلوچ سے وفاقی وزیر احسن اقبال کا رابطہ، وزیراعظم کا پیغام پہنچایا

پٹرولیم لیوی پر حکومتی ، جماعت اسلامی کمیٹیاں جلد شیڈول طے کریں گی

باہمی مشاورت سے وزیراعظم شہباز شریف، حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات کا طے کیا جائیگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے رابطہ کر کے پٹرولیم لیوی کے معاملے پر مذاکرات کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام پہنچایا ہے۔ لیاقت بلوچ نے جماعت اسلامی کے شعبہ نشر و اشاعت کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم نے احسن اقبال جو پٹرولیم لیوی پر حکومتی کمیٹی کے سربراہ ہیں کو کہا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

جہانیاں میرا دوسرا گھر ہے، یہاں کے عوام نے مجھے ہمیشہ بے پناہ محبت اور عزت دی، مخدوم جاوید ہاشمی

جہانیاں (مانیٹرنگ ڈیسک) جہانیاں میرا دوسرا گھر ہے، یہاں کے عوام نے مجھے ہمیشہ بے پناہ محبت اور عزت دی، خانیوال تا لودھراں ہائی وے روڈ کی تعمیر اور جہانیاں کو تحصیل کا در (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا تھا، وزیراعلیٰ کے پی کی شرائط رکاوٹ بنیں، طلال چوہدری

مذاکرات کے اگلے دن دہشت گردی کے معاملے پر مکمل اتفاق پایا جانا تھا، وزیر مملکت

اس بار غلط فہمی ایسی دور ہوگی کہ پھر ملک میں مارچ نہیں ہوگا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا تھا تاہم وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں۔ میڈیا سے گفتگو طلال چوہدری نے کہا کہ مذاکرات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

اڈیالہ جیل میں لوڈشیڈنگ؛ عدم پیشی پر ایمان مزاری اور شوہر کے خلاف فرد جرم ٹل گئی

آئندہ سماعت پر ملزمان کی ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری یقینی نہ بنانے پر توہین عدالت کی کارروائی ہوگی، جج

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اڈیالہ جیل میں بجلی کی بندش کے باعث عدم پیشی پر ایمان مزاری اور انکے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف فرد جرم ٹل گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج طاہر عباس سپرا نے ملزمان کے خلاف انٹرنیشنل کرکٹ ٹیم کی آمد پر روٹ توڑنے اور لوگوں میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

قیادت کی اصل کامیابی مضبوط، قابلِ اعتماد اور عوامی خدمت کے ادارے قائم کرنا ہے' ملک محمد احمد خاں

پائیدار جمہوریت آئینی حکمرانی، نمائندہ اداروں اور احتساب سے قائم ہوتی ہے

نوجوان پاکستان کے قومی اور جمہوری مستقبل کی تشکیل کر رہے ہیں، سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (پارلیمانی رپورٹر) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ قیادت کی اصل کامیابی مضبوط، قابلِ اعتماد اور عوامی خدمت کے ادارے قائم کرنا ہے جبکہ پائیدار جمہوریت صرف انتخابات سے نہیں بلکہ آئینی حکمرانی، نمائندہ اداروں اور احتساب سے قائم ہوتی ہے۔ لاہور کی نجی یونیورسٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

اپنی چھت اپنا گھر منصوبہ، عظمیٰ بخاری کا پی ٹی آئی کے پروپیگنڈے پر ردعمل

عوام کے گھروں کو اپنی سیاسی ملکیت ثابت کرنے کی کوشش شاید سوشل میڈیا پر چل جائے، تاہم ان گھروں میں رہنے والے اصل مستحقین کی گواہی کو جھٹلایا نہیں جاسکتا

بہت جہالت دکھالی، اب ذرا حقیقت بھی جان لیں، یہ وہ خاندان ہیں جن کے سامنے کسی سیاسی جماعت کی تختی نہیں بلکہ ایک عام پاکستانی خاندان کا خواب حقیقت بن کر کھڑا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے تحریک انصاف کے مبینہ پروپیگنڈے کا جواب دیتے ہوئے پنجاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش کی دفتر خارجہ آمد پر پرتپاک خیرمقدم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش کا دفتر خارجہ آمد پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ دفتر خارجہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

پاکستان کے امن وسلامتی کے خلاف ہر سازش کا پوری قوت سے مقابلہ کیا جائے گا، سکیورٹی فورسز کا حوصلہ ناقابل شکست ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ عبدالعلیم خان نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

ہارون اختر سے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر کی ملاقات

اقتصادی تعاون، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر علی شیر تختیف نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور ازبکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات، اقتصادی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری، برآمدات اور عوامی روابط کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

ایس سی او کانفرنس سے قبل اسلام آباد کو خوبصورت بنانا ہے، وزیر داخلہ کا عزم

اسلام آباد کے ایف نائن پارک کو لندن کے مشہور ہائیڈ پارک کی طرز پر بین الاقوامی معیار کے جدید تفریحی مرکز میں ڈھالا جا رہا ہے، محسن نقوی

کشمیر چوک انڈر پاس سمیت اہم ٹریفک اور انفراسٹرکچر منصوبے ایس سی او کانفرنس کے انعقاد سے قبل ہر صورت مکمل کیے جائیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کانفرنس سے قبل وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو ایک جدید، مختلف اور مثالی خوبصورت شہر میں تبدیل کرنے کا وژن دیا ہے، کانفرنس کے انعقاد میں ایک سال سے بھی کم وقت رہ گیا ہے، لہٰذا تمام ترقیاتی منصوبوں کو دن رات کام کر کے مقررہ مدت کے اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

مدینہ چوک جندراکہ میں اخلاق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کورس کی اختتامی نشست کا انعقاد

مدینہ چوک جندراکہ میں اخلاق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کورس کی اختتامی نشست کا انعقاد

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) مدینہ چوک جندراکہ میں اخلاق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کورس کی اختتامی نشست کا انعقاد ہوا جسمیں کورس کرنے والے شرکاء کو اعزازی سٹیفکیٹ سے نوازا گیا اس موقع پر دعوتِ اسلامی کے شعبہ مدنی کورسز کے ڈویژن ذمہ دار محترم محمد ارسلان عطاری ڈسٹرکٹ ذمہ دار حافظ میاں جہانگیر احمد حنیف تحصیل ذمہ دار علی سجاد عطاری معلم محمد مختار احمد عطاری مہتمم ادارہ جناب پیر نوید الرحمان نقشبندی چشتی اور دیگر کثیر عاشقانِ رسول نے شرکت کی اس موقع پر دعوتِ اسلامی کے شعبہ مدنی کورسز کی بہاریں بھی بتائی گئی ہفتہ وار ہونے والے اجتماعات میں شرکت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

ہارون آباد ہارون آباد نقیبِ محفل: مرزا محمد ادریس سعیدی محفلِ میلادِ مصطفیٰؐ میں سامعین کے دلوں کو گرمانے اور روح کو منور کرنے کا سہرا جہاں نعت خواں کے سر جاتا ہے

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) ہارون آباد ہارون آباد نقیبِ محفل: مرزا محمد ادریس سعیدی محفلِ میلادِ مصطفیٰؐ میں سامعین کے دلوں کو گرمانے اور روح کو منور کرنے کا سہرا جہاں نعت خواں کے سر جاتا ہے، وہیں اس باوقار محفل کی روح، ترتیب اور جمالیاتی تناسب اس نقیبِ باکمال کا مرہونِ منت ہوتا ہے جسے رب کریم نے لفظوں کی شائستگی اور لحن کی تاثیر سے نوازا ہوتا ہے۔ نقابت کوئی عام فن نہیں، بلکہ یہ ایک خداداد صلاحیت اور قلبی عقیدت کا سنگم ہے۔ جب آپ مائیک پر تشریف لاتے ہیں اور زبان سے الفاظ ادا ہوتے ہیں، تو لگتا ہے کہ الفاظ و معانی ہاتھ باندھے خدمت میں کھڑے ہیں۔ آپ کا اندازِ گفتگو، لحن کی سوز و ترنم، دل نشین اشعار کا بروقت انتخاب اور حبیبِ خدا کی مدح سرائی کا پروقار انداز محفل میں ایک ایسی روحانی کیفیات اور وجد طاری کر دیتا ہے کہ سامعین کے دل عشقِ مصطفیٰ میں دھڑکنے لگتے ہیں۔ آپ کی سحر انگیز اور پراثر آواز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

ثمینہ اکبر نے سیف سٹی اتھارٹی اوکاڑہ کے ضلعی انچارج کی دعوت پر دفتر کا دورہ کیا

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (رانا عبدالستار تقیبی) ثمینہ اکبر راو ڈپٹی فنانس سکریٹری وسطی پنجاب لیڈر یزونگ اور کمیونٹی ریپریزینٹیو یونیورسٹی آف اوکاڑہ، اکبر راو ایڈووکیٹ ضلعی صدر راجپوت سپریم کونسل آف پاکستان، رانا اکمل ایڈووکیٹ، ملک اعزاز انچارج اوکاڑہ کمپلینٹ سنٹر، راو حمزہ اور ٹیم نے سیف سٹی اتھارٹی اوکاڑہ کے ضلعی انچارج کی دعوت پر دفتر کا دورہ کیا۔ انچارج اور دیگر آفیسران نے بریفنگ دی۔ مفید معلومات فراہم کی جائے پر شرکا نے ادارے کی کارکردگی کو سراہا۔ کرائم کی شرح میں کمی 114 سے 26 اور دیہات میں 18 فی صد ہوئی۔ 15 کی کال کا ٹریک ریکارڈ عورت، بچے، گمشدہ افراد کو خاندان سے ملانے پنک بٹن کی کارکردگی، ای چالان، مجرمان کی نقل و حرکت، چوری کی گاڑی کی آمدورفت میں پولیس کی مدد کا بتایا۔ دیانت دار آفیسرز اور سٹاف کو خراج تحسین پیش کیا۔ وکالا اور صحافیوں سے درخواست ہے کہ اس ادارے کو میریٹ پہ کام کرنے دیں۔

امیدوار برائے صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن پاکپتن رانا محمد بلال ایڈووکیٹ کی دھماکے دار انٹری

پاکپتن (نامہ نگار) امیدوار برائے صدر ڈسٹرکٹ بارایسوسی ایشن پاکپتن رانا محمد بلال ایڈووکیٹ کی دھماکے دار انٹری، امیدوار برائے صدر بار ایسوسی ایشن پاکپتن رانا بلال ایڈووکیٹ کی جانب سے معزز بار ممبران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا، ظہرانہ میں سابق ممبر پنجاب بار کونسل راؤ رحمان اللہ ایڈووکیٹ، سابق ایڈیشنل اینڈ سیشن جج سید منیر شاہ ایڈووکیٹ، سابق جنرل سیکرٹری اشتیاق خان بلوچ، مظفر یاسین سلوترا ایڈووکیٹ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی سردار واجد علی ڈوگر، سابق چیئرمین ملکہ ہانس رانا احسان، ظہرانہ میں جاوید گوندل ایڈووکیٹ، رانا سیف اللہ سنی ایڈووکیٹ، ڈاکٹر رائے غلام مصطفیٰ، ارشاد سلوترا ایڈووکیٹ، رانا اویس عابد ایڈووکیٹ سمیت سینئر اور نوجوان وکلاء سمیت 500 سے زائد معزز بار ممبران کی شرکت، اس موقع پر امیدوار برائے صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن پاکپتن رانا محمد بلال ایڈووکیٹ نے کہا کہ اعتماد کرنے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، میاں محمد اشرف

پاکپتن (نامہ نگار) انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی پاکپتن کے صدر معروف کاروباری شخصیت میاں محمد اشرف بھدرو نے کہا ہے کہ ملک احتجاج کا متحمل نہیں ہے، حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال میں سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے جو سرمایہ کاروں کا اعتماد کو بحال کرے اور کاروباری طبقے کو استحکام فراہم کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اڑھتیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت سے ادارے مضبوط ہوں گے اور میثاق معیشت سے نہ صرف پالیسیوں میں تسلسل پیدا ہوگا بلکہ سستی پیداواری برامدات اور سرمایہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

District Gujrat Press Club ڈسٹرکٹ گجرات پریس کلب

Office Contact:+92-300-9621663,0321-2478870 Tel: 053-3609219, Fax: 053-3603431

www.districtgujratpressclub.net Email:dgpressclub@gmail.com

گوجرانوالہ میں ہائی کورٹ کا بینچ بنانا وقت کی اہم ضرورت

تحریر: سید طارق حسین شاہ

صدر: ڈسٹرکٹ گجرات پریس کلب

ڈسٹرکٹ بیورو چیف: روزنامہ سحر لاہور

گجرات کے عوام اور محکمہ پولیس لاہور ہائی کورٹ میں پہنچنے اور بروقت ذمہ داری ادا کرتے ہوئے پولیس ملازم یا افسران سب کیلئے صبح 8 بجے لاہور پہنچنا ایک انتہائی مشکل عمل ہے جس کی وجہ سے ایک تو وہاں تاریخ پیشی پر جانے والے پریشان ہے دوسری طرف جن لوگوں کے کیس تھانے میں چل رہے ہوتے ہیں وہ مدعی اور ملزمان بھی تھانے سے SHO یا SI لاہور چلے جانے کی وجہ سے پورا دن ذلیل و خوار ہوتے ہیں اور بعض لوگوں کو گجرات سیشن کورٹ میں پیش کرنا ہوتا ہے وہ بھی دوسرے دن پر پڑ جاتا ہے دوسرا گوجرانوالہ پورا راستہ خراب ہے جس کی وجہ سے جانے والے افراد چاہے پولیس ملازم ہوں یا عوام دونوں کیلئے یہ کام انتہائی دشوار اور مشکل اور ذلالت سے کم نہیں لاہور جانے والوں کے پاس واپس آنے میں اتنا وقت لگ جاتا ہے وہ رات کو 10 بجے گھر یا تھانے پہنچتے ہیں حکومت کو ایسے معاملات پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے اور عوام اور پولیس ملازموں کیلئے آسانی پیدا کرنی چاہیے جن لوگوں کو لاہور ہائی کورٹ طلب کریں وہ باقی سارے کام چھوڑ کر لاہور چلے جاتے ہیں جس کی وجہ سے بہت سارے کیس مزید لیٹ ہو جاتے ہیں اور زیادہ تر مدعی تھانوں میں خوار ہوتے رہتے ہیں اور بعد میں جا کر پتہ چلتا ہے SHO اور SI لاہور ہائی کورٹ چلے گئے ہیں اس ذلالت کو ختم کرنے کیلئے اگر حکومت گوجرانوالہ ہائی کورٹ کا بینچ بنادے تو گجرات والوں کیلئے بہت آسانی ہو جائے گی گجرات کے عوام نے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، چوہدری شافع حسین اور اعلیٰ عدالت ڈسٹرکٹ بار لاہور سے گزارش ہے کہ گجرات کے عوام اور پولیس کی مجبوریاں اور تکلیف کو مدِنظر رکھتے ہوئے تمام حکمرانوں کو اس بات پر متفق کریں تا کہ گجرات انتظامیہ اور عوام کیلئے اس پریشانی کا خاتمہ کیا جائے گجرات سے گوجرانوالہ ایک گھنٹے میں افسران پیش ہو کر واپس اپنے عدالتی کام اور مقدمہ کی طرف بھی توجہ دے سکے گے بہت سارے کیس جو اس وجہ سے لیٹ ہوتے ہیں بعض لوگوں کی ضمانتیں پینڈنگ ہو جاتی ہیں بعض کے چلان پیش نہیں ہو پاتے بعض مقدموں کے ریمانڈ نہیں لے پاتے اس طرح عوام کو بھی اور چھوٹے عملے یعنی کانسٹیبل کو خواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور دوسری طرف لاہور کا سفر بہت لمبا اور ڈیوٹی کرنے والے افسران کیلئے بھی بڑا تھکا دینے والا مسئلہ ہے اتنے لمبے سفر کے بعد بڑے افسران کے سامنے پیش اور جج صاحبان کے سامنے پیش ہونا ایک لمبے سفر سے تھکے ہوئے انسان نے کیا کارکردگی دکھانی ہے حکومت اور وزیر اعلیٰ پنجاب مہربانی فرما کر گجرات کے عوام پر ایک خاص شفقت کرتے ہوئے اور افسران کی کارکردگی کی بہتری کیلئے گوجرانوالہ میں ایک ہائی کورٹ کا بینچ بنایا جائے راستے میں اتنا رش ہوتا ہے اور یہ ہائی کورٹ 3 گھنٹے کا سفر اب 4 گھنٹے پر چلا گیا ہے جو افسران یا عوام 4 گھنٹے جاتے ہوئے اور 4 گھنٹے آنے میں لگائے گے وہ صبح کیا کام کریں گے یہ صرف تھکانے والا کام ہے اس سے ہزار درجہ بہتر ہے گوجرانوالہ میں ہائی کورٹ کا بینچ قائم کیا جائے۔ اب آتے ہیں خرچے کی طرف، پٹرول پر نظر ڈالے تو پٹرول چار سو روپے لیٹر ہے گجرات سے جو پرائیویٹ گاڑی لے کر جائے تو کم از کم 16 سے 18 ہزار روپے لگتے ہیں اس میں 10 ہزار روپے تو پٹرول کا خرچہ ہوتا ہے اگر شام تک رکنا پڑے تو 20 ہزار روپے خرچہ آتا ہیں بعض اوقات پولیس افسران کو پرائیوٹ گاڑی لے کر جانی پڑتی ہے کیونکہ سرکاری گاڑی بعض اوقات میسر نہیں ہوتی۔ وہ باقی معاملات میں مصروف ہوتی ہے تو سوچ پولیس افسران یہ 20 ہزار روپے والا خرچہ کس کے کھاتے میں ڈالے گے اور کہاں سے پیدا کریں گے ایسی ہی وجوہات کی بنا پر محکمے میں پیدا گیری کرنی پڑ جاتی ہے اور اس پیدا گیری کا نام رشوت کرپشن ہے اور اعلیٰ حکمرانوں کو چاہیے کہ ایسے معاملات پر سنجیدگی سے غور کریں پولیس افسران اور ملازمین کی مشکلات میں اضافہ نہ کریں بلکہ مشکلات کا حل کریں جہاں صوبے بنانے کی بات کی جا سکتی ہے تو وہاں بینچ کیوں نہیں بنایا جا سکتا جو وقت کی بہت اہم ضرورت ہے اور افسران بھی اعلیٰ حکمرانوں کو دعائیں دیں گے۔ اس مسئلے کے ساتھ ہزاروں مسائل جڑے ہوئے ہیں جن میں سے چند ایک بیان کئے گئے ہیں۔

> پولیس ملازم یا افسران سب کیلئے صبح 8 بجے لاہور پہنچنا ایک انتہائی مشکل عمل ہے مدعی اور ملزمان بھی تھانے سے SHO یا SI لاہور چلے جانے کی وجہ سے پورا دن ذلیل و خوار ہوتے ہیں

واٹر سپلائی کا بل ادا نہ ہونے پر جھمرہ کی عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئی

جھمرہ (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) جھمرہ میں واٹر سپلائی کا نظام بند ہونے کے باعث شہری شدید مشکلات اور پریشانی کا شکار ہو گئے جھمرہ کے شہریوں کے مطابق واٹر سپلائی کا بل ادا نہ ہونے کی وجہ سے پانی کی فراہمی متاثر ہوئی ہے جس کے باعث گھریلو ضروریات کے لیے پانی کا حصول بھی مشکل بنتا جا رہا ہے تفصیلات کے مطابق جھمرہ میں واٹر سپلائی کے ذریعے شہریوں کو باقاعدہ پانی کی فراہمی نہ ہونے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ کئی کئی دن گزرنے کے باوجود پانی میسر نہیں آتا جبکہ بعض اوقات پانی آنے کا وقت بتایا جاتا ہے لیکن مقررہ وقت پر بھی پانی فراہم نہیں کیا جاتا پانی کی قلت کے باعث شہریوں کو پینے کھانا پکانے صفائی اور دیگر روزمرہ ضروریات کے لیے متبادل ذرائع سے پانی حاصل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

شہر اور مضافات میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) شہر اور مضافات میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری کاروبار مفلوج اور مندے کا شکار ہو کر رہ گیے گھروں میں بجلی بند ہونے سے شہری مشکلات کا شکار بجلی بند ہوتے ہی مچھر یلغار کر کے سکون غارت کر دیتے ہیں لوڈشیڈنگ کے خلاف عوام کا پارہ ہائی ہو رہا ہے تفصیلات کے مطابق ایک جانب حکومت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

پنجاب میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے 15 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) پنجاب میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے 15 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی عوامی مقامات شاہراہوں یا کھلی جگہ پر 5 یا زائد افراد اجتماع جلوس یا اکٹھ پر مکمل پابندی عائد پابندی کا اطلاق شادی کی تقریبات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

جڑانوالہ، انسانی اسمگلر کاشف ریاض کروڑوں روپے لوٹ روپوش ہو گیا

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: تفصیلات کے مطابق جڑانوالہ میں انسانی اسمگلر کاشف ریاض شہریوں کو یورپین ممالک، سعودی عرب اور UAE بھجوانے کے سہانے خواب دیکھا کر سادہ لوح شہریوں کے کروڑوں روپے لوٹ روپوش ہو گیا۔ متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ کاشف ریاض نے شہروآنہ پل پر اپنا دفتر بنا رکھا تھا، جہاں وہ لوگوں کو بیرون (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

ڈسکہ شہر و گردونواح میں نرخ نامہ نظر انداز، سبزی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

ڈسکہ (نمائندہ سحر) ڈسکہ شہر و گردونواح میں نرخ نامہ نظر انداز، سبزی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ 200 روپے کلو سے کم پر کوئی سبزی نہیں، منڈی سے مہنگی مل رہی، دکانداروں کی دہائی، ڈسکہ شہر سمیت گردونواح میں سبزی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کے باعث، سبزی فروش سرکاری ریٹ لسٹ نظر انداز کر کے من مانے نرخ پر سبزی فروخت کر رہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق کا اسسٹنٹ کمشنر ثناء شرافت کے ہمراہ پسرور کا اچانک دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق کا اسسٹنٹ کمشنر ثناء شرافت کے ہمراہ پسرور کا اچانک دورہ کیا صفائی میں غفلت ڈپٹی کمشنر نے فیلڈ مانیٹرنگ آفیسر کو معطل کر دیا گیا ڈمپنگ پوائنٹ سمیت اندرون شہر کی گلیوں میں صفائی کی صورتحال کا جائزہ ستھرا پنجاب کے صفائی انتظامات غیر تسلی قرار مانیٹرنگ آفیسر معطل۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس، اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کے علاوہ تمام صوبائی اور وفاقی محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع میں سمگلنگ کے خاتمے، غیر قانونی پٹرول پمپس اور غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف کارروائیوں، بجلی چوری کی روک تھام اور تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کے امور کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ دینی مدارس کی رجسٹریشن کے عمل میں تیزی لانے اور اوورسیز پاکستانیوں کی موصول ہونے والی شکایات کے فوری اور شفاف حل کے لیے حکمت عملی طے کی گئی۔ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تمام ضلعی، صوبائی اور وفاقی ادارے باہمی کوارڈینیشن کو مضبوط بنائیں تا کہ عوامی مسائل کا حل تیزی سے ممکن ہو سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلا امتیاز یکساں کارروائی کی جائے گی۔ ڈپٹی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

منور حسین کو زیارت حرمین شریفین اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مقامی صحافی محمد یحییٰ کلیم مرزا نے اپنے صاحبزادے حافظ محمد عمر کے ہمراہ انہیں دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے گلدستہ پیش کیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے پریس ریلیز۔۔ ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالا ڈویژن منور حسین کو زیارت حرمین شریفین اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مقامی صحافی محمد یحییٰ کلیم مرزا نے اپنے صاحبزادے حافظ محمد عمر کے ہمراہ انہیں دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر محمد یحییٰ کلیم مرزا نے منور حسین کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین کی حاضری اور عمرہ کی سعادت اللہ تعالیٰ کی جانب سے عظیم نعمت اور سعادت ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ منور حسین کی عبادات، حاضری اور دعاؤں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور انہیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

والدین معاشرے اور حکومت سے اپیل کی ہے کہ اساتذہ کا احترام کریں، ملک لطیف شہزاد

پاکپتن (نامہ نگار) پنجاب ٹیچر یونین کے مرکزی صدر معروف ماہر تعلیم ملک لطیف شہزاد نے ٹیچر ڈے کے موقع پر اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے والدین معاشرے اور حکومت سے اپیل کی ہے کہ اساتذہ کا احترام کرے اور ان کی محنت کو سراہیں، حکومت پنجاب اساتذہ کو درپیش مسائل کو بہت جلدی حل کریں، اس موقع پر نصر اللہ خان ورک، میاں خدا بخش، صفدر علی شاہ، ضلعی صدر محمد افضل بھٹی، انصر جاوید ناز، محمد نذیر انجم، طاہر سعید سرور اور رانا غلام حسین خان و دیگر بھی موجود تھے، انہوں نے اساتذہ کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے محافظ ہیں، جن کی محنت اور لگن سے طلبہ اپنی زندگی میں کامیابی کی راہ وار کرتے ہیں، ایک استاد صرف علم فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ طلبہ کی شخصیت سازی اخلاقی تربیت اور ذہنی نشوونما میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، پنجاب ٹیچر یونین کے مرکزی صدر معروف ماہر تعلیم ملک لطیف شہزاد نے کہا کہ سنجیدہ ملکوں میں اساتذہ کا باقاعدہ پروٹوکول ہے مگر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

پتوکی میں پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار، عوام بوند بوند کو ترس گئے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی میں پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار، عوام بوند بوند کو ترس گئے تفصیلات کے مطابق پتوکی شہر اور گردونواح میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی ایک سنگین مسئلہ بن گئی ہے۔ شہریوں کے مطابق متعدد علاقوں میں صاف پانی میسر نہ ہونے کے باعث لوگ مہنگے داموں پینے کا پانی خریدنے پر مجبور ہیں، جبکہ کئی مقامات پر زیر زمین پانی بھی صحت کے لیے موزوں نہیں رہا مکینوں کا کہنا ہے کہ بعض علاقوں میں پانی کی فراہمی کا نظام ناقص اور پرانی لائنوں پر مشتمل ہے، جس کے باعث گندے پانی کی آمیزش کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی کہ متعلقہ اداروں کی جانب سے پانی کے معیار کو جانچنے اور فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر قصور، اسسٹنٹ کمشنر پتوکی اور متعلقہ بلدیاتی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

آئس کا نشہ قاتل ہے، ایک انسان نہیں پورا خاندان برباد ہوتا ہے، علی پور چٹھہ میں منشیات کے مبینہ پھیلاؤ پر شہریوں میں شدید تشویش

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) نشہ کوئی بھی ہو، زہر قاتل ہے، مگر آئس جیسے خطرناک نشے نے نوجوان نسل کے مستقبل کے حوالے سے خطرے کی گھنٹی بجادی ہے۔ ہیروئن، چرس، آئس، شراب، گٹکا اور دیگر منشیات نہ صرف انسانی صحت کو تباہ کرتی ہیں بلکہ ایک فرد کے ساتھ پورے خاندان کو ذہنی اذیت، معاشی مشکلات اور سماجی تباہی کی طرف دھکیل دیتی ہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ منشیات کا کاروبار محض چند افراد کی زندگیوں کا مسئلہ نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے مستقبل کا سوال ہے۔ چند لمحوں کی مصنوعی لذت کے عوض نوجوان اپنی صحت، تعلیم، روزگار، عزت اور مستقبل داؤ پر لگا دیتے ہیں، جبکہ اس کے تباہ کن اثرات والدین اور خاندان کو طویل عرصے تک برداشت کرنا پڑتے ہیں۔

علی پور چٹھہ میں مبینہ طور پر آئس سمیت مختلف منشیات کی دستیابی اور خرید و فروخت کی شکایات نے شہریوں کو شدید تشویش (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

ایس پی انوسٹی گیشن بہاولنگر شوکت علی کی جانب سے تھانہ صدر بہاولنگر میں کھلی کچہری

ایس پی انوسٹی گیشن بہاولنگر شوکت علی کی جانب سے تھانہ صدر بہاولنگر میں کھلی کچہری

بہاولنگر (بیورو رپورٹ + بیورو چیف جنوبی پنجاب رانا محمد اشرف + محمد جاوید چوہدری سے) ایس پی انوسٹی گیشن بہاولنگر شوکت علی کی جانب سے تھانہ صدر بہاولنگر میں کھلی کچہری تفصیلات کے مطابق ایس پی انوسٹی گیشن بہاولنگر شوکت علی نے آج بروز منگل تھانہ صدر بہاولنگر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے درپیش مسائل اور شکایات ایس پی انوسٹی گیشن کے سامنے پیش کیں۔ ایس پی انوسٹی گیشن شوکت علی نے شہریوں کے مسائل کو تفصیلاً سنا اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

عارف والہ میں فرائض میں غفلت اور لاپرواہی برتنے پر اے ایس آئی، محرر اور دو کانسٹیبلوں کے خلاف مقدمہ درج

عارف والہ (کرائم رپورٹر) پولیس کے اہلکاروں کے ہاتھوں ملزم فرار ہونے کا معاملہ، تفصیل کے مطابق، عارف والہ میں فرائض میں غفلت اور لاپرواہی برتنے پر اے ایس آئی، محرر اور دو کانسٹیبلوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا، پولیس تھانہ احمد یار نے زیر حراست ڈکیتی کے بلاول نامی ملزم کو عدالت کے حکم پر جوڈیشل ریمانڈ پر پاکپتن جیل منتقل کرنا تھا، پولیس نے ملزم کو سرکاری گاڑی کی بجائے ایک کانسٹیبل کیساتھ پرائیویٹ موٹر سائیکل پر بٹھا کر پاکپتن جیل روانہ کر دیا، پاکپتن جاتے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

جڑانوالہ: سوشل میڈیا پر خبر چلنے پر ایک روزہ آپریشن، اگلے ہی دن دوبارہ سٹال سج گئے

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: سوشل میڈیا پر خبر چلنے پر ایک روزہ آپریشن، اگلے ہی دن دوبارہ سٹال سج گئے۔ میونسپل کمیٹی افسران پر سٹالز سے مبینہ منتھلی لینے کے الزامات، نیا افسر آتے ہی تجاوزات میں اضافہ، شہری سراپا احتجاج شہر کہ مختلف بازار میں تجاوزات کے خلاف انتظامیہ کی جانب سے ایک روز آپریشن کیا گیا، جس کے دوران مختلف بازاروں سے سٹالز اٹھا دیے گئے، تاہم شہریوں کے مطابق کارروائی کے اگلے ہی روز وہی سٹال دوبارہ انہی مقامات پر لگا دیے گئے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ خبر چلنے پر ایکشن لیا گیا اور سٹالز صرف ایک دن کے لیے اٹھائے گئے، دوسرے ہی روز دوبارہ اسی جگہ سٹالز سج گئے۔ شہری سوال اٹھا رہے ہیں کہ اگر تجاوزات کے خلاف کارروائی واقعی سنجیدہ تھی تو سٹالز دوبارہ کس کی اجازت سے لگ گئے؟ جبکہ نئے تعینات ہونے والے اے سی ٹی کے آنے کے بعد شہر کے مختلف بازاروں میں سٹالز اور تجاوزات میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق اگر ایک سٹال سے مبینہ طور پر 2 ہزار روپے ماہانہ وصول کیے جائیں تو بڑی تعداد میں قائم سٹالز سے لاکھوں روپے بھاری رقم بنتی ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور اگر کوئی سرکاری اہلکار یا متعلقہ شخص غیر قانونی وصولی میں ملوث پایا جائے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ شہریوں کا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالا ڈویژن کے زیر اہتمام قرآنی خطاطی کی شاندار نمائش

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالا ڈویژن کے زیر اہتمام قرآنی خطاطی کی شاندار نمائش معروف کاتبِ قرآن محمد خاور جاوید بٹ کے فن پاروں نے نمائش کو روحانی و فنی حسن بخش دیا گوجرانوالا پنجاب کونسل آف دی آرٹس، گوجرانوالا ڈویژن کے زیر اہتمام معروف کاتبِ قرآن محمد خاور جاوید بٹ کے فن پاروں پر مشتمل قرآنی خطاطی کی شاندار نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ نمائش میں قرآنِ کریم کی آیات کو مختلف خوبصورت اور دلکش خطاطی کے انداز میں پیش کیا گیا، جس نے حاضرین کی خصوصی توجہ حاصل کی تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات، فنکاروں، ادیبوں، خطاطوں اور شہریوں نے شرکت کی اور نمائش میں رکھے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات مرکز	111-000-118
سوئی گیس شکایات مرکز	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگارام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بنک	35863950
ایدھی/بلڈ بنک	35417440

معاشرے کی ترقی استاد کی بدولت ہی ممکن ہوسکتی ہے، ڈاکٹر عابد علی عابد

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی ضلع ننکانہ کے زیر اہتمام علی ہسپتال پر ٹیچر ڈے کے حوالے سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں صوبائی چیئرمین مینارٹی ونگ سردار ہیرا سنگھ پنجابی چوہدری محمد اسلم گجر ڈاکٹر عابد علی عابد حاجی اعجاز مسعود ایڈووکیٹ رانا رفاقت علی انجم چوہدری عبدالرحمان شہباز مومن شہباز بھٹی اور سجاد جٹ نے شرکت کی اس موقع پر خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عابد علی عابد نے کہا کہ معاشرے کی ترقی استاد کی بدولت ہی ممکن ہوسکتی ہے ہمیں اساتذہ کا احترام کرنا چاہیے کیونکہ انہی کی بدولت طالب علم تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے ملک کی خدمت کر کے نام روشن کر سکتا ہے۔ اس موقع پر مرکزی چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی قاری عبدالرحمان قادری صاحب مرکزی صدر حافظ شاہد اشرف مرکزی جنرل سیکرٹری طاہر محمود سیالوی نے اپنے پیغام میں کہا کہ استاد کا احترام ہم پر لازم ہے جس پر عمل کر کے ہم اپنی قسمت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

ڈکیتی، راہزنی، چوری عروج پر، کئی شہری لٹ گئے، تشدد کا نشانہ بھی بنایا گیا

شیر گڑھ (نامہ نگار) ڈکیتی، راہزنی، چوری عروج پر، کئی شہری لٹ گئے؛ رپورٹ کیمطابق 3 کس نامعلوم مسلح آتشین اسلحہ ڈاکوں نے رات گئے محلہ شاہانہ میں راشد عرف کالا ولد ارشاد مہنگا راجپوت کے گھر میں داخل ہو کر موٹر سائیکل نمبری 5049/LEO.17A۔ مالیتی 36 ہزار، نقدی 18 ہزار اور ایک لاکھ مالیت کے 2 عدد موبائل و دیگر سامان لوٹ لیا اہل خانہ نے شور کرنا چاہا تو ان کو تشدد کا نشانہ بنایا ٹیپو شاہ ولد شاہد شاہ کے ڈیرہ سے ایک لاکھ مالیت کے اصیل مرغا اور مرغی سرقہ کر لئے اور گلی میں موجود کئی گھروں کے سی سی ٹی وی کیمروں کی تاریں کاٹ ڈالیں واضع رہے کہ اٹک و دیگر علاقوں میں لانگ مارچ ڈیوٹی پر تعیناتی کے باعث تھانہ جات میں نفری انتہائی کم ہو جانے کے سبب شیر گڑھ و گردونواح میں کرائم کی شرح بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے شہریوں نے اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے 15 پکار کی کال پر پولیس موقع ملاحظہ کیبعد مصروف کاروائی ہے۔

اوکاڑہ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی پپلی پہاڑ اور حویلی لکھا میں غیر قانونی ایل پی جی فلنگ شاپس کے خلاف گرینڈ آپریشن

اوکاڑہ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی پپلی پہاڑ اور حویلی لکھا میں غیر قانونی ایل پی جی فلنگ شاپس کے خلاف گرینڈ آپریشن

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی پپلی پہاڑ اور حویلی لکھا میں غیر قانونی ایل پی جی فلنگ شاپس کے خلاف گرینڈ آپریشن، 8 دکانیں سیل، مقدمات درج، شہریوں کی جانی و مالی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ سول ڈیفنس کی جانب سے پپلی پہاڑ اور حویلی لکھا کے علاقوں میں غیر قانونی ایل پی جی فلنگ شاپس کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا۔ اس دوران بغیر این او سی، ناقص سیکیورٹی انتظامات اور رہائشی علاقوں میں قائم 8 غیر قانونی ایل پی جی شاپس کو موقع پر ہی سیل کر دیا گیا۔ مزید برآں، قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی اور عوامی زندگیوں کو خطرے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

حکومت کی طرف سے عوامی فلاح و بہبود، انفراسٹرکچر کی بہتری، سڑکوں، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبوں پر توجہ دی جا رہی ہے' سیدہ نوشین افتخار

ڈسکہ (نمائندہ سحر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رہنما ممبر قومی اسمبلی سیدہ نوشین افتخار نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے عوامی فلاح و بہبود، انفراسٹرکچر کی بہتری، سڑکوں، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبوں پر توجہ دی جا رہی ہے جس کے مثبت اثرات بتدریج عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور عوامی سہولیات میں بہتری سے شہریوں کو ریلیف ملنے کیساتھ ساتھ معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہوتا ہے۔ بہتر سڑکیں، مواصلاتی نظام، صحت اور تعلیمی سہولیات کسی بھی علاقے کی مجموعی ترقی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہیں، حکومت کی جانب سے معاشی استحکام کے لیے کیے جانے والے اقدامات اسی وقت زیادہ موثر ثابت ہو سکتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران سیدہ نوشین افتخار نے کہا ہے کہ سیاسی قوتوں کو باہمی مشاورت کے ذریعے ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے کاروباری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں کو مسلسل چوتھی مرتبہ آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) تحصیل دیپالپور کا صدر منتخب کر لیا گیا

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں کو مسلسل چوتھی مرتبہ آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) تحصیل دیپالپور کا صدر منتخب کر لیا گیا اس حوالے سے ایپکا پنجاب کی جانب سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، جو میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں نے صدر ایپکا پنجاب چوہدری شفقت رسول سندھو سے وصول کیا اس موقع پر ایپکا کے عہدیداران اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں کے چوتھی مرتبہ صدر منتخب ہونے پر ایپکا تحصیل دیپالپور کے ملازمین اور مختلف سرکاری محکموں سے وابستہ ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ملازمین نے ان کے انتخاب کو ان کی سابقہ خدمات، ملازمین کے مسائل کے لیے آواز اٹھانے اور تنظیمی امور میں فعال کردار کا تسلسل قرار دیتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں نے ایپکا قیادت اور ملازمین کا اعتماد کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کے حقوق اور جائز مطالبات کے لیے آواز بلند کرنا ان کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ وہ اپنی ذمہ داری کو پہلے کی طرح خلوص، دیانت اور بھرپور محنت کے ساتھ نبھانے کی کوشش کریں گیا نہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین ریاستی نظام کا اہم حصہ ہیں اور ان کے مسائل کا بروقت حل نہ صرف ملازمین کے لیے ضروری ہے بلکہ اس سے سرکاری اداروں کی کارکردگی بھی بہتر ہوتی ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایپکا تحصیل دیپالپور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)



چلو چل کر، دہر سارا، اجالوں سے، سجا دیں ہم
شبِ ظلمت، بھگا دیں ہم، دیے سب کے، جلا دیں ہم
نگر اپنا، جہاں بھر میں، مثالی سا، بنا دیں ہم
وہ سارے ہی، گلے شکوے، گلے لگ کر، بھلا دیں ہم
یہ بالا خانے سب سارے، منقش گھر، منور در
زمانے سے، ستم کے سب، نشاں تک بھی، مٹا دیں ہم

شکر گڑھ میں 14 سالہ بچی سے مبینہ طور زیادتی پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) شکر گڑھ کی نواحی آبادی انتوالی میں ایک محنت کش کی 14 سالہ بیٹی سے مبینہ زیادتی کا واقعہ سامنے آیا ہے پولیس کے مطابق ملزم نعیم مبینہ طور پر گھر میں داخل ہوا اور بچی کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنایا متاثرہ بچی کے والد کا الزام ہے کہ واقعہ کسی کو بتانے پر ملزم نے بچی اور اہلخانہ کو جان سے مارنے کی مبینہ دھمکیاں دیں والدین کے مطابق طبی معائنے کے دوران بچی کے حاملہ ہونے کا بھی انکشاف ہوا ہے پولیس نے متاثرہ بچی کے والد کی مدعیت میں ملزم نعیم کے خلاف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

کوٹ رادھا کشن: نواحی گاؤں متا میں 10 سالہ بچے سے مبینہ بدفعلی، مقدمہ درج

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) نواحی گاؤں متا میں 10 سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کا افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے، جس کے بعد علاقے میں تشویش اور غم و غصے کی فضا پائی جاتی ہے۔ متاثرہ بچے کے والد کے مطابق مبینہ ملزم بچے کو پیسوں اور قلفی کا لالچ دے کر اپنے ساتھ لے گیا، جہاں اس نے مبینہ طور پر بچے کو زیادتی کا نشانہ بنایا۔ والد کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد بچے کو کسی کو بتانے کی صورت میں جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دی گئیں، جس کے باعث بچہ شدید خوفزدہ ہے۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

چوچک پولیس کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری

چوچک (نمائندہ خصوصی) چوچک پولیس کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں جاری انسپکٹر رؤف اسماعیل کی سربراہی میں تھانہ چوچک پولیس کی مؤثر کارروائی قتل کے مقدمہ میں عرصہ دراز سے مفرور اشتہاری ملزمان صداقت اور حماد گرفتار ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم اسد علی بھی پولیس کے ہاتھوں گرفتار گرفتار ملزمان عرصہ دراز سے پولیس کو مطلوب تھے، قانونی کارروائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

ASLAM
RAUF
SHO

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

اوکاڑہ میں پاکستان سولجر موومنٹ کے زیرِ اہتمام گرینڈ سیزن میں پروقار تقریب کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + شکیل احمد آصم)) اوکاڑہ میں پاکستان سولجر موومنٹ کے زیر اہتمام گرینڈ سیزن میں پروقار تقریب کا انعقاد، چیئرمین حاجی تاج محمد خان کی خصوصی شرکت، جبکہ صدر چوہدری عمار اجمل ارائیں کی قیادت میں شرکاء کا پاکستان سولجر موومنٹ اور پاک فوج کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار۔ اوکاڑہ میں پاکستان سولجر موومنٹ کے زیرِ اہتمام گرینڈ سیزن میں ہونے والی پروقار تقریب کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

اساتذہ کے عالمی دن پر گورنمنٹ ایم سی ہائی اسکول میں پروقار تقریب کا انعقاد

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) اساتذہ کے عالمی دن پر گورنمنٹ ایم سی ہائی اسکول میں پروقار تقریب کا انعقاد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر اور سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی تقریب میں گورنمنٹ ایم سی ہائی اسکول کی تقریب میں اساتذہ اور تعلیمی شخصیات نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو نے اساتذہ کو پھول اور سرٹیفکیٹس پیش کر کے خراجِ تحسین ادا کیا۔ اے ڈی سی سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا کہ اساتذہ ہمارے حقیقی ہیرو اور قوم کے معمار ہیں۔ کسی بھی معاشرے کی ترقی میں اساتذہ کا کردار سب سے اہم ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ ہمارے حقیقی ہیرو نسل نو کو علم کی روشنی سے منور کر رہے ہیں۔ معاشرے میں اساتذہ کا مقام سب سے بلند ہے اور ان کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔ استاد تعلیم کے ساتھ بچوں کی سیرت و کردار سازی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے حکومت پنجاب تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو نے کہا کہ قوموں کی ترقی کا راز اساتذہ کے احترام میں پنہاں ہے۔ اساتذہ کی بے لوث خدمات اور محنت کو سلام پیش کرتے ہیں اور پوری قوم اساتذہ کو اساتذہ کو خراج تحسین پیش کرتی۔

جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں خواتین کی محفلِ میلاد کا انعقاد

صحت مند پنجاب
صحت مند پاکستان

پنجاب فوڈ اتھارٹی گجرات کی ٹیموں نے ضلع بھر میں مختلف مقامات پر 51 انسپیکشنز کیے

پنجاب فوڈ اتھارٹی گجرات کی ٹیموں نے ضلع بھر میں مختلف مقامات پر 51 انسپیکشنز کیں

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی گجرات ضلع بھر میں کارروائیاں پنجاب فوڈ اتھارٹی گجرات کی ٹیموں نے ضلع بھر میں مختلف مقامات پر 51 انسپیکشنز کیے۔ خلاف ورزیوں پر 25 امپروومنٹ نوٹس جاری کیے گئے، جبکہ 5 جرمانے عائد کر کے مجموعی طور پر 95 ہزار روپے جرمانہ وصول کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 32 لیٹر مضرِ صحت اور بدبودار تیل اور ایک کلوگرام زائد المیعاد اشیائے خورونوش موقع پر تلف کر دی گئیں۔

جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں خواتین کی محفلِ میلاد کا انعقاد

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں خواتین کی محفلِ میلاد کا انعقاد۔ گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں خواتین کے لیے ایک بابرکت اور باوقار محفلِ میلاد کا انعقاد کیا گیا۔ اس محفل کا اہتمام سنٹر آف ایکسیلینس فار سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، نیشنل رحمۃ للعالمین و خاتم النبیین اتھارٹی پاکستان، ادارہ عربی و علومِ اسلامیہ اور ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز کے باہمی اشتراک سے کیا گیا۔ محفل میں یونیورسٹی کی فیکلٹی ممبران، طالبات اور دیگر خواتین نے شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد سیرتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرنا، محبت و عقیدت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فروغ دینا اور بالخصوص طالبات کو حیاتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اعلیٰ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایت پر محکمانہ امور اور شعبہ جاتی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے ایک اہم اجلاس منعقد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایت پر محکمانہ امور اور شعبہ جاتی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے ایک اہم اجلاس ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف شعبہ جات کی کارکردگی، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

بجلی چوری ایک جرم ہے، کوئی قانون سے بالاتر نہیں، بجلی چوروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی، ایکسین انجینئر محمد جمال

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) ایکسین انجینئر محمد جمال نے کہا ہے کہ بجلی چوری ایک سنگین جرم ہے اور اس میں ملوث کسی بھی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا۔ بجلی چوری نہ صرف قومی خزانے کو نقصان پہنچاتی ہے بلکہ اس کے باعث ایمانداری سے بجلی کے بل ادا کرنے والے صارفین کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی چوری کے خاتمے کے لیے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں اور بجلی چوروں کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے صدر و ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ عمران زاہد کھوکھر اور جنرل سیکرٹری حاجی غلام یسین کھوکھر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایکسین محمد جمال نے ٹی اے ایکسین رانا وقاص احمد اور ایل ایس ون شکیل احمد سجاد احمد ڈھکو میٹر انسپکٹر کے ہمراہ مزید گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صارفین بجلی کے غیر قانونی استعمال اور کنڈا کلچر سے اجتناب کریں اور کسی بھی قسم کی بجلی چوری کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے اور صارفین کو ریلیف دینے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

نعت خوان شہزاد حنیف مدنی کیخلاف امانت میں خیانت اور دھوکہ دہی کے تحت کارروائی کا آغاز

شیر گڑھ (نامہ نگار) نعت خوان شہزاد حنیف مدنی کیخلاف امانت میں خیانت اور دھوکہ دہی کے تحت کارروائی کا آغاز؛ ایڈوانس کے باوجود محفل نعت میں نہ آنے سے سبکی ہوئی؛ وزیر اعلیٰ نوٹس لیں؛ رپورٹ کیمطابق 34 ون اے ایل شیر گڑھ کے زمیندار ارشد ولد منور حسین قوم بھٹہ نے سالانہ محفل نعت میں پاکستان کے معروف نعت خوان شہزاد حنیف مدنی مغل کو مدعو کر کے ان سے باقاعدہ ایگریمنٹ/اپوائٹمنٹ حاصل کی اور مبلغ دس ہزار روپے بطور امانت ایڈوانس انکے نمبر پر آن لائن بھجوا دیئے بانی محفل محمد ارشد نے الیکٹرانک میڈیا، پرنٹ میڈیا، سوشل میڈیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس نے ماہ ستمبر 2026 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس نے ماہ ستمبر 2026 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا، 189 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 189 منشیات فروش گرفتار کئے۔ بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد ہوئی۔ بہاولپور سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈی پی او رانا عبدالوہاب تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی زیر کمانڈ بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 189 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 189 ملزمان کو بند حوالات کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 26 کلو 270 گرام چرس، 30 کلو 872 گرام کرسٹل آئس، 24 کلو سے زائد بھنگ، 2813 (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

میٹرو بس پراجیکٹ روٹس کی زد میں آنے والے 795 بڑے درختوں کی ری پلانٹنگ کا عمل تیزی سے جاری

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) میٹرو بس پراجیکٹ روٹس کی زد میں آنے والے 795 بڑے درختوں کی ری پلانٹنگ کا عمل تیزی سے جاری ہے اس ضمن میں 222 درخت ری پلانٹ ہو چکے جبکہ باغ جناح میں مزید 128 پرانے درخت اس ہفتہ میں ری پلانٹ کر دیئے جائیں گے۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے باغ جناح کا دورہ کیا اور درختوں کو ری پلانٹ کرنے کے عمل کا جائزہ لیا۔ ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی دلاور خان اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

سیالکوٹ بھر میں جگہ جگہ سوئی گیس کی کھدائی اور مبینہ وصولیوں پر شہریوں کے تحفظات

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سیالکوٹ بھر میں جگہ جگہ سوئی گیس کی کھدائی اور مبینہ وصولیوں پر شہریوں کے تحفظات۔ تفصیلات کے مطابق ضلع سیالکوٹ میں سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کی جانب سے مختلف علاقوں میں کھدائی اور مرمتی کام کے حوالے سے شہریوں نے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بعض مقامات پر سڑکوں کی کھدائی کے بعد انہیں مکمل طور پر بحال نہ کیے جانے کے باعث آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ متاثرہ شہریوں کے مطابق بعض مبینہ مرمتی کاموں کے دوران شہریوں سے اخراجات کے نام پر رقم بھی طلب کی جاتی ہے شہریوں نے الزام عائد کیا کہ چندروز قبل حکیم خادم علی روڈ پر علامہ اقبال کالج کے بالمقابل گیس لیکج کی شکایت پر سوئی گیس کے عملے نے کھدائی کی، تاہم کام مکمل ہونے کے بعد سڑک کو سابقہ حالت میں بحال نہیں کیا گیا شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ سڑک کی مکمل بحالی کا مطالبہ کرنے پر مبینہ طور پر ان سے 5 ہزار روپے وصول کیے گئے اور انہیں یقین دہانی کرائی گئی کہ باقی اخراجات محکمہ کے فنڈز سے پورے کر کے کام مکمل کر دیا جائے گا، تاہم رقم وصول کیے جانے کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

ٹرک ڈرائیور کو نیند آنے سے ٹرک سامنے سے آنے والی کار سے جاٹکرایا، میاں بیوی جاں بحق

خانیوال (نامہ نگار) ٹرک ڈرائیور کو نیند آنے سے ٹرک سامنے سے آنے والی کار سے جاٹکرایا، ٹریفک حادثہ میں میاں بیوی جاں بحق، نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے ٹرک قبضہ میں لے کر تحقیقات شروع کر دیں تفصیلات کے مطابق وہاڑی خانیوال روڈ پر خطرناک روڈ ایکسیڈنٹ میں میاں اور بیوی جان کی بازی ہار گئے، گزشتہ صبح خانیوال میں وہاڑی روڈ پر تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے کار سوار میاں اور بیوی جاں بحق ہو گئے حادثہ ٹرک ڈرائیور کی دوران ڈرائیونگ نیند کی وجہ سے پیش آیا، متوفی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے صبح سویرے تحصیل سیالکوٹ اور سمبڑیال کا اچانک دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے صبح سویرے تحصیل سیالکوٹ اور سمبڑیال کا اچانک دورہ کیا اور مختلف علاقوں میں صفائی کے انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سیالکوٹ میں مواضع ہڑر، بھڑتھ اور بھوتھ جبکہ سمبڑیال سٹی اور بھوپالوالہ میں صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران مختلف مقامات پر نالیوں کی صفائی نہ ہونے اور کوڑے کے ڈھیروں کی موجودگی پر ڈپٹی کمشنر نے برہمی کا اظہار کیا اور متعلقہ افسران وعملہ کو صفائی کے معیار میں فوری بہتری لانے کی ہدایت کی۔ ناقص کارکردگی پر ڈسٹرکٹ مینیجر کی سرزنش کرتے ہوئے کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت کی گئی جبکہ ایک فیلڈ مانیٹرنگ آفیسر کو ناقص کارکردگی پر ملازمت سے فارغ اور دو فیلڈ مانیٹرنگ افسران کو معطل کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے کہا کہ صفائی کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، صفائی میں غفلت برتنے والے افسران و اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے صبح سویرے تحصیل سیالکوٹ اور سمبڑیال کا اچانک دورہ کیا

قابلِ قدر شخصیات میں ڈاکٹر سہیل فاروق صاحب، چیف ایگزیکٹو آفیسر علی احمد ہسپتال اور ضلعی صدر الخدمت جھنگ کا نام نمایاں

رپورٹ (رانا علی رضا، بیورو چیف جھنگ) جھنگ کی سرزمین پر ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ خدمتِ انسانیت کو اپنا مشن سمجھ کر انجام دے رہے ہیں۔ انہی قابلِ قدر شخصیات میں ڈاکٹر سہیل فاروق صاحب، چیف ایگزیکٹو آفیسر علی احمد ہسپتال اور ضلعی صدر الخدمت جھنگ کا نام نمایاں ہے۔ علی احمد ہسپتال میں مریضوں کی بہتر نگہداشت اور علاج معالجے کے لیے ان کی کاوشیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

گرداور غلام مرتضیٰ جنجوعہ نائب تحصیلدار کے عہدے پر ترقی پا گئے

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) کمشنر فیصل آباد عمران حامد شیخ نے تحصیل شورکوٹ کے گرداور غلام مرتضیٰ جنجوعہ کو نائب تحصیلدار کے عہدے پر ترقی دے دی غلام مرتضیٰ جنجوعہ کی ترقی پر شورکوٹ کے عوامی، سماجی اور مختلف حلقوں نے انہیں مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے رانا شاہد محمود اور ممبر امن کمیٹی رائے ایاز اکبر سمیت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت محکمہ لائیوسٹاک اور محکمہ زراعت کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے اجلاس منعقد

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) منعقد ہونے والے اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عدنان رشید، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد طارق اسماعیل، ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر حق نواز علی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لائیوسٹاک فہد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید، ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن، پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول شکیل احمد اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد اویس نے شرکت کی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ محکمہ لائیوسٹاک اور محکمہ زراعت کے تمام فیلڈ افسران فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور کسانوں و مویشی پال حضرات کو بروقت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

SAHIWAL DIVISI

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت محکمہ لائیوسٹاک اور محکمہ زراعت کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے اجلاس منعقد

ٹی ایچ کیو ہسپتال اور تحصیل رینالہ خورد عطائیوں کے نرغے میں عطائیوں نے عوامی جانوں اور صحت سے کھلواڑ کرنا معمول بنالیا

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) ٹی ایچ کیو ہسپتال اور تحصیل رینالہ خورد عطائیوں کے نرغے میں عطائیوں نے عوامی جانوں اور صحت سے کھلواڑ کرنا معمول بنالیا عطائی تحصیل ہسپتال میں بھی گھس گیے محکمہ صحت اوکاڑہ اور ڈپٹی ڈی ایچ او رینالہ خورد لمبی تان کر سو گئے شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر صحت سے عطائیوں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق سی او ڈی ایچ او محکمہ صحت اوکاڑہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ رینالہ خورد بے بس یا مفادات اور مبینہ طور پر منتھلیوں کا شکار ہو کر رہ گیے جسکے باعث تحصیل رینالہ خورد بھر میں عطائیت نے اپنے پنجے گاڑھ لیے ہیں عطائیت یک بعد دیگرے واقعات نے عوام میں خوف ہراس پھیلا کر رکھ دیا ہے شوکت آباد موڑ پر قائم پرائیویٹ ہسپتال کے مبینہ عطائی ڈاکٹرز نے ختنے کرنے کے دوران بچے کو مردانہ صفات سے محروم کر دیا جسپر مقدمہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور میں ایسوسی ایٹ ایڈوائزر باسط عزیز خان جھیڈو کی زیر صدارت میپکو سے متعلق 53 مقدمات کی سماعت

بہاولپور (محمد اسد بھٹہ سے) وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور میں ایسوسی ایٹ ایڈوائزر باسط عزیز خان جھیڈو کی زیر صدارت میپکو سے متعلق 53 مقدمات کی سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران دنیا پور، چشتیاں اور ہارون آباد میپکو ڈویژنز کے ایکسینز اور متعلقہ افسران پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران شکایات کا موقع پر ازالہ کرتے ہوئے سائلین کو مجموعی طور پر 17 لاکھ روپے کا ریلیف فراہم کیا گیا، جبکہ متعدد صارفین کے خراب میٹر تبدیل، ٹرانسفارمرز کی استعداد میں اضافہ اور غیر قانونی ڈیٹیکشن بل ختم/درست کرنے کے احکامات پر عملدرآمد کرایا گیا۔ سائلین نے وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کی بروقت کارروائی اور ریلیف پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر میپکو افسران کو ہدایت کی گئی کہ صارفین کے مسائل کے حل میں بلاوجہ تاخیر نہ کی جائے اور میپکو دفاتر میں عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر فوری حل کیا جائے تاکہ سائلین کو بار بار دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔ ایسوسی ایٹ ایڈوائزر باسط عزیز خان جھیڈو نے کہا کہ وفاقی محتسب کی ترجیح عوام کو فوری اور شفاف انصاف ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے۔ یہ اقدامات وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ اور ساتھ پنجاب کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر زاہد ملک کی عوامی ریلیف اور فوری دادرسی کے وژن کے مطابق جاری ہیں۔

ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے سیف سٹی فیصل آباد کا دورہ کیا۔ سیف سٹی پہنچنے پر ایس ایس پی سیف سٹی رضا اللہ، ڈی ایس پی عامر سلطان اور سیف سٹی ٹیم نے ان کا استقبال کیا

فیصل آباد (میاں ندیم احمد بیورو چیف) ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے سیف سٹی فیصل آباد کا دورہ کیا۔ سیف سٹی پہنچنے پر ایس ایس پی سیف سٹی رضا اللہ، ڈی ایس پی عامر سلطان اور سیف سٹی ٹیم نے ان کا استقبال کیا۔ آر پی او انعام الرحمٰن ملک نے سیف سٹی کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ ایس ایس پی سیف سٹی رضا اللہ نے آر پی او انعام الرحمٰن ملک کو سیف سٹی کے انتظامی و مانیٹرنگ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور سیف سٹی کیمروں کے ذریعے جرائم کی نگرانی، مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی اور کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی صورت میں فوری پولیس رسپانس کے طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا۔ اس موقع پر آر پی او انعام الرحمٰن ملک نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

محلّہ مشتاق نگر میں مبینہ طور پر نشہ کے عادی افراد نے نوجوان کو چھری کے وار کر کے موت کے منہ میں دھکیل دیا

عارف والہ (کرائم رپورٹر) نشہ ایک لعنت، زندگی موت کا دردناک کھیل، انجام موت، تفصیل کے مطابق، عارف والہ محلّہ مشتاق نگر میں رات کے وقت نوجوان کی ہلاکت کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، محلّہ مشتاق نگر میں مبینہ طور پر نشہ کے عادی افراد نے نوجوان کو چھری کے وار کر کے موت کے منہ میں دھکیل دیا، محلّہ محمد پورہ کے رہائشی محنت کش محمد رزاق کے بیٹا علی آفتاب کو دو نامعلوم افراد نے قتل کر دیا، تھانہ سٹی نے مقتول کے والد محمد رزاق کی مدعیت میں دو نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، نشئی افراد کے ہاتھوں ماضی میں بھی ایسے افسوسناک واقعات ہو چکے ہیں، اس ایشو پر لوگوں میں خوف و ہراس بھی پایا جاتا ہے، عوامی حلقوں نے ڈی پی او پاکپتن جاوید اقبال چدھڑ سے اس صورتحال کا جائزہ لینے کا پرزور مطالبہ کیا ہے، یاد رہے کہ کچھ عرصہ قبل ایسے ہی واقعات پر ڈی پی او پاکپتن جاوید اقبال چدھڑ نے عارف والہ شہر میں نشہ کرنے والے افراد کے خلاف کریک ڈاؤن بھی کیا تھا۔

ملک میں ترقی اور عوامی فلاح کا جاری عمل مزید تیز کیا جا رہا ہے، ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر نے کہا ہے کہ ملک میں ترقی اور عوامی فلاح کا جاری عمل مزید تیز کیا جا رہا ہے، حکومت کی ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، معیشت کی مضبوطی، روزگار کے مواقع میں اضافہ اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے ذریعے عام آدمی کے معیارِ زندگی میں بہتری لانا ہے، عوامی خوشحالی حکومت کا مشن ہے جس کی تکمیل میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی اور قوم سے کیے گئے وعدوں کو مرحلہ وار عملی شکل دینے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے وفاقی حکومت سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری ماحول میں بہتری، صنعتی سرگرمیوں کے پھیلاؤ اور نجی شعبے کے لیے سازگار مواقع پیدا کرنے پر توجہ دے رہی ہے، زیادہ سے زیادہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری پاکستان میں آئے گی تو نئی صنعتیں قائم ہوں گی، کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے حکومت کی معاشی پالیسیوں کا مقصد محض اعداد و شمار میں بہتری لانا نہیں بلکہ معیشت کے مختلف شعبوں کو مضبوط بنا کر اس کے ثمرات عوام تک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

انجمن تاجران اوکاڑہ کے صدر شیخ محمد ریاض کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) انجمن تاجران اوکاڑہ کے صدر شیخ محمد ریاض کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر انجمن تاجران شیخ محمد ریاض کو خصوصی طور پر مبارکباد دی اور پھولوں کے تحائف پیش کرتے ہوئے ان کے لئے

مبارکباد تفصیلات کے مطابق انجمن تاجران رینالہ خورد کے ایک وفد جس میں چوہدری شوکت رسول۔ چوہدری ندیم اکرم۔ سرفراز انجم۔ آصف مون بھٹی۔ چوہدری محمد عابد اور رانا ظہیر شامل تھے انہوں نے گزشتہ روز عمرہ کی سعادت حاصل کر کے وطن واپس لوٹنے پر صدر اوکاڑہ نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کی یہ حاضری قبول فرمائیں جس کے بعد شیخ محمد ریاض نے انجمن تاجران رینالہ خورد کے عہدیداران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لئے خصوصی دعا بھی کی کہ خداوند کریم ان کو بھی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

بہاول شیر پریس کلب کے صدر، ممتاز قانون دان اور معروف سماجی شخصیت **رانا نعمان علی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ** کی رہائش گاہ پر بالیدہ بخت بیٹے کی آمد

حجرہ شاہ مقیم (مہر مشتاق احمد) بہاول شیر پریس کلب کے صدر، ممتاز قانون دان اور معروف سماجی شخصیت **رانا نعمان علی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ** کی رہائش گاہ پر بالیدہ بخت بیٹے کی آمد ہوئی ہے، جس پر ضلع بھر کے صحافتی، قانون دان، سیاسی اور سماجی حلقوں میں مسرت و شادمانی کی لہر دوڑ گئی۔ صاحبزادے کی ولادتِ باسعادت کی مسرت کن خبر منظرِ عام پر آتے ہی اہل و عیال، عزیز و اقربا اور برادری کے ممبران نے رب العزت کی بارگاہ میں شکرانے کے نوافل ادا کیے۔ نوزائیدہ کی صحت، سلامتی اور درازی عمر کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں اور مبارکباد دینے والوں کی آمد کا تانتا بندھ گیا۔

:بحالی صوبہ بہاولپور کور کمیٹی کا اہم اجلاس، تحریک کو مزید فعال بنانے کا فیصلہ

(بہاولپور سے) بیورو چیف جنوبی پنجاب رانا محمد اشرف: بحالی صوبہ بہاولپور کور کمیٹی کا اہم اجلاس، تحریک کو مزید فعال بنانے کا فیصلہ بہاولپور: بحالی صوبہ

بہاولپور کور کمیٹی کا اہم اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر شازیہ نورین زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں تحریک کو مزید فعال بنانے، تنظیمی سرگرمیوں اور عوامی رابطہ مہم کو وسعت دینے سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں نے بحالی صوبہ بہاولپور کور کمیٹی کی تحریک کے آئندہ لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا اور تحریک کو مؤثر انداز میں منظم کرنے کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں اکرم انصاری، ملک ارشد، عامر حسین غوری، عبدالمجید، محمد خلیق عدنان حسین غوری، ڈاکٹر محمد اکرم، حافظ محمد عبدالرحمٰن، حبیب رضا اور نسرین انور سمیت دیگر عہدیداران و کارکنان نے شرکت کی۔ اجلاس میں شرکاء نے اس

پروفیسر عثمان حیدر یلدرم کے حوالے سے ''باکمال استاد ورسز عزت کا متلاشی استاد'' کے موضوع پر ایک اہم تعلیمی پیغام

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) سپیریئر کالج جھنگ کے پرنسپل پروفیسر عثمان حیدر یلدرم کے حوالے سے ''باکمال استاد ورسز عزت کا متلاشی استاد'' کے موضوع پر ایک اہم تعلیمی پیغام سامنے آیا ہے، جس میں استاد کے کردار، ذمہ داریوں، طلبہ کی تربیت اور پیشہ ورانہ رویے کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ اس پیغام میں استاد کی دو مختلف طرز فکر کو نمایاں کیا گیا ہے۔ باکمال استاد اپنی قابلیت، علم، کردار، محنت، اخلاق اور طلبہ کی بہترین تربیت کے ذریعے پہچانا جاتا ہے، جبکہ عزت کا متلاشی استاد اپنی ذمہ داریوں اور عملی کردار سے زیادہ دوسروں سے عزت و توصیف کی توقع رکھتا ہے۔ ایک حقیقی معلم اپنی تدریسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

نئی سبزی منڈی کے قریب سلپ فیس کی وصولی کے معاملے پر دو فریقین کے درمیان تنازع کے دوران فائرنگ کا واقعہ

عارف والہ (نمائندہ خصوصی) عارف والہ نئی سبزی منڈی کے قریب سلپ فیس کے تنازع پر فائرنگ، تفصیل کے مطابق، عارف والہ نئی سبزی منڈی کے قریب سلپ فیس کی وصولی کے معاملے پر دو فریقین کے درمیان تنازع کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں 22 سالہ اشفاق ولد محمد ریاض، سکنہ چک 63/ای بی کے دائیں ہاتھ پر گولی لگی، زخمی کو طبی امداد کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال عارف والا منتقل کر دیا گیا۔ واقعہ میں ایک شخص شدید جبکہ دو معمولی زخمی ہوئے، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

تنویر احمد غزالی کو بہترین CEO ایجوکیشن کا ایوارڈ، گولڈ میڈل سے نوازا گیا

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) سیکرٹری اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی جانب سے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن و ڈسٹرکٹ ایجوکیشن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

بہترین معلم ڈاکٹر ناصر حسین کو ہیرو ایوارڈ ملنا اہلِ موہلنوال کے لیے اعزاز ہے: عبدالرشید مغل



چوہنگ (نامہ نگار) گورنمنٹ ہائی سکول موہلنوال کے قابل اور محنتی استاد ڈاکٹر ناصر حسین کو حکومتِ پنجاب کی جانب سے بہترین تعلیمی خدمات کے اعتراف میں ہیرو ایوارڈ سے نوازے گیا۔ 5 اکتوبر یومِ اساتذہ کے موقع پر حکومت پنجاب کی جانب سے منعقدہ پروقار تقریب میں وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات، سیکرٹری ایجوکیشن پنجاب اور ڈپٹی کمشنر لاہور سمیت دیگر افسران نے شرکت کی، جہاں ڈاکٹر ناصر حسین کو ان کی شاندار تدریسی خدمات کے اعتراف میں اعزاز سے نوازا گیا۔ اس موقع پر عبدالرشید مغل نائب صدر پریس کلب چوہنگ نے اپنے بیان میں کہا کہ ڈاکٹر ناصر حسین کو حکومت پنجاب کی جانب سے ہیرو ایوارڈ ملنا نہ صرف ان کے لیے بلکہ گورنمنٹ ہائی سکول موہلنوال کے تمام اساتذہ، طلبہ اور اہلِ موہلنوال کے لیے بھی باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہترین اساتذہ قوم کے معمار ہوتے ہیں جو اپنی محنت، خلوص اور صلاحیتوں سے نسلوں کا مستقبل سنوارتے ہیں۔

تحصیل اسیسمنٹ بورڈ کا اجلاس، 89 افراد کو معذور قرار دے دیا گیا

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) تحصیل اسیسمنٹ بورڈ برائے معذور افراد کا اجلاس تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال

MONTHLY MEETING
E-Biz Portal

شورکوٹ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ماریہ امداد نے کی اجلاس میں آرتھوپیڈک سرجن ڈاکٹر محمد فہد مقبول، ڈاکٹر محمد عفنان حنیف، آئی اسپیشلسٹ ڈاکٹر رحمت اللہ شیخ، نمائندہ ٹی ای وی ٹی اے شورکوٹ خلیل الرحمٰن، سوشل نیڈ آفیسر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

ایسوسی ایشن فلاح کمبوہاں کوٹ رادھا کشن کی طرف سے چوہدری شکیل احمد کی بیٹی اور چوہدری لالا عبدالرشید کی پوتی ایشال فاطمہ کو میٹرک میں بہترین کارکردگی پر اسناد اور نقد پرائز سے بچی کی حوصلہ افزائی کی گئی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) ایسوسی ایشن فلاح کمبوہاں کوٹ رادھا کشن کی طرف سے چوہدری شکیل احمد کی بیٹی اور چوہدری لالا عبدالرشید کی پوتی ایشال فاطمہ کو میٹرک میں بہترین کارکردگی پر اسناد اور نقد پرائز سے بچی کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس موقع پر ایسوسی ایشن فلاح کمبوہاں کوٹ رادھا کشن کے چیئرمین حاجی خالد محمود کمبوہ۔ ایسوسی ایشن فلاح کمبوہاں کے صدر چوہدری محمد عالم، اور سرپرست اعلیٰ چوہدری عبدالرشید، اور ایسوسی ایشن کے تمام ممبران نے بچی کو مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر چیئرمین خالد محمود نے کہا کہ ہماری نیک تمنائیں اور دعائیں بچی کے ساتھ ہیں اللہ پاک ہماری اس بچی کو تعلیم کے میدان میں کامیابی اور کامرانی عطا فرمائے۔ ایسوسی ایشن فلاح کمبوہاں کے صدر چوہدری محمد عالم نے کہا کہ ہماری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں پاسکو سے متعلق امور، گندم کی خریداری و ذخیرہ اور دیگر متعلقہ معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں پاسکو سے متعلق امور، گندم کی خریداری و ذخیرہ اور دیگر متعلقہ معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، پاسکو زونل مینیجر محمد ذیشان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ کسانوں کے مفادات کا تحفظ اور انہیں حکومتی پالیسیوں کے مطابق سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پاسکو سے متعلق تمام معاملات میں شفافیت، میرٹ اور مقررہ قواعد وضوابط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا کہ ضلعی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

وزیر اعلیٰ پنجاب ہونہار انڈر گریجویٹ اسکالرشپ کے تحت طلبہ و طالبات میں اسکالرشپس تقسیم

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے گورنمنٹ مرے گریجویٹ کالج سیالکوٹ میں وزیر اعلیٰ پنجاب ہونہار انڈر گریجویٹ اسکالرشپ کے تحت طلبہ و طالبات میں اسکالرشپس تقسیم کیں، جبکہ کالج میں 60 کلوواٹ سولر سسٹم اور ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح بھی کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے کالج میں اردو بلاک تعمیر کرنے کا اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت پنجاب نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے بہترین مواقع فراہم کرنے اور باصلاحیت طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ہونہار اسکالرشپ پروگرام کا مقصد ذہین اور مستحق طلبہ کو اعلیٰ تعلیم جاری رکھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ صوبائی وزیر نے اسکالرشپ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

اساتذہ نہ صرف علم کے علمبردار بلکہ معاشرے کی فکری، اخلاقی اور روحانی تربیت کے معمار ہوتے ہیں، علامہ عبدالرشید

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی اور خالد محمود اعظم آبادی نے یوم اساتذہ کی مناسبت سے اپنے ایک بیان میں کہا کہ معاشرے کی اصلاح اور قوموں کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ دنیا کے سب سے بڑے استاد معلم کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت ہے۔ جنہوں نے ذلت و رسوائی اور گمراہی میں ڈوبی ہوئی قوم کو کتاب و حکمت سکھا کر دنیا کا رہبر و رہنما بنا دیا تھا۔ آج ہم سب دینی و دنیاوی معزز اساتذہ کرام کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں۔ علامہ عبدالرشید حجازی کا کہنا تھا کہ اساتذہ نہ صرف علم کے علمبردار بلکہ معاشرے کی فکری، اخلاقی اور روحانی تربیت کے معمار ہوتے ہیں۔ ان کی محنت اخلاص اور محبت ہی وہ سرمایہ ہے جو قوموں کی زندگی بدل دیتا ہے۔ آج کے پرفتن دور میں اساتذہ کی خدمات بالخصوص دینی مدارس کے اساتذہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

سیالکوٹ: صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام وزیر اعلیٰ پنجاب ہونہار انڈر گریجویٹ اسکالرشپ کے تحت طلبہ و طالبات میں اسکالرشپس تقسیم کرتے ہوئے

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہریوں کے مسائل، شکایات اور درخواستوں کی براہِ راست سماعت کے لیے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی شہریوں سے براہِ راست ملاقات، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہریوں کے مسائل، شکایات اور درخواستوں کی براہِ راست سماعت کے لیے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی۔

SEDP
Tanvir Ahmad Ghazali
CEO JHANG

تنویر احمد غزالی کو بہترین CEO ایجوکیشن کا ایوارڈ، گولڈ میڈل سے نوازا گیا

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

وزیراعظم کی پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیشکش

وزیراعظم شہباز شریف نے پی ٹی آئی کو مذاکرات کی مشروط دعوت دے دی۔ وفاقی دارالحکومت میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان تحریک انصاف کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ مارچ اور دھرنوں کے خاتمے کے بعد ہی بات چیت کا عمل ممکن ہو سکے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ڈھائی سال کی انتھک محنت اور ٹیم ورک کے نتیجے میں ملکی معیشت کو مستحکم کیا گیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بڑی مشکل سے حاصل ہونے والا میکرو اکنامک استحکام قوم کی آواز اور پاکستان کی عظمت کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ مذاکرات کو کامیاب بنانے کی تمام کوششیں بار آور ثابت نہ ہو سکیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایک جانب ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے تو دوسری جانب احتجاج کے باعث برآمدات، درآمدات اور مینوفیکچرنگ سیکٹرز شدید متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ دھرنوں اور احتجاج کی سیاست کا براہ راست نشانہ ملکی معیشت بنے گی۔ وزیراعظم نے سوال اٹھایا کہ کیا ترقی کے پہیے کو دوبارہ جام کرنا ملک دشمنی نہیں ہے؟ انہوں نے اپوزیشن پر زور دیا کہ ہوش کے ناخن لیں اور ملک کی عالمی ساکھ کو داؤ پر لگانے سے گریز کریں۔ جبکہ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا تھا، تاہم وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ مذاکرات میں شامل اپوزیشن کے لوگ اپنی پارٹی اور سوشل میڈیا کی تنقید کے زیر اثر آتے ہیں۔ مذاکرات کے پہلے دن حکومت کی جانب سے وزیر داخلہ نے خیبرپختونخوا میں دہشت گردی کا معاملہ اٹھایا تھا۔ پہلے دن اس معاملے پر اتفاق ہوا اور دہشت گردی سے متعلق نکات پر بات ہوئی۔ مذاکرات میں شامل کچھ لوگوں نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سے جا کر بات کی اور اگلے روز ٹیم واپس آئی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے دن بات چیت شروع ہونے سے قبل وزیر داخلہ نے فون کرکے کہا تھا کہ خیبرپختونخوا حکومت کا ایک شخص مذاکرات میں لے کر آئیں، تاہم مذاکرات کاروں نے کہا کہ خیبرپختونخوا حکومت کو ہم پر اعتماد ہے۔ پہلے دن کی بات چیت کے بعد اپوزیشن رہنما پشاور گئے۔ ہمیں رات کو یقین دلایا گیا کہ خیبرپختونخوا حکومت دہشت گردی کے معاملے پر اتفاق کرتی ہے، جس کے بعد وزیراعظم نے وزیر داخلہ سے کہا کہ اپوزیشن کو جتنی سیاسی اسپیس دی جا سکتی ہے، دی جائے۔ طلال چوہدری نے بتایا کہ وزیراعظم نے واضح کیا کہ ملک کی بہتری چاہیے، خواہ اس سے اپوزیشن کو سیاسی فائدہ بھی ہو تو کوئی مسئلہ نہیں، تاہم دہشت گردی کے معاملے پر 100 فیصد تعاون چاہیے۔ مذاکرات کے اگلے دن دہشت گردی کے معاملے پر مکمل اتفاق پایا جانا تھا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ دوسرے روز پہلے ڈرافٹ میں تمام سیاسی معاملات پر اتفاق رائے ہو گیا تھا، اس ڈرافٹ میں بانی پی ٹی آئی کی صحت سمیت دیگر ایشوز بھی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں اسے میثاق جمہوریت ٹو کہوں گا۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔........(جامع ترمذی)

یومِ اساتذہ پر اپنے محسنوں کے نام ایک خصوصی پیغام

محمد طلحہ غفور

کچھ رشتے خون کے نہیں ہوتے، مگر ان کے احسانات خون کے رشتوں سے کسی صورت کم نہیں ہوتے۔ کچھ لوگ ہماری زندگی میں چند برس کے لیے آتے ہیں، لیکن ان کی باتیں، ان کی نصیحتیں، ان کی ڈانٹ، ان کی شفقت اور ان کی دی ہوئی تربیت عمر بھر ہمارے ساتھ چلتی رہتی ہے۔ زندگی کے سفر میں ایسے بے شمار کردار ملتے ہیں جو کسی نہ کسی موڑ پر ہماری انگلی تھامتے ہیں، مگر ان میں ایک رشتہ ایسا ہے جو انسان کی شخصیت، سوچ اور مستقبل کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، اور وہ رشتہ استاد کا ہے۔ آج 5 اکتوبر ہے۔ دنیا کے کئی ممالک میں یہ دن یوم اساتذہ کے طور پر منایا جاتا ہے۔ پاکستان میں بھی یہ دن ان عظیم شخصیات کو خراج تحسین پیش کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے جو خاموشی سے نسلوں کی تربیت میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں۔ بظاہر یہ ایک دن ہے، چند تقریبات ہیں، کچھ پیغامات ہیں، چند پھول ہیں اور سوشل میڈیا پر مبارک باد کی پوسٹس ہیں، لیکن حقیقت میں استاد کے احسانات کسی ایک دن، ایک تقریب یا چند الفاظ کے محتاج نہیں ہوتے۔ استاد تو وہ محسن ہے جس کا اثر انسان کی پوری زندگی پر محیط ہوتا ہے۔ ہم اپنی زندگی میں بہت سے لوگوں کو بھول جاتے ہیں۔ وقت کے ساتھ چہرے دھندلا جاتے ہیں، آوازیں یادوں میں کہیں دور چلی جاتی ہیں، ملاقاتوں کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے، مگر ایک اچھے استاد کی یاد اکثر دل میں ہمیشہ زندہ رہتی ہے۔ ہمیں آج بھی یاد ہوتا ہے کہ پہلی مرتبہ کس استاد نے ہمارے ہاتھ میں قلم پکڑایا تھا، کس نے الفاظ لکھنا سکھائے تھے، کس نے غلط تلفظ درست کیا تھا، کس نے ریاضی کا مشکل سوال سمجھایا تھا، کس نے ہماری پہلی تقریر پر حوصلہ افزائی کی تھی اور کس نے ہماری کسی چھپی ہوئی صلاحیت کو ہم سے پہلے پہچان لیا تھا۔ طالب علمی کے زمانے میں استاد کی ڈانٹ کبھی کبھی دنیا کی سب سے بڑی سزا محسوس ہوتی تھی۔ کلاس میں کھڑا ہونا، ہوم ورک مکمل نہ کرنے پر سرزنش، غلط جواب دینے پر سخت لہجہ، سبق یاد نہ ہونے پر اضافی کام یا امتحان میں کم نمبر آنے پر استاد کی ناراضی اس وقت بہت ناگوار گزرتی تھی۔ ہمیں لگتا تھا کہ شاید استاد ہم سے خوش نہیں، شاید وہ ہمیں پسند نہیں کرتے، مگر وقت نے آہستہ آہستہ یہ راز کھولا کہ استاد کی وہ سختی دراصل ہمارے مستقبل کی فکر تھی۔ آج جب ہم اپنی زندگی کے مختلف مراحل سے گزر چکے ہیں تو سمجھ آتا ہے کہ بعض ڈانٹیں دراصل دعائیں تھیں، بعض سخت الفاظ کے پیچھے محبت چھپی تھی اور بعض پابندیاں ہماری آزادی چھیننے کے لیے نہیں بلکہ ہماری شخصیت سنوارنے کے لیے تھیں۔ والدین نے ہمیں انگلی پکڑ کر چلنا سکھایا تو استاد نے اسی انگلی میں قلم پکڑنا سکھایا۔ والدین نے ہمیں زندگی دی تو استاد نے اس زندگی کو مقصد، سمت اور شعور دینے کی کوشش کی۔ والدین نے ہمارے جسم کی پرورش کی تو استاد نے ہمارے ذہن اور کردار کی تعمیر میں حصہ ڈالا۔ یہی وجہ ہے کہ استاد کا مقام محض ایک ملازم یا ایک پیشہ ور فرد کا نہیں، بلکہ ایک معمارِ انسانیت کا مقام ہے۔ ایک اچھا استاد صرف کتاب کے صفحات نہیں پڑھاتا۔ وہ طالب علم کے اندر چھپی ہوئی دنیا کو پڑھنے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ ہر بچہ یکساں صلاحیتوں کے ساتھ کلاس روم میں نہیں آتا۔ کوئی پڑھائی میں تیز ہوتا ہے، کوئی کھیل میں اچھا ہوتا ہے، کوئی تقریر میں، کوئی لکھنے میں، کوئی تخلیقی کام میں اور کوئی شاید بظاہر کسی خاص صلاحیت کا اظہار نہ کر رہا ہو۔ ایک باصلاحیت استاد وہ ہوتا ہے جو اس خاموش صلاحیت کو تلاش کرتا ہے اور اسے پروان چڑھنے کا موقع دیتا ہے۔ کئی مرتبہ استاد کا صرف ایک جملہ طالب علم کی پوری زندگی کا رخ بدل دیتا ہے۔ کسی بچے کو شاید گھر میں بار بار یہ سننے کو ملتا ہو کہ وہ کچھ نہیں کر سکتا، مگر استاد نے ایک دن اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا ہو: "تم کر سکتے ہو۔" یہی چند الفاظ اس بچے کے اندر اعتماد کی ایسی شمع روشن کر دیتے ہیں جو برسوں تک جلتی رہتی ہے۔ دنیا میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہونے والے لوگ شاید اپنے سفر کی ہر منزل یاد نہ رکھ سکیں، لیکن انہیں وہ استاد ضرور یاد رہتا ہے جس نے انہیں پہلی مرتبہ یہ یقین دلایا تھا کہ وہ کچھ بن سکتے ہیں۔

یہی استاد کی اصل طاقت ہے۔ آج ہم اپنے اردگرد نظر دوڑائیں تو زندگی کے ہر شعبے میں استاد کی محنت کے نقوش دکھائی دیتے ہیں۔ ڈاکٹر کے ہاتھ میں مہارت ہے تو کسی استاد نے اسے علم دیا۔ انجینئر نے عمارت کھڑی کی تو کسی استاد نے اسے حساب، سائنس اور اصولِ تعمیر سمجھائے۔ وکیل نے قانون کے پیچیدہ نکات سمجھے تو کسی استاد نے اسے تعلیم دی۔ صحافی نے قلم اٹھایا تو کسی استاد نے اسے الفاظ کے استعمال، تحقیق اور اظہار کا شعور دیا۔ شاعر نے شعر کہا، ادیب نے کتاب لکھی، سائنس دان نے تجربہ کیا، استاد نے کسی نہ کسی مرحلے پر ان سب کی بنیاد رکھنے میں اپنا کردار ادا کیا۔

یہاں تک کہ ایک اچھا انسان جب معاشرے میں اچھائی پھیلاتا ہے دوسروں کا احترام کرتا ہے، کمزور کا ہاتھ تھامتا ہے، سچ بولنے کی کوشش کرتا ہے اور اپنے فرائض ایمانداری سے ادا کرتا ہے تو اس کے کردار کی تعمیر میں بھی کسی نہ کسی استاد کی محنت شامل ہوتی ہے۔ اس لیے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ استاد صرف فرد نہیں بناتا، وہ معاشرہ بناتا ہے۔ ایک کلاس روم میں بیٹھا ہوا بچہ کل کسی ہسپتال میں مریض کی زندگی بچا سکتا ہے، کسی عدالت میں انصاف کی کرسی پر بیٹھ سکتا ہے، کسی یونیورسٹی میں تحقیق کر سکتا ہے، کسی ادارے کی قیادت کر سکتا ہے، کسی اخبار میں قلم اٹھا سکتا ہے یا ملک کی کسی سرحد پر وطن کی حفاظت کر سکتا ہے۔ ان تمام کرداروں کے پیچھے کہیں نہ کہیں ایک استاد موجود ہوتا ہے، جس نے برسوں پہلے اس بچے کی شخصیت کی بنیاد رکھنے میں اپنا حصہ ڈالا تھا۔

افسوس یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں بعض اوقات استاد کے عظیم مقام کو محض ایک ملازمت تک محدود کر دیا جاتا ہے۔ استاد سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ مقررہ وقت پر آئے، نصاب مکمل کرے، امتحان لے اور نتیجہ دے دے۔ مگر ہم بھول جاتے ہیں کہ استاد مشین نہیں، انسان ہے۔ وہ ہر روز درجنوں بچوں کی ذہنی، اخلاقی اور تعلیمی ضروریات سے نبردآزما ہوتا ہے۔ ایک استاد بیک وقت کئی خاندانوں کے مستقبل پر کام کر رہا ہوتا ہے۔

اگر ہم واقعی ایک بہتر معاشرہ چاہتے ہیں تو ہمیں اپنے استاد کو صرف تنخواہ دینے والا ملازم نہیں بلکہ قوم کے مستقبل کا معمار سمجھنا ہوگا۔ استاد کی عزت، اس کے وقار، اس کی تربیت، اس کی معاشی آسودگی اور اس کے پیشہ ورانہ مقام کا خیال رکھنا دراصل اپنے بچوں کے مستقبل کا خیال رکھنا ہے۔ ہماری دینی اور تہذیبی روایات میں بھی علم اور اہلِ علم کو ہمیشہ بلند مقام حاصل رہا ہے۔ نبی کریم ? نے تعلیم، تربیت، اخلاق اور کردار سازی کے ذریعے ایک ایسی جماعت تیار فرمائی جس نے دنیا کو علم، عدل، اخلاق اور انسانیت کا راستہ دکھایا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا علم حاصل کرنے کا شوق، رسول اکرم ? کے سامنے ان کا ادب اور سیکھنے کی ان کی جستجو ہمارے لیے ہمیشہ ایک روشن مثال ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ہمارے لیے علم محض روزگار حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ شخصیت سازی اور انسان سازی کا وسیلہ بھی ہے۔ آج ہمیں اپنے بچوں کو صرف یہ سکھانے کی ضرورت نہیں کہ امتحان میں اچھے نمبر کیسے حاصل کرنے ہیں؛ ہمیں یہ بھی سکھانا ہوگا کہ علم دینے والے کا احترام کیسے کرنا ہے۔ استاد سے سوال کیا جا سکتا ہے، اختلاف بھی کیا جا سکتا ہے، کسی بات کو دلیل کے ساتھ سمجھنے کی کوشش بھی کی جا سکتی ہے، لیکن اختلاف اور بے ادبی کے درمیان جو باریک لکیر ہے، اسے عبور نہیں کرنا چاہیے۔ استاد کا احترام دراصل علم کا احترام ہے۔

اور یہ احترام صرف طالب علمی کے زمانے تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔

زندگی میں کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ برسوں بعد کسی بازار میں، کسی چوک پر، کسی مسجد کے باہر یا کسی تقریب میں اچانک اپنا پرانا استاد نظر آ جاتا ہے۔ وقت نے شاید اس کے بالوں کو سفید کر دیا ہو، چہرے پر عمر کی لکیریں نمایاں ہو چکی ہوں اور ہاتھ میں وہی قلم نہ ہو جو کبھی ہماری کاپیوں پر سرخ نشان لگایا کرتا تھا۔

ایسے لمحے میں قدم رکنے چاہئیں۔

سلام میں پہل ہونی چاہیے۔ خیریت دریافت کرنی چاہیے۔ اور دل میں یہ احساس ہونا چاہیے کہ یہ وہ شخص ہے جس نے میری زندگی کے سفر میں کبھی میرے ہاتھ سے قلم نہیں چھیننے دیا۔ یہ وہ شخص ہے جس نے شاید میری کمزوری پر مجھے ڈانٹا، مگر مجھے ٹوٹنے نہیں دیا۔ یہ وہ شخص ہے جس نے شاید میری غلطی پر مجھے سزا دی، مگر میری زندگی کو سزا بننے سے بچایا۔ یہ وہ شخص ہے جس نے شاید میری صلاحیت کو اس وقت پہچان لیا تھا جب میں خود اپنی صلاحیت سے ناواقف تھا۔

استاد کی سب سے خوبصورت خصوصیت شاید یہی ہے کہ وہ اپنے شاگرد کی کامیابی کو اپنی کامیابی سمجھتا ہے۔ ایک استاد اپنے شاگرد کو ڈاکٹر، انجینئر، افسر، وکیل، صحافی، سائنس دان یا کسی بڑے عہدے پر دیکھتا ہے تو عموماً اس کے دل میں یہ خواہش نہیں ہوتی کہ لوگ اسے بھی اس کامیابی کا مالک سمجھیں۔ اسے سب سے بڑا انعام یہ محسوس ہوتا ہے کہ اس کا شاگرد ایک اچھا انسان بن گیا ہے، اپنے والدین کا نام روشن کر رہا ہے اور معاشرے میں عزت کے ساتھ زندگی گزار رہا ہے۔

شاید اسی لیے استاد کا دیا ہوا علم ایسا قرض ہے جو کبھی مکمل ادا نہیں ہو سکتا۔ ہم اپنے اساتذہ کو تحفے دے سکتے ہیں۔ ان کے نام سے تقریبات منعقد کر سکتے ہیں۔ ان کے لیے پھول لا سکتے ہیں۔ انہیں مبارک باد دے سکتے ہیں۔ ان کی تصاویر سوشل میڈیا پر لگا سکتے ہیں۔ لیکن ان کا حقیقی شکریہ تب ادا ہوگا جب ہم ان کی سکھائی ہوئی اچھی باتوں کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں گے۔

اگر استاد نے ہمیں سچ بولنا سکھایا ہے تو ہم سچ بولیں۔ اگر استاد نے ہمیں محنت کا سبق دیا ہے تو ہم محنت کریں۔

اگر استاد نے ہمیں انسانیت کا درس دیا ہے تو ہم انسانوں کے کام آئیں۔ اگر استاد نے ہمیں والدین کا احترام سکھایا ہے تو ہم اپنے والدین کی خدمت کریں۔ اگر استاد نے ہمیں کتاب سے محبت سکھائی ہے تو ہم علم کا سفر جاری رکھیں۔ تب شاید ہمارے استاد کو محسوس ہوگا کہ اس کی برسوں کی محنت رائیگاں نہیں گئی۔

آج یوم اساتذہ کے موقع پر ہمیں ان تمام اساتذہ کو یاد کرنا چاہیے جو آج ہمارے درمیان موجود ہیں، اور ان کو بھی جو اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔ کسی استاد کی آواز آج بھی ہمارے کانوں میں گونج رہی ہوگی۔ کسی کی ڈانٹ آج بھی یاد ہوگی۔ کسی کی شفقت آج بھی دل کو چھوتی ہوگی۔ کسی کی مسکراہٹ آج بھی ذہن میں محفوظ ہوگی۔ اور کسی استاد کا کہا ہوا ایک جملہ شاید آج بھی ہماری زندگی کا سہارا بنا ہوا ہو۔ ایسے تمام اساتذہ کو سلام۔ ان ہاتھوں کو سلام جنہوں نے ہمارے ہاتھوں میں قلم دیا۔ ان آنکھوں کو سلام جنہوں نے ہمارے مستقبل کے خواب دیکھے۔

ان لبوں کو سلام جنہوں نے ہمیں لفظوں کا شعور دیا۔ ان ذہنوں کو سلام جنہوں نے ہمیں سوچنے کا ہنر سکھایا۔ اور ان دلوں کو سلام جنہوں نے ہزاروں بچوں کو اپنا سمجھ کر ان کے مستقبل کی فکر کی۔

استاد ایک فرد نہیں، ایک نسل کی تعمیر کا نام ہے۔

آج ہمیں اپنے اساتذہ کو صرف مبارک باد نہیں دینی چاہیے بلکہ ان کی قدر کرنے کا عہد بھی کرنا چاہیے۔ جو استاد ہمارے درمیان ہیں، ان کی عزت کریں، ان کی خیریت پوچھیں، ان سے دعائیں لیں اور ان کے تجربے سے فائدہ اٹھائیں۔ جو ہم سے بچھڑ چکے ہیں، ان کے لیے دعا کریں، ان کے اچھے کاموں کو یاد کریں اور ان کے نام کو احترام سے لیں۔ کیونکہ وقت گزر جاتا ہے۔ عمارتیں بدل جاتی ہیں۔ کتابیں پرانی ہو جاتی ہیں۔ کلاس روم خالی ہو جاتے ہیں۔ بلیک بورڈ پر لکھی تحریریں مٹ جاتی ہیں۔ لیکن ایک استاد کی دی ہوئی تعلیم، تربیت اور کردار سازی انسان کے وجود میں زندہ رہتی ہے۔

ایک شاگرد کی گفتگو میں، اس کے فیصلوں میں، اس کے کردار میں، اس کے بچوں کی تربیت میں اور معاشرے کے ساتھ اس کے رویے میں استاد کی محنت کہیں نہ کہیں سانس لے رہی ہوتی ہے۔ یوم اساتذہ کے موقع پر اپنے تمام اساتذہ کرام کو سلامِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اساتذہ کو عزت، صحت، سکون، خوشیاں اور آسانیوں بھری زندگی عطا فرمائے۔ جو اساتذہ حیات ہیں، انہیں سلامت رکھے اور ان کے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے، اور جو اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین یارب العالمین، بجاہ سید المرسلین وخاتم النبیین ?۔ صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ استاد کا احسان الفاظ سے بیان نہیں کیا جا سکتا۔ اس کا بدلہ پھولوں، تحفوں اور رسمی مبارک بادوں سے نہیں دیا جا سکتا۔

استاد کا احسان لفظوں سے نہیں، کردار سے چکایا جاتا ہے۔

کیونکہ "استاد صرف پڑھاتا نہیں، نسلیں بناتا ہے۔"

فیصل آباد سے رخصت ہوتا ایک عوامی پولیس افسر

افسر بہت آتے ہیں، بہت جاتے ہیں، عہدے بدلتے ہیں، تعیناتیاں ہوتی ہیں اور تبادلے بھی معمول کا حصہ ہیں، مگر کچھ لوگ اپنے عہدے سے آگے بڑھ کر لوگوں کے دلوں میں جگہ بنا لیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی رخصتی محض ایک سرکاری تبادلہ نہیں ہوتی بلکہ ایک تعلق کے اختتام جیسا احساس دیتی ہے۔ فیصل آباد سے بطور ریجنل پولیس آفیسر (RPO) ایک سالہ خدمات کے بعد سہیل اختر سکھیرا کی سرگودھا بطور آر پی او روانگی بھی کچھ ایسی ہی کیفیت لیے ہوئے ہے۔ سہیل اختر سکھیرا کے فیصل آباد میں قیام کا ایک نمایاں پہلو یہ رہا کہ انہوں نے پولیس کے ایک انتہائی اہم منصب کو عوام سے رابطے کا ذریعہ بنایا۔ ان کے دفتر کے دروازے عام شہریوں کے لیے کھلے رہے۔ وہ لوگ جو عام حالات میں پولیس کے دفتر کا رخ کرتے ہوئے بھی ہچکچاتے ہیں، انہیں یہ احساس ہوا کہ ان کی بات سننے والا کوئی موجود ہے۔ مظلوم شہری اپنی شکایات لے کر ان کے دفتر پہنچے اور متعدد معاملات میں ان کی دادرسی کی گئی۔ پولیس اور عوام کے درمیان فاصلے کی شکایت ہمارے معاشرے میں نئی نہیں۔ تھانے کا ماحول عام آدمی کے لیے اکثر خوف اور بے بسی کی علامت بن جاتا ہے۔ ایسے میں تھانوں کے کلچر میں بہتری لانے کی کوشش یقیناً ایک مشکل کام ہے۔ سہیل اختر سکھیرا کے دور میں اس سمت میں بھی اقدامات دیکھنے کو ملے۔ کام کرنے والے پولیس افسران اور اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی گئی جبکہ مبینہ طور پر بدعنوانی یا اختیارات کے غلط استعمال میں ملوث اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائیاں بھی ہوئیں۔ احتساب کا عمل جاری رکھنے کی کوشش کی گئی تاکہ فورس میں یہ پیغام جائے کہ اختیار کے ساتھ جواب دہی بھی ضروری ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن اور منچا کلچر کے خاتمے کے لیے اقدامات بھی ان کے دور کا حصہ رہے۔ پولیسنگ کا بنیادی مقصد ہی شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا اور جرائم کے خلاف ریاست کی رٹ قائم کرنا ہے، اس لیے کسی بھی افسر کی کارکردگی کو جانچنے میں ایسے اقدامات اپنی اہمیت رکھتے ہیں۔ تاہم سہیل اختر سکھیرا کی شخصیت کا ایک پہلو ایسا بھی رہا جس پر بعض حلقوں نے انہیں" ٹک ٹاکر افسر" تک کہا۔ مگر اس حوالے سے ایک حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ وہ لوگوں سے ملتے تھے۔ بہت سے لوگ ایسے ہیں جنہوں نے شاید پہلی مرتبہ محسوس کیا کہ ایک اعلیٰ پولیس افسران کی بات سننے کے لیے دستیاب ہے۔ وہ ہر طبقے کے لوگوں سے ملتے، تصاویر بنواتے اور شہریوں کو رسائی دیتے تھے۔ یہاں ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے: کیا کسی عوامی عہدے پر فائز شخص کا عوام سے ملنا، ان کی بات سننا اور ان کے ساتھ گھلنا ملنا محض نمائش قرار دے دینا چاہیے؟ شاید اس کا جواب اتنا سادہ نہیں۔ سوشل میڈیا کے دور میں ہر سرکاری افسر کی سرگرمی عوام کے سامنے آتی ہے، لیکن اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ اس تشہیر کے ساتھ عملی کارکردگی بھی موجود ہے یا نہیں۔ سہیل اختر سکھیرا کے معاملے میں ان کے حامیوں کی بڑی تعداد یہ دلیل دیتی دکھائی دیتی ہے کہ ان کی عوامی رسائی کے ساتھ عملی اقدامات بھی موجود تھے۔ بلاشبہ کسی بھی افسر کی کارکردگی سو فیصد بے عیب نہیں ہوتی۔ فیصلے کرنے والے سے غلطیاں بھی ہوتی ہیں، کیونکہ غلطی کا امکان اسی شخص کے لیے پیدا ہوتا ہے جو کام کر رہا ہو۔ جو شخص کوئی فیصلہ ہی نہ کرے، قدم ہی نہ اٹھائے اور ذمہ داری ہی نہ لے، اس سے غلطی کا سوال بھی کم ہی پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے کسی بھی افسر کے بارے میں رائے قائم کرتے وقت کامیابیوں کے ساتھ خامیوں اور غلطیوں کو بھی سامنے رکھنا چاہیے۔ سہیل اختر سکھیرا کے بارے میں ایک تاثر یہ بھی سامنے آتا رہا کہ وہ لوگوں کو جلد سمجھ لیتے تھے۔ پولیسنگ میں یہ صلاحیت غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ پولیس افسر کو روزانہ مختلف مزاج، مفادات اور مقاصد رکھنے والے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ ہر شخص جو افسر کے قریب آنے کی کوشش کرتا ہے، ضروری نہیں کہ اس کا مقصد بھی نیک ہو۔ جرائم پیشہ عناصر بھی کبھی اثر و رسوخ رکھنے والے لوگوں سے تعلقات بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ کسی تصویر یا ملاقات کو تعلق یا سرپرستی کا ثبوت سمجھ لینا بھی درست نہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ بعض لوگ کسی بااثر شخصیت کے ساتھ تصویر کو اپنے ذاتی مفاد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ تصویر بنوانا، پھر اسے مختلف لوگوں کو دکھانا اور اپنے اثر و رسوخ کا تاثر پیدا کرنا ہمارے معاشرے میں کوئی نئی بات نہیں۔ اگر کسی نے کسی افسر کے نام یا تصویر سے ذاتی فائدہ اٹھانے کی کوشش کی تو ہر ایسی حرکت کا ذمہ دار افسر کو قرار دینا بھی مناسب نہیں۔ عوامی زندگی میں موجود شخص سے ملنے والوں میں ہر طرح کے لوگ شامل ہوتے ہیں۔ سہیل اختر سکھیرا کے فیصل آباد سے تبادلے کے موقع پر جس انداز میں مختلف حلقوں کی جانب سے انہیں الوداع کہا جا رہا ہے، وہ بہرحال قابلِ ذکر ہے۔ تاجروں، صحافی برادری، چیمبر آف کامرس اور دیگر تنظیموں کی جانب سے الوداعی تقریبات کا انعقاد، گلدستے پیش کرنا، تصاویر بنوانا اور اپنے جذبات کا اظہار اس بات کی علامت ہے کہ ان کے ساتھ ایک عوامی تعلق قائم ہوا۔ عام طور پر پولیس افسر کے تبادلے پر شہریوں کی ایک بڑی تعداد خوشی سے زیادہ بے نیازی کا اظہار کرتی ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ ایک افسر گیا تو دوسرا آ جائے گا۔ مگر جب کسی افسر کی رخصتی پر لوگ خود اسے روکنے، ملنے، تصویر بنوانے اور الوداع کہنے کے لیے جمع ہوں تو یہ اس کے عوامی رابطے کی ایک مختلف تصویر ضرور پیش کرتی ہے۔ یہ محبت شاید کسی حکم، سرکاری نوٹیفکیشن یا عہدے سے نہیں ملتی۔ یہ وہ چیز ہے جو انسان اپنے رویے سے کماتا ہے۔ اگر ایک عام شہری یہ محسوس کرے کہ اس کی بات کسی اعلیٰ افسر تک پہنچ سکتی ہے، اس کی عزت کے ساتھ بات سنی جا سکتی ہے اور اس کی شکایت کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا تو اس کے دل میں ادارے کے بارے میں بھی ایک مختلف تاثر پیدا ہوتا ہے۔

اب سہیل اختر سکھیرا فیصل آباد سے سرگودھا جا رہے ہیں۔ عہدہ وہی ہے، ذمہ داریاں بھی وہی ہیں، مگر شہر بدل گیا ہے۔ فیصل آباد میں ان کے ایک سالہ دور کو لوگ اپنی اپنی نظر سے یاد رکھیں گے۔ کسی کے لیے وہ ایک قابل رسائی پولیس افسر ہوں گے، کسی کے لیے سخت احتساب کرنے والے افسر، کسی کے لیے سوشل میڈیا پر نمایاں نظر آنے والی شخصیت، جبکہ کسی کے لیے وہ محض ایک ایسے افسر ہوں گے جس نے اس کی بات سن لی۔ وقت ہی بتائے گا کہ سرگودھا میں ان کی کارکردگی کس سمت جاتی ہے، لیکن فیصل آباد سے رخصتی کے مناظر نے ایک بات ضرور واضح کر دی ہے: سرکاری عہدہ ختم ہو جاتا ہے، مگر عوام کے ساتھ بنایا گیا تعلق عہدے کے ساتھ ختم نہیں ہوتا۔ سہیل اختر سکھیرا کو ملنے والی یہ محبت دراصل اسی تعلق کی واپسی ہے جو انہوں نے اپنے فیصل آباد قیام کے دوران لوگوں کے ساتھ قائم کیا۔ پھول، گلدستے، تصویریں اور الوداعی تقریبات شاید وقتی مناظر ہوں، مگر کسی افسر کے لیے اس سے بڑا اعزاز کیا ہوگا کہ اس کے جانے پر لوگ کہیں کہ آپ نے ہماری بات سنی تھی۔ فیصل آباد انہیں الوداع کہہ رہا ہے، اور وہ سرگودھا کی نئی ذمہ داریوں کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ امید یہی ہے کہ جہاں بھی جائیں، عوام تک رسائی، انصاف کی فراہمی، پولیسنگ میں بہتری اور احتساب کا وہ تصور ساتھ لے کر جائیں گے جس کی آج کے شہری کو سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ کیونکہ آخر کار ایک افسر کی اصل پہچان اس کا عہدہ نہیں، بلکہ یہ ہوتی ہے کہ اس کے عہدے سے کتنے لوگوں کو انصاف، تحفظ اور عزت کا احساس ملا۔

رابطے
میاں ندیم احمد
کالم نگار | اینکر پرسن
☎ 0300-7662343

افتخار احمد چوہان

پہلوانوں کے شہر سے

I ❤ GUJRANWALA

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

مالیاتی امور میں آسانی کیلئے چیمبر میں نجی بنک کا خصوصی بوتھ قائم

چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ممبران کی سہولت کیلیے میزان بینک کیخصوصی بوتھ کا باضابطہ قیام جس کے ذریعے ممبران چیمبر کی مختلف فیسیں اوردیگر متعلقہ بینکنگ معاملات ایک ہی چھت تلے انجام دے سکیں گے

ممبران کو فیسوں کی ادائیگی کیلیے چیمبر سے باہر جا کر بینکوں میں قطاروں کا سامنا تھا،اس بوتھ کے قیام سے یہ مسئلہ حل ہو جائے گا اور ممبران کو چیمبر کے اندر ہی پرسکون ماحول میں سہولت ملے گی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ممبران کی سہولت کیلیے میزان بینک کیخصوصی بوتھ کا باضابطہ قیام جس کے ذریعے ممبران چیمبر کی مختلف فیسیں اوردیگر متعلقہ بینکنگ معاملات ایک ہی چھت تلے انجام دے سکیں گے اور انہیں بینکوں کے چکر لگانے وطویل قطاروں میں انتظار کی زحمت نہیں اٹھانا پڑے گی۔ میزان بینک بوتھ کا باقاعدہ افتتاح صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کیا تقریب میں سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر میاں عمر سلیم، سابق چیئرمین جی ڈی اے و سینئر ممبر عامر رحمان، ایگزیکٹو ممبر وقاص افضل مغل سمیت ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی۔ تقریب میں میزان بینک کے چیف آپریٹنگ آفیسر (ریٹیل بینکنگ) ضیا الحسن، گروپ ہیڈ ڈسٹری بیوشن (سنٹرل I-) انوار الحق اور دیگر اعلیٰ افسران بھی خصوصی طور پر موجود تھے۔ صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کہا کہ ممبران کو فیسوں کی ادائیگی کیلیے چیمبر سے باہر جا کر بینکوں میں قطاروں کا سامنا تھا، اس بوتھ کے قیام سے یہ مسئلہ حل ہو جائے گا اور ممبران کو چیمبر کے اندر ہی پرسکون ماحول میں سہولت ملے گی۔ انہوں نےکہا کہ انتخابی منشور میں ممبران کو عزت اور سہولت فراہم کرنے کا جو وعدہ کیا گیا تھا اس پر عمل در آمد کا آغاز اس بوتھ کے قیام سے کر دیا گیا ہے اور مستقبل میں بھی اراکین کے لیے مزید سہولیات متعارف کرائی جائیں گی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میزان بینک کے چیف آپریٹنگ آفیسر) ریٹیل بینکنگ (ضیا الحسن نے یقین دہانی کروائی کہ بینک چیمبر کے ممبران کو اس بوتھ کے ذریعے ہر ممکن اور ترجیحی سہولت فراہم کی جائیگی۔

پولیس مقابلے، ریکارڈ یافتہ ملزم مارا گیا، 2 زخمی حالت میں گرفتار، دو فرار ہو گئے

ملزمان سے منشیات، چھینی گئی نقدی، مسروقہ موٹرسائیکلیں ناجائز اسلحہ برآمد

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مختلف مقابلوں میں ایک ریکارڈ یافتہ ملزم مارا گیا، دو زخمی ہو کر پکڑے گئے پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ سیٹلائیٹ ٹاؤن پولیس مقابلہ میں منشیات فروشی کیمتعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ منشیات فروش وقار عرف عیدا اپنے دیگر 2 ساتھیوں کے ہمراہ پولیس ناکہ پر اندھا دھند فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش میں اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا جس کے قبضہ سے 1200 گرام چرس اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہمراہی ملزمان فرار ہو گیتھانہ سبزی منڈی پولیس مقابلہ میں راہزنی کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ اور پولیس کو مطلوب ملزم عامر شہزاد پولیس ناکہ سے فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار ہوا جس کے قبضہ سے واردات میں لوٹی گئی رقم 1 لاکھ نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی تھانہ اروپ پولیس کارروائی میں راہزنی وچوری کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ملزم زبیر وجاہت پولیس ناکہ سے فرار ہونے کی کوشش میں زخمی حالت میں گرفتار ہوا جس کیقبضہ سینا جائز اسلحہ برآمد ہوا فرار ملزمان کی گرفتاری کیلیے ایس ڈی پی او سیٹلائیٹ ٹاؤن کی زیر نگرانی خصوصی پولیس ٹیمیں تشکیل، دیدی گئی ہیں۔

☆☆☆

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ غلام حسین جج کی سربراہی میں چیمبر کا وفد ڈپٹی کمشنر نوید احمد سے تعارفی ملاقات کر رہا ہے، اس موقع پر چیئرمین بزنس گروپ رانا ناصر محمود، سابق صدور و قائدین بزنس گروپ، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر سمیت دیگر عہدیداران بھی ہمراہ ہیں

ناقص صفائی انتظامات، تحصیل سٹی وصدر کے کنٹریکٹ کی معطلی کیلئے معاملہ بورڈ کو ریفر کرنے کا فیصلہ

سیالکوٹ روڈ کچا فتو منڈ، علی آباد اور عثمان کالونی میں ناقص صفائی پر ڈپٹی کمشنر کا سخت ایکشن، متعدد اہلکاروں کو برخاست کرنے کیا حکامات

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کچا فتو منڈ، علی آباد، عثمان کالونی اور ملحقہ گلی محلوں کا دورہ کیا اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ناقص صفائی انتظامات اور فرائض میں غفلت پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے تحصیل مینیجر، ایف ایم او، ایریا سپروائزر، سینٹری انسپکٹر اور سپروائزر کو نوکری سے برخاست کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے ناقص صفائی انتظامات پر تحصیل سٹی وصدر کے کنٹریکٹ کی معطلی کیلئے معاملہ بورڈ کو ریفر کرنے کیلئے سی ای او جی ڈبلیو ایم سی کو بھی ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور صفائی کے نظام کی مؤثر نگرانی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

استاد قوم کے معمار، نئی نسل کی تربیت ضروری ہے: سرفراز تارڑ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سنی اتحاد کونسل کے ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ نے اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوموں کی تقدیر بدلنے اور ترقی میں اساتذہ کا کردار کلیدی ہے، استاد قوم کے معمار ہیں نئی نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ اخلاقی تربیت کرکے مستقبل کو سنوارنا ہوگا۔ اس موقع پر الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، پیر محمد خالد حسن مجددی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، حافظ محمد رفیق قادری، حافظ عدیل عارف، مفتی محمد شعبان قادری، ڈاکٹر مفتی محمد ابوبکر صدیق رضوی، علامہ محمد عمر صدیقی، مولانا ضیا المرتضی چشتی، حافظ فیاض الحسن صدیقی اور دیگر نے خطاب کیا۔

عوامی شکایات کے ازالہ کیلئے عملی اقدامات تیز کئے جائیں، کمشنر

کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیر صدارت کھیوٹ اور انتقالات سے متعلق مسائل کے حل، لینڈ ریکارڈ کی درستگی اور عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی کیحوالے سے اہم ویڈیو لنک اجلاس ہوا، جس میں ڈویژن بھر میں کھیوٹ، انتقالات اور اراضی ریکارڈ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا

اجلاس میں متعلقہ افسران نے کھیوٹ اور انتقالات سے متعلق زیرِ التوا معاملات، ریکارڈ کی درستگی، انتقالات کے بروقت اندراج اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی، کمشنر نے اس امر پر زور دیا کہ اراضی ریکارڈ سے متعلق عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی کی زیر صدارت کھیوٹ اور انتقالات سے متعلق مسائل کے حل، لینڈ ریکارڈ کی درستگی اور عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی کیحوالے سے اہم ویڈیو لنک اجلاس ہوا، جس میں ڈویژن بھر میں کھیوٹ، انتقالات اور اراضی ریکارڈ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ افسران نے کھیوٹ اور انتقالات سے متعلق زیرِ التوا معاملات، ریکارڈ کی درستگی، انتقالات کے بروقت اندراج اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ کمشنر نے اس امر پر زور دیا کہ اراضی ریکارڈ سے متعلق عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور کسی بھی معاملہ کو بلاوجہ زیر التوا نہ رکھا جائے۔ کمشنر محمد علی نے ہدایت کی کہ کھیوٹ اور انتقالات سے متعلق کیسز کی مؤثر مانیٹرنگ کی جائے، ریکارڈ میں پائی جانیوالی خامیوں کو دور کیا جائے اور شہریوں کو لینڈ ریکارڈ سنٹرز پر شفاف، سہل اور بروقت خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے کیلئے عملی اقدامات تیز کیے جائیں اور زیرالتوا معاملات کو مقررہ مدت میں نمٹایا جائے۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لینڈ ریکارڈ کے نظام میں شفافیت، درستگی اور عوامی سہولت کو یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ کھیوٹ اور انتقالات کے معاملات میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ کرتے ہوئے شہریوں کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے گا تاکہ انہیں اراضی سے متعلق معاملات میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نوید نے اس بات پر زور دیا گیا کہ جدید لینڈ ریکارڈ نظام کے ثمرات عام شہری تک پہنچانے اور اراضی سے متعلق معاملات کو زیادہ مؤثر، شفاف اور تیز رفتار بنانے کیلئے فیلڈ افسران اور متعلقہ عملہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں۔

تعلیمی اداروں کی کارکردگی اور انتظامی امور کی مؤثر نگرانی کا حکم

طلبا کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی وتربیتی صلاحیتوں کو بھی نکھارا جائے، ڈی سی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں معیار تعلیم کی بہتری، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی وانتظامی امور کی مؤثر نگرانی کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گورنمنٹ پرائمری سکول عثمان کالونی، سیالکوٹ روڈ کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا، طلبا و طالبات سے گفتگو کی اور ان سے تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی عمل اور دستیاب بنیادی سہولیات کے بارے میں استفسار کیا۔ انہوں نے طلبا کی تعلیمی استعداد اور سکول میں فراہم کیے جانے والے تعلیمی ماحول کا بھی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے سکول انتظامیہ کو معیار تعلیم پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ طلبا کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی و تربیتی صلاحیتوں کو نکھارنے پر بھی بھرپور توجہ دی جائے۔ تدریسی عمل کو مؤثر بنایا جائے تاکہ طلبا کو بہتر تعلیمی ماحول اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری سکولوں میں تعلیمی معیار کی بہتری اور طلبا کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

☆☆☆☆

اختیارات سے تجاوز، طمع نفسانی، محرر سمیت تین ملازم گرفتار

قانون اور ڈسپلن پر کوئی سمجھوتا نہیں، محکمہ میں خود احتسابی کا عمل جاری رہے گا، سی پی او

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کا محکمہ میں موجود کالی بھیڑوں کیخلاف سخت ایکشن، اختیارات سے تجاوز اور طمع نفسانی کی خاطر ملزمان کو چھوڑنے پر محرر سمیت 3 ملازمین گرفتار، پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ پیپلز کالونی اور تھانہ ایمن آباد میں ملازمین کیخلاف مقدمات درج کر کے محکمانہ انکوائری شروع کر دی گئی ہیگرفتار ملازمین میں تھانہ پیپلز کالونی کا محرر معظم، کانسٹیبل احسن رضا اور تھانہ ایمن آباد کا کانسٹیبل عاطف سہیل شامل ہیں، اس حوالے سے سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کا کہنا تھا کہ کرپشن و بدعنوانی برداشت نہیں، اختیارات سے تجاوز کرنیوالے افسران کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ محکمہ میں خود احتسابی کا عمل جاری رہے گا، قانون اور ڈسپلن پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا

فوڈ اتھارٹی ٹیموں کی کارروائیاں، مختلف خلاف ورزیوں پر لاکھوں کے جرمانے

کریک ڈاؤنز کے دوران ناقص وغیر معیاری اشیائے خورونوش اور ممنوعہ اشیا بھی تلف کی گئیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی عظمیٰ شہزادی کی زیرنگرانی ملاوٹ مافیا، غیر معیاری اور ناقص خوراک فروخت کرنیوالوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 190 فوڈ پوائنٹس کی انسپکشنز کیں اور خلاف ورزیوں پر 19 مقامات کو مجموعی طور پر 2 لاکھ 97 ہزار 500 روپے جرمانے عائد کیے۔ کارروائیوں کے دوران ناقص وغیر معیاری اشیائے خورونوش اور ممنوعہ اشیا بھی تلف کی گئیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے دودھ کی کوالٹی کی جانچ کیلئے 44 دودھ بردار گاڑیوں سے 7 ہزار 445 لیٹر دودھ کینمونے چیک کیے، ناقص معیار پر 2 گاڑیوں کو 3 ہزار 500 روپے جرمانہ کیا گیا۔

گوجرانوالہ۔ بین الاقوامی قاری وسیم اللہ الامین کی آر پی او خرم شہزاد حیدر وڑائچ سے ملاقات

گوجرانوالہ۔ تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ اور قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی گلگت بلتستان کے درمیان یادداشتی معاہدہ پر دستخط کئے جا رہے ہیں

بعدالت جناب رانا انیل ارشد صاحب سول جج گوجرانوالہ،

درخواست حصول سرٹیفکیٹ جانشینی

منجانب جوہریہ بیوہ عثمان غنی قوم جٹ ساکن چھل کلاں تحصیل وضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 13-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب نازیہ بانو صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین

منجانب عمر محمود ولد امجد محمود شیخ ذات شیخ سکنہ جناح روڈ گلہ ٹاور والہ مکان نمبر 257 گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 13-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب محمد خالد صاحب سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ تعمیل مختص

الفت اسلام بنام محمد اصغر خان

اشتہار بنام محمد اصغر خان ولد چوہدری یعقوب علی قوم جٹ ساکن مکان نمبر 41469 نمبر 4 چیمہ کالونی سرگودھا تحصیل وضلع سرگودھا

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 07-10-2026 کوعدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AFza

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ

انتقال وراثت مواضعات - علی محمد چشتی / اودھے پور تحصیل بہاولنگر میرے روبرو برائے منظوری پیش ہو احمد حسین بیٹا متوفی حاضر آکر بیانی ہے کہ میرا والد محمد شفیع ولد میاں حبیب اللہ ذات بھٹی بقضائے الٰہی فوت ہوچکا ہے جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفی کے ورثاء میں ایک بیٹا محمد حسین زندہ حیات ہیں ایک بیٹی علم نشاں۔ دو بیویاں کرماں بی بی۔ احسانہ بی بی اور والدین متوفی پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وارثت منظور کرانا چاہتا ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر جواب داخل کریں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

اطلاع برائے عوام الناس

《عاق نامہ》

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں نے اپنے حقیقی بیٹے طاہر مالک ولد محمد مالک ساکن ڈاکخانہ خاص کل باجوہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ شناختی کارڈ نمبر 34602-3794577-5 کو بوجہ انتہائی نافرمان ہونے، گستاخ ہونے، بدزبان ہونے، غیر قانونی وغیر اخلاقی کاموں میں ملوث ہونے، گھر میں آئے روز لڑائی جھگڑا کرنا، بُرے لوگوں کی صحبت میں بیٹھنا اور بُرے کاموں میں دلچسپی رکھنے، سرعام تمام لوگوں کے سامنے من مظہرہ کو گالم گلوچ کرنے اور من مظہرہ اور اپنی بیوی بچوں کو مارنا پیٹنا اور اپنے بچوں کو خرچہ نان ونفقہ ادا نہ کرنا، کئی لوگوں سے ادھار قرض لینے اور من مظہرہ کے دروازے پر طاہر مالک کے قرض داروں کا آنا جانا کی وجہ سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اپنی زندگی سے اور اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتی ہوں۔ آج کے بعد میرا طاہر مالک کے ساتھ کوئی تعلق واسطہ نہ رہا ہے۔ اگر پسر مذکور کو آج کے بعد کسی فوجداری مقدمہ یا کسی بھی غلط کام میں ملوث پایا گیا یا کسی کے ساتھ کوئی لین دین کیا یا امروز سے قبل طاہر مالک نے کسی سے قرض لیا ہو تو وہ اس کا خود ذمہ دار ہوگا اور جو کوئی بھی پسر طاہر مالک مذکور کے ساتھ لین دین کریگا تو وہ بھی اس کا خود ذمہ دار ہوگا۔ تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارہ جات نوٹ فرمالیں۔

المشتہر: صفیہ بی بی زوجہ محمد مالک ساکن ڈاکخانہ خاص کل باجوہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ شناختی کارڈ نمبر 34602-8109938-8

CR Arshad Ali Tabbasum

بعدالت جناب ابوسفیان صاحب تحصیلدار ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 2125، وراثت موضع بھاڈیوالہ، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفی مسمی محمد ممتاز ولد العباد خاں ساکن بھاڈیوالہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں افشاں بیوہ، محمد وقاص پسر زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہرودستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Zia

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال محمد ریاض ولد لال دین کا انتقال وراثت 43 تھری آر تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہوکر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے باز گشت میں اللہ معافی بیوہ۔ محمد صہیب۔ محمد شاہ زیب پسران سیرت فاطمہ دختر متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہوکر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعدازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب نازش نواز کیانی

صاحبہ فیملی جج / گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ: نرگس پروین بنام عوام الناس وغیرہ: اشتہار بنام اقصی دختر منیر احمد ذات جٹ ساکن کھرل تحصیل وضلع نارووال

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ \ سائل نے درخواست تقرری گارڈین عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 10-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مسول علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی ومصالحتی عدالت یونین کونسل نمبر 109 مرغزار کالونی

زیر دفعہ 9-8-7 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961

مقدمہ نمبری 2026/78

ڈگری تنسیخ نکاح موثر کیے جانا

فریق اول۔ اریبہ سہیل دختر محمد سہیل مکان نمبر 39 بی محلہ گلشن پارک منصورہ ملتان روڈ لاہور

فریق دوئم۔ فیضان شاہد ولد شاہد علی اقبال مکان نمبر 43 قاسم سٹریٹ نمبر 6 محلہ کرن پارک فیروز والا تحصیل شیخوپورہ

فریق اول بذریعہ نوٹس اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ مندرجہ بالا کے ضمن میں بغرض تشکیل ثالثی کونسل متعدد نوٹس جاری کیے گئے ہیں مگر آپ نے ثالثی کونسل کے اجلاس میں شرکت نہیں کی اور نہ ہی آپ کی طرف سے کوئی نمائندہ پیش ہوا لہذا تمام حجت کے لئے بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے مورخہ 13-10-2026 ہمراہ ثالث تحریری حاضر ہوں عدم حاضری کاروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعدازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

C/o..RM

گمشدگی فرد

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد شاہد حسین ولد محمد حسین سکنہ ڈاکخانہ کاہنہ نو راجہ بولا لاہور نے درخواست گزاری ہے کہ میرے دادا نے ایک عدد فرد بنام دین محمد ولدمدار برائے بیعانہ فرد آئی ڈی نمبر 136255 رقبہ 3 کنال موضع پیروالا گاؤں قصور مورخہ 13-12-2016 کو حاصل کی تھی جو کہ دوران سفر گم ہوگئی تھی جسے منسوخ کیا جانا مطلوب ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم رابطہ کریں

Cr..Bhutta

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست گارڈین

ظل ہما بنام عوام الناس

اشتہار منجانب ظل ہما دختر محمد نذیر زوجہ امجد اقبال بنام عوام الناس امجد اقبال ولد محمد اشرف ارشاد بی بی بیوہ محمد اشرف حلیمہ بی بی محمد نذیر ذات ارائیں ساکن راجہ بازار ڈنگہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 10-10-2026 کوعدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AFza

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد بشیر ولد محمد رفیق ذات جٹ سکنہ جاگووالہ قصور نے اپنی بیٹی کی پیدائش کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکی بیٹی سلمیٰ بی بی کی پیدائش کا اندراج سہواً نہ ہوسکا اب اپنی بیٹی سلمیٰ بی بی کی پیدائش مورخہ 01-01-1979 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 1 3 فتح پور تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 0 1 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کردیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ / اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حنیفاں بی بی زوجہ پرویز ساکن تھہ بھلو تحصیل وضلع قصور نے اپنی بیٹی فوزیہ دختر پرویز تاریخ پیدائش 17-01-2000 کی پیدائش کے لیٹ اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکی بیٹی کی پیدائش کا اندراج بوجہ مصروفیت نہ ہوسکا اب مسماۃ حنیفاں اپنے بچوں کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 9 کھارا تحصیل قصور میں کروا رہی ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 7 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کردیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ / اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب ابوسفیان صاحب تحصیلدار ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 1 6 5، وراثت موضع لنگیانوالی، بروئے انتقال نمبر 2248، وراثت موضع بھکھڑیانوالی، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفی مسمی محمد اسلم ولد اللہ دتہ کا فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں بشیراں بی بی بیوہ، شاہد عمران اسلم، عرفان احمد پسران، حفصہ تبسم، طلیبہ تنویر، غزالہ شاہین، روبینہ شاہین، ثمرہ تبسم دختران زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہرودستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Zia

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال چوہدری محمد سلیم ولد فضل احمد کا انتقال وراثت 2 فور ایل تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہوکر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے باز گشت میں سردار بیگم۔ محمد یعقوب۔ محمد نعیم۔ حافظ محمد زبیر۔ ابرار سلیم۔ محمد افضل سلیم پسران شگفتہ پروین۔ زاہدہ پروین۔ نرگس پروین۔ خالدہ پروین دختران متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہوکر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعدازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب خالد حیات صاحب

سول جج پسرور

دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی: محمد یوسف ولد غلام احمد۔ ناصر احمد ولد محمد احمد۔ محمد عارف ولد نزیر احمد۔ شمیم اختر بیوہ بشیر احمد منیر۔ آرزو مسرت آبرو۔ آصفہ۔ مریم بشیر دختران بشیر احمد منیر اقوام راجپوت ساکنان بلوتولہ حال مقیم مدعیان 4 تا 8 مکان نمبر 67 سٹریٹ نمبر 25 محلہ شا؟ نودپارک کوٹ خوجہ سعید شہر لاہور تحصیل وضلع لاہور نمبر 2 سدو والہ پنوں تحصیل وضلع نارووال بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 09-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب طالب حسین صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ طالب بشیر ولد بشیر چک نمبر 384 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں بشیر والد، خورشید بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، عنائتاں بی بی بیوہ، علی وقاص پسر، مقدس طالب، شبانہ بی بی دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب نزہت جبین صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

درخواست حصول سرٹیفکیٹ جانشینی

منجانب مبین شہزادی دختر سخی حسین سکنہ محلہ اسلام آباد ڈاکخانہ خاص تلونڈی راہوالی گوجرانوالہ، بنام عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 13-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست جانشینی

ناہید اختر بنام عوام الناس

اشتہار منجانب ناہید اختر زوجہ محمد ظفر اقبال دختر عبدالعزیز ساکن لادیاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس منور بی بی تاج بیگم دختران عبدالعزیز ساکن لادیاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 17-10-2026 کوعدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AFza

بعدالت جناب محمد علی قذافی باجوہ صاحب سینئر سول جج سول ڈویژن قصور

آسیہ اجمل بنام عوام الناس مقدمہ نمبر 73/5 بابت سال 26-01-10 درخواست جانشینی۔ آسیہ اجمل زوجہ محمد اجمل دختر حاجی شان الٰہی ذات شیخ سکنہ کوچہ جامع مسجد محلہ اندرون مورگیٹ قصور بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست عدالت ہذا میں دائر کی ہے۔ جس میں مورخہ 10-10-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا

Cr..Bhutta

بعدالت جناب خورشید عالم بھٹی صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ساہیوال

نمبر مقدمہ سال 2026

نوعیت مقدمہ: دعویٰ دلاپانے

بعنوان مقدمہ: نور احمد بنام زاہد خاں

اخبار اشتہار بنام: زاہد خاں ولد موج دین خاں قوم پٹھان سکنہ بکھانس تحصیل عارف والا ضلع پاکپتن

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 08-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کاروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب ابوسفیان صاحب تحصیلدار ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 301، وراثت موضع کوٹلی ویراں، بروئے انتقال نمبر 2124، وراثت موضع بھاڈیوالہ، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفیہ مسمات سروری بی بی زوجہ بوٹے خاں ساکن ڈاکخانہ خاص بھاڈیوالہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا مورخہ 25-04-2010 کو فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں دلدار احمد، گلزار احمد پسران، کوثر بی بی، خالدہ بیگم دختران زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہرودستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Zia

تبدیلی نام

میں نے اپنی بیٹی کا نام درنجف سے تبدیل کرکے نایاب فاطمہ رکھ دیا ہے لہذا اسے نئے نام سے لکھا اور پکارا جائے نیز یونین کونسل کے ریکارڈ میں بھی نیا نام درج کیا جائے۔

المشتہر: قمر ابراہیم ولد غلام حسین سکنہ ایوب پارک نمبر 4 اوکاڑہ

khokharasifCr

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال لقمان احمد ولد ناصر احمد کا انتقال وراثت ون فور ایل تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہوکر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے باز گشت میں سعدیہ احمد بیوہ حمدان احمد۔ حیان احمد پسران وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہوکر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعدازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب خرم اشرف صاحب

تحصیلدار پسرور

تصدیق وراثتی انتقال واقع موضع چک دوبرجی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ عنوان بالا کے تحت انتقال وراثت متوفی محمد الیاس ولد علی محمد روبرو بغرض تصدیق پیش کیا گیا۔ علی محمد والد (پہلے فوت شد)۔ حال وارثان میں حمیداں بی بی والدہ۔ پروین اختر بیوہ۔ عبدالحنان۔ محمد احمد پسران محمد الیاس متوفی موضع کے وارثان ظاہر ہیں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے اگر اس کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 (سات) یوم زیر دستخطی سے رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

عبدالقیوم بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

دعویٰ تعمیل مختص وغیرہ

اشتہار بنام صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر گوجرانوالہ، تحصیلدار حلقہ نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ، پٹواری موضع لالہ پور نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ، ظہور الحسن متوفی بذریعہ وارثان، رانا محمد اسلم خان ولد ظہور الحسن ساکن مانگٹ تحصیل وضلع منڈی بہاؤالدین، محمد ارشد ولد ظہور الحسن ساکن تنگر والی تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ، پروین لیاقت زوجہ لیاقت خان دختر ظہور الحسن قوم راجپوت ساکن گنج تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ نسرین اختر زوجہ محمد یوسف دختر ظہور الحسن ساکن پڑیایاں تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 17-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب محمد خالد صاحب سول جج کھاریاں

سوٹ فار ریکوری

شکیل احمد بشیر بی بی

اشتہار بنام بشیر بی بی دختر مہندی حسن ذات قریشی ساکن بھنڈ گراں تحصیل کھاریاں ڈسٹرکٹ گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 24-10-2026 کوعدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AFza

بعدالت جناب افضل بیگ صاحب جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع

عنوان مسمات مریم بنام محمد خالد

اشتہار بنام محمد خالد ولد دلاور حسین ساکن محلہ گنبد کوٹھی ٹھوکر نیاز بیگ لاہور

مدعاعلیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ / مدعاعلیہم تعمیل سمن سگیر یزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 29-10-2026 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب طاہر محمود انصاری صاحب سول جج درجہ اول قصور

ساجد علی بنام شکیلہ کوثر دعویٰ تعمیل مختص۔ اشتہار بنام: شکیلہ کوثر بیوہ، محمد عثمان، محمد عمر، محمد بلال، محمد سبحان پسران محمد رشید اقوام ملک سکنائے مکان نمبر 30 گلی نمبر 42 محلہ نور پارک نور مسجد اسلام پورہ لاہور، محمد سلیمان پسر محمد رشید (متوفی بلازن) مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 13-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب سائرہ افضل صاحبہ جج

فیملی کورٹ سیالکوٹ

مسماۃ سحر گلفام وغیرہ بنام ایم گلفام قیصر

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ

اخبار اشتہار بنام ایم گلفام قیصر ولد ایم شفیع قیصر قوم ساکن مکان نمبر H-1787 محلہ دار السلام سمبڑیال ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 10-10-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کرسکتے ہیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر وقابل قبول نہ ہوگا۔ بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Ali Tabbasum

انتقال وراثت۔ اطلاع عام مطلع کیا جاتا ہے کہ سردار خاں ولد محمد بوٹا قوم آرائیں سکنہ مونگ تحصیل وضلع منڈی بہاوالدین جو کہ 01-10-2025 کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں ان کے شرعی وارثان میں محمد بوٹا والد پہلے فوت شد، راجاں بی بی والدہ پہلے فوت شد، غلام نبی بھائی پہلے فوت شد، دائم اقبال بھائی بعد فوت شد، یار خاں بھائی زندہ نسیم بی بی ہمشیرہ پہلے فوت شدہ درج ہیں ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو تین یوم کے اندر متعلقہ دفتر سے رابطہ کرلے بصورت دیگر انتقال وراثت پاس کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

عاق نامہ

میں اپنی حقیقی بیٹی علیشاء کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ وغیرہ منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اور آئندہ اس کے کسی قول وفعل یا لین دین کا ذمہ دار نہیں ہوں گا۔

المشتہر: محمد بوٹا ولد محمد شریف سکنہ گلی نمبر 9 حسین کالونی اوکاڑہ

khokharasifCr

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال احمد علی ولد نذیر احمد کا انتقال وراثت ون فور ایل تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہوکر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے باز گشت میں حلیمہ بی بی بیوہ۔ عامر علی پسر وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہوکر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعدازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب خالد حیات صاحب

سول جج پسرور

مرمہ دعویٰ دخلیابی بذریعہ تقسیم مکان ودکانات بعد اٹھائے جانے ملبہ: شاہد اقبال بنام فقیر سائیں وغیرہ: اشتہار بنام محمد رمضان۔ اسد باجوہ پسران نذیر احمد اقوام جٹ ساکنان خانانوالی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

از دفتر جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ / کمیونٹی ڈویلپمنٹ جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سردار علی ولد محمد صدیق سکنہ چک نمبر 76 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد نے درخواست گزاری ہے۔ کہ رجسٹر تاریخ و پیدائش یونین کونسل نمبر 59 چک نمبر 72 گ ب کے ریکارڈ میں سائل کا نام محمد سردار درج ہے جو کہ غلط ہے۔ جبکہ بمطابق شناختی کارڈ درست نام سردار علی ولد محمد صدیق ہے درستگی کی جائے۔ اس بابت اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اندر 10 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر ریکارڈ میں درستگی کر دی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

۔ المشتہر: اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ جڑانوالہ

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محترمہ نازیہ یاسین فیملی وسول اور گارڈین جج کامونکی ضلع گوجرانوالہ

اشتہار برائے عوام الناس

دعویٰ۔ درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ برائے تقرری گارڈین

مدعیہ۔ محمود احمد ولد محمد عرفان، ماہ نور 2 متفی 3 علی حیدر ساکنان شمیر تحصیل کامونکے ضلع گوجرانوالہ

بنام۔ عوام الناس

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی بھی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو وہ مورخہ 10/10/2026 کو عدالت حضور میں پیش ہو ورنہ بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem Gujjar

عاق نامہ

مسمی محمد عرفان ولد بھورل میرا حقیقی بیٹا ہے۔ جس کو بوجہ نافرمانی بداخلاقی کرنا بری صحبت کے متحمل ہونے پر اپنے ؟پ اور اپنے اہل خانہ سے اور ؟پنی جائیداد منقولہ وغیر منقولہ سے عاق کرتا ہوں۔ آئندہ اس کے کسی قول فعل کے میں اور میرا کوئی خاندان کا فرد ذمہ دار نہیں ہوگا

المشتہر۔

ورلڈرحیم بخش قوم جٹ سکنہ محلہ بستی فضل پور ڈاک خانہ خاص تحصیل صادق اباد ضلع رحیم یار خان

C/o..RM

بعدالت جناب محترمہ سمیرا اسلم صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

محمد صدیق بنام محمد ہارون وغیرہ درخواست منسوخی۔ اشتہار بنام:۔ عشرت بی بی بیوہ، منابل (نابالغہ) دختر، محمد مستقیم نابالغ، ماہین ہارون (نابالغہ) دختر محمد مقیم نابالغ پسر محمد ہارون اقوام میو سکنائے چھانگا نوالہ تحصیل وضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 15-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش

اشتہار بنام:۔ مسمی عمران خان ولد رحیم خان ساکن مدنی کالونی گلی نمبر 4 بہاولنگر، نے اپنے حقیقی بھائی کامران خان تاریخ پیدائش مورخہ 14-08-2006 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ اگر کسی شخص کو کامران خان تاریخ پیدائش مورخہ 14-08-2006 کے بارے میں عذر واعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آکر اپنا تحریری طور پر بیان/اعتراض داخل کروائے، بعد از معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کردیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول ہوگا۔

المشتہر۔ رجسٹرار/اہلکار

پیدائش، اموات، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی تحصیل وضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

اشتہار برائے گمشدگی کاغذات

میری موٹر سائیکل بلا نمبری، چیسیز نمبر EC210716، انجن نمبر T528504 کے کاغذات دوران سفر موضع منڈ کی گورائیہ میں گر کر گم ہوگئے ہیں جس کسی کو ملیں یا اس بارے علم ہو تو درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں۔ المشتہر: عثمان علی ولد سلامت علی سکنہ نئی آبادی، ڈاکخانہ منڈ کے گورائیہ، جنڈوکے، تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

Cr..Zia

بعدالت جناب عقیل احمد جنجوعہ صاحب سول جج درجہ اول ملکوال۔ دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع۔ مریم بنام ارسلان علی۔ اشتہار بنام۔ ارسلان علی ولد نور محمد قوم مسلم شیخ سکنہ بوسال سکھا تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاوالدین۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 17-10-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال نوشیر ولد محمد فاضل کا انتقال وراثت بھگوان پورہ گیرہ تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہوکر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے باز گشت میں سلمیٰ بی بی بیوہ۔ لیاقت علی۔ شہادت علی۔ محمد انور پسران شمیم اختر دختر وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہوکر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعدازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی

صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع: ایمان فاطمہ بنام سید علی حمزہ: اشتہار بنام سید علی حمزہ ولد رفیق شاہ ساکن کھرپا تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 13-10-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب حناء رشید صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

درخواست بیدخلی مکان

شکیل احمد بنام سعید خان ولد گل خان ذات پٹھان، مشتاق بھلر، عثمان، مبشر، عبدالرزاق ولد محمد بشیر قوم بھلر ساکنان کوہلووالہ تحصیل وضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 09-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب طالب حسین صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سوہاوا دختر خاں چک نمبر 276 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں خاں والد، بشریٰ والدہ، رضیہ بی بی زوجہ پہلے فوت شدگان، بلال احمد، اعجاز پسران، رضیہ بانو، صفیہ بانو، بشریٰ دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب طالب حسین صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد جہانگیر ولد خان محمد چک نمبر 276 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں خان محمد والد، بشریٰ والدہ، بھکی بیوہ، شہزاد جہانگیر، جواد جہانگیر، فواد جہانگیر پسران، اقراء جہانگیر دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب رانا مظہر علی صاحب سول جج درجہ سوئم قصور

نسیم بی بی بنام نسرین بی بی وغیرہ دعویٰ۔ دخلیابی۔ اشتہار بنام:۔ نسرین بی بی بیوہ حبیب احمد، محمد حبیب، منیب احمد، مفیض احمد نابالغان پسران حبیب احمد بذریعہ والدہ حقیقی اقوام میو سکنائے کھارہ تحصیل وضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 09-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش

اشتہار بنام:۔ مسماۃ شازیہ بی بی زوجہ محمد علی رضاء ساکن مدینہ ٹاؤن چشتیاں روڈ گلی نمبر 10 بہاولنگر، نے اپنی حقیقی بیٹی شہر بانو تاریخ پیدائش مورخہ 15-11-2013 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ اگر کسی شخص کو شہر بانو تاریخ پیدائش مورخہ 15-11-2013 کے بارے میں عذر واعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آکر اپنا تحریری طور پر بیان/اعتراض داخل کروائے، بعد از معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کردیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول ہوگا۔

المشتہر۔ رجسٹرار/اہلکار

پیدائش، اموات، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی تحصیل وضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ملکوال۔ درخواست تقسیم اراضی۔ محمد اسلم بنام شیخ عمران خان وغیرہ۔ اشتہار بنام۔ شیخ عمران خان، توقیر احمد پسران بشیر احمد اقوام شیخ ساکن ہریا (ریلوے اسٹیشن)، ناصر اکرم، جمشید اکرم، شاہد اکرم، احسان اکرم پسران محمد اکرم اقوام پھپھرہ سکنائے پھپھرہ تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاوالدین۔ درخواست مندرجہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مسئول علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 08-10-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ حال وزیراں بی بی بیوہ بشیر احمد کا انتقال وراثت 41 فور ایل تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہوکر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے باز گشت میں محمد صادق۔ محمد شریف۔ محمد حنیف پسران صدیقہ بی بی دختر متوفیہ وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہوکر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعدازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

مشتری ہوشیار باش۔۔ ہر گاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں ثمینہ اختر زوجہ راؤ اکبر خاں اپنی جائیداد واقع DOHS اوکاڑہ کینٹ کا نصف حصہ کی بلا شرکت غیرے مالکہ ہوں قرض رہن قانونی متنازعہ سے پاک ہے جائیداد مذکرہ بالا MEO ملتان کے زیر انتظام ہے جائیداد کا نصف حصہ اپنے شوہر راؤ اکبر خاں کو بلا دھونس جبر ہبہ / گفٹ / کر رہی ہوں حقوق اور ملکیت پٹہ ٹرانسفر ہونے کے بعد میرے شوہر راؤ اکبر خاں کو حق حاصل ہوگا کہ جائیداد کو کرایہ پر دے مرمت ودیکھ بھال کرے فروخت کرے یا کسی کو مختار عام دے اس سلسلہ میں کسی ادارے ایجنسی یا کسی شخص کو کوئی عزر اعتراض ہو تو اندر اخبار اشتہار 15 یوم مجھ سے یا MEO ملتان سے رابطہ کرسکتا ہے بعد میں کوئی عزر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا المشتہر ثمینہ اختر زوجہ راؤ اکبر خاں اوکاڑہ کینٹ۔

naqeebicr-

بعدالت جناب رانا محمد عرفان صاحب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر صاحب تحصیل جڑانوالہ

دعویٰ دلاپانے عنوان مقدمہ سوئی گیس بنام حاجی محمد اسلم اخبار اشتہار بنام حاجی محمد اسلم ساکن سول لائن روڈ نزد ضلع ناظم ہاؤس جہلم۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 08-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 40

اپنے اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حاضری نصیب فرمائیں۔

بقیہ سحر 41

میڈیکل سوشل سروسز یونٹ شورکوٹ سہیل آرتھر سمیت دیگر متعلقہ ارکان نے شرکت کی بورڈ کے اجلاس میں معذوری سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے 103 درخواستیں پیش کی گئیں۔ تفصیلی طبی معائنے اور جانچ پڑتال کے بعد 89 افراد کو معذور قرار دیا گیا، جبکہ 3 افراد مقررہ معذوری کی کیٹیگری میں شامل نہ ہو سکے۔ مزید 2 درخواستوں کو خصوصی طبی رائے کے لیے ریفر کیا گیا، جبکہ 9 درخواست گزار بورڈ کے سامنے پیش نہ ہوئے اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ماریہ امداد نے کہا کہ خصوصی افراد کو صحت اور سماجی تحفظ کی سہولیات تک آسان رسائی فراہم کرنا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے اسیسمنٹ بورڈز کے باقاعدہ انعقاد سے مستحق خصوصی افراد کی بروقت تشخیص اور سرٹیفکیشن ممکن ہو رہی ہے، جس کے ذریعے وہ مختلف سرکاری فلاحی پروگراموں سے استفادہ کر سکتے ہیں فوکل پرسن ڈاکٹر محمد فہد مقبول نے بتایا کہ محکمہ صحت پنجاب اور محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب کے تعاون سے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شورکوٹ میں باقاعدگی سے اسیسمنٹ بورڈز منعقد کیے جا رہے ہیں تاکہ خصوصی افراد کو معذوری سرٹیفکیٹ کے حصول میں آسانی فراہم کی جا سکے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر سہیل آرتھر نے بتایا کہ جن افراد کو خصوصی فرد کا سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے، انہیں نادرا کے ذریعے خصوصی شناختی کارڈ کے حصول کے لیے بھی رہنمائی اور ریفرل فراہم کیا جاتا ہے انہوں نے بتایا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے ڈس ایبلڈ پرسن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (DPMIS) کے ذریعے آن لائن رجسٹریشن اور ڈیجیٹل خصوصی فرد سرٹیفکیٹس کا اجرا بھی کیا جا رہا ہے، جس سے خصوصی افراد اور ان کے اہل خانہ کو گھر بیٹھے رجسٹریشن اور سرٹیفکیٹ کے حصول میں سہولت مل رہی ہے۔

بقیہ سحر 42

صلاحیتوں، مثبت رویّے، حسنِ اخلاق اور طلبہ کی تعلیمی و اخلاقی ترقی کو اپنی کامیابی کا معیار سمجھتا ہے۔ تعلیمی ماہرین کے نزدیک استاد کا منصب محض کتابی علم منتقل کرنے تک محدود نہیں بلکہ وہ نئی نسل کی کردار سازی، اخلاقی تربیت، خود اعتمادی اور مستقبل کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایک باصلاحیت اور فرض شناس استاد اپنے عمل سے طلبہ کے لیے مثال بنتا ہے اور اپنے ادارے کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سپیریئر کالج جھنگ کے پرنسپل پروفیسر عثمان حیدر یلدرم کے حوالے سے اس موضوع کی اہمیت اس امر کو اجاگر کرتی ہے کہ تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، احساسِ ذمہ داری، باہمی احترام اور طلبہ کی بہتر تربیت کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ استاد کی حقیقی عزت اس کے کردار، علم، محنت اور مثبت تعلیمی خدمات سے وابستہ ہوتی ہے۔

بقیہ سحر 43

اتھارٹی جھنگ تنویر احمد غزالی کو محکمہ تعلیم میں شاندار کارکردگی اور بہترین انتظامی خدمات کے اعتراف میں بہترین چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) ایجوکیشن کا ایوارڈ دیا گیا، جبکہ انہیں گولڈ میڈل سے بھی نوازا گیا یہ اعزاز تنویر احمد غزالی کی بہترین انتظامی صلاحیتوں، انتھک محنت، پیشہ ورانہ خدمات اور ضلع جھنگ میں تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے کی جانے والی کاوشوں کا اعتراف ہے۔ ان کی نمایاں کارکردگی پر تعلیمی حلقوں، اساتذہ اور محکمہ تعلیم سے وابستہ شخصیات نے انہیں مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس اعزاز کو جھنگ کے لیے بھی باعثِ فخر قرار دیا ہے صدر محمد انور رجبہ، غلام شبیر نائب صدر، سعید احمد جنرل سیکرٹری، صدر فی میل ونگ رابعہ کوثر، صائمہ اقبال، سمیعہ بتول، نوید اسد، شیخ شفقت حسین، عمر فاروق، محمد اسلم بھٹی، غلام قاسم بھنگو، چوہدری احسان، ملک غلام فرید، رانا محمد افضل اور رفان ذوالفقار مرزا پنجاب ٹیچرز یونین جھنگ نے تنویر احمد غزالی کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لیے مزید کامیابیوں، عزت اور نیک نامی کی دعا کی ہے۔

بقیہ سحر 44

کی خدمات ناقابل فراموش ہیں جنہوں نے مشکلات اور تھوڑے معاوضے کے باوجود قوم کے نونہالوں کو علم و کردار اور زندگی کے حسن اخلاق سے آراستہ کیا۔ یعنی اساتذہ اس معاشرے کا وہ طبقہ ہے جو خود جل کر دوسروں کے لیے روشنی پیدا کرتے ہیں۔ والدین معاشرے میں ہمارے دنیا میں آنے کا سبب بنتے ہیں تو اساتذہ ایک انسان کو اٹھا کر آسمان کی بلندیوں تک پہنچانے کا ذریعہ ہیں۔ مگر افسوس کہ ہمارے معاشرے میں ایک استاد۔ معلم کو حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ غیر ممالک میں ایک استاذ کو سب سے بڑھ کر درجہ دیا جاتا ہے لیکن پاکستان میں صرف ٹیچرز ڈے منا کر انہیں ایک دن کے لیے عزت دے کر ہم اپنی جان چھڑا لیتے ہیں۔ جبکہ ایک استاد کی عزت و احترام تو ہم پوری زندگی ادا نہیں کر سکتے۔ جس انسان سے ہم نے حاصل کیا، کوئی ہنر سیکھا، آگے بڑھنے کا راستہ پایا یا پھر زندگی کا کوئی سبق سیکھا وہ ہمارے لیے استاد کا درجہ رکھتا ہے۔

اعلان لاتعلقی

میں اپنی زوجہ غلام زہرہ دختر ناصر عباس کو بوجہ نافرمانی، گستاخی، غلط چال چلن اور بری حرکات کی وجہ سے اعلان لاتعلقی کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے خاندان کے دیگر افراد کا اس کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہ ہوگا اور نہ ہی ہم اس کے قول و فعل اور لین دین کے ذمہ دار ہوں گے۔

المشتہر: محمد عارف ولد ہدائیت علی قوم کھرل ساکن ٹھٹھی وجھل تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب

CR...CH IMTIAZ AHMED

بعدالت جناب حافظ محمد طفیل صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: بدر رسول بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: شفقت رسول ولد ریاض احمد، روبینہ کوثر دختر ریاض احمد ساکنان سکیم نمبر 1 ابوالخیر بازار کوٹ عبدالمالک تحصیل فیروز والہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعا علیہم۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 20-10-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب تابندہ بتول کاظمی صاحبہ سول جج جہلم

درخواست گارڈین عنوان مقدمہ شبانہ کوثر بنام عوام الناس اخبار اشتہار منجانب شبانہ کوثر زوجہ دلنواز ساکن جناح کالونی روہتاس روڈ جہلم بنام عوام الناس۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 10-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 45

حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات اور بالخصوص پوزیشن ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ حکومت پنجاب اس امر کو یقینی بنا رہی ہے کہ مالی وسائل کی کمی کسی بھی ذہین اور محنتی طالب علم کی تعلیمی راہ میں رکاوٹ نہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں جدید سہولیات کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ گورنمنٹ مرے گریجویٹ کالج میں 60 کلوواٹ سولر سسٹم کی تنصیب سے ادارے کے توانائی کے اخراجات میں کمی اور تعلیمی ماحول میں بہتری آئے گی، جبکہ ڈے کیئر سنٹر سے کالج کے خواتین اساتذہ اور عملے کو سہولت میسر ہوگی۔ انہوں نے کالج میں اردو بلاک تعمیر کرنے کا بھی اعلان کیا۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ علامہ محمد اقبال نے نہ صرف پاکستان کا خواب دیکھا بلکہ برصغیر کے مسلمانوں سمیت پوری امت کو خواب غفلت سے بیدار کرنے کا پیغام دیا۔ اقبال نے اپنے استاد مولوی میر حسن کی علمی عظمت اور استاد کے احترام کی عملی مثال قائم کی اور انہیں شمس العلماء کے اعزاز کے لیے نامزد کیا، جو استاد اور علم کی عظمت کے حوالے سے ایک قابلِ تقلید مثال ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب ہونہار اسکالرشپ پروگرام باصلاحیت نوجوانوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ حکومت پنجاب تعلیم کے فروغ، طلبہ کی حوصلہ افزائی اور تعلیمی اداروں میں جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ پرنسپل پروفیسر مہر الیاس نے مہمانان گرامی کو سپاسنامہ پیش کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ تقریب میں کالج انتظامیہ، اساتذہ، طلبہ و طالبات اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر محمد منشاء اللہ بٹ اور چوہدری فیصل اکرام نے ہونہار طلبہ و طالبات میں اسکالرشپ اسناد تقسیم کیں اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پوزیشن ہولڈرز کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ محمد منشاء اللہ بٹ اور چودھری فیصل اکرام نے سبزہ زار میں اپنے ہاتھوں سے پودے بھی لگائے۔

بقیہ سحر 46

کوشش ہے کہ ہماری برادری کے بچے پڑھ لکھ کر برادری کا نام روشن کریں اس کے لیے ہم نے فیصلہ کیا ہے جو بچے بچیاں پڑھنا چاہتے ہیں اور فیسوں یا کتابوں کی وجہ سے نہیں پڑھ سکتے ان کے لیے ایسوسی ایشن ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے اخراجات ایسوسی ایشن برداشت کرے گی۔ سرپرست اعلی چوہدری عبدالرشید، نے کہا کہ ایسوسی ایشن پچھلے 40 سال سے کام کر رہی ہے اور تمام ممبران جوش و خروش سے برادری کی بہتری کے لیے دن رات کوششوں میں مصروف ہیں . ایشال فاطمہ کے والد چوھدری شکیل احمد نے تمام ممبران جن میں ماسٹر اکبر۔ محمد سلیمان۔ شکیل احمد۔ نثار احمد۔ عمران اسلم۔ حافظ عبدالرزاق۔ محمد وسیم۔ محمد صدیق۔ محمد اسلم طفیل محسن علی۔ محمد شفیق مقصود احمد۔ وقاص خلیل۔ محمد رمضان خلیل احمد۔ صہیب اسحاق اور راشد علی۔ محمد جاوید شامل ہیں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ سحر 47

انتظامیہ پاسکو کے معاملات میں متعلقہ اداروں سے مکمل رابطہ رکھے گی اور کسانوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ سحر 48

منتقل کرنا ہے، اس سلسلے میں صنعت، زراعت، تجارت، برآمدات، توانائی اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں مربوط اقدامات کی ضرورت کو مدنظر رکھا جا رہا ہے صنعت کا پہیہ تیز ہونے سے نہ صرف روزگار میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ چھوٹے کاروبار، ٹرانسپورٹ، خدمات اور دیگر معاشی شعبے بھی فعال ہوتے ہیں، اسی لیے صنعتی یونٹس کو سہولیات کی فراہمی، بجلی و گیس کے مسائل کے حل، کاروباری لاگت میں کمی اور سرمایہ کاروں کو ضروری سہولتیں فراہم کرنا حکومتی ترجیحات میں شامل ہے پنجاب میں وزیر اعلیٰ کی قیادت میں عوامی خدمت کے متعدد منصوبوں پر کام جاری ہے اور صحت، تعلیم، سڑکوں، صفائی، زراعت، نوجوانوں، خواتین، کسانوں اور کم آمدنی والے طبقات کے لیے مختلف پروگرام شروع کیے گئے ہیں جن کا مقصد عام شہری کو اس کی دہلیز پر سہولتیں فراہم کرنا ہے پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ عوامی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے، سرکاری اداروں کی کارکردگی بڑھانے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور انتظامی نظام میں بہتری لانے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ سرکاری وسائل زیادہ مؤثر انداز میں عوامی فلاح پر خرچ ہوں کسان ملکی معیشت میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے اس لیے زرعی شعبے کی ترقی، جدید زرعی ٹیکنالوجی تک رسائی، پیداواری لاگت میں کمی اور کسانوں کو مارکیٹ تک بہتر رسائی فراہم کرنا بھی معاشی ترقی کا اہم حصہ ہے جبکہ نوجوانوں کو ہنرمند بنانے اور انہیں روزگار و کاروبار کے مواقع فراہم کرنے سے ملک کی افرادی قوت کو معاشی قوت میں تبدیل کیا جا سکتا ہے عوامی خوشحالی کے لیے ضروری ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ صحت اور تعلیم کے شعبوں کو بھی مسلسل مضبوط کیا جائے، سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات بہتر ہوں۔

عاق نامہ

میں اپنی دختران مومنہ بی بی، شکیلہ بی بی، نیلم بی بی، اللہ معافی، عزیزہ بی بی کو بوجہ نافرمانی، گستاخی، غلط چال چلن اور بری حرکات کی وجہ سے اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے خاندان کے دیگر افراد کا ان کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہ ہوگا اور نہ ہی ہم ان کے قول و فعل اور لین دین کے ذمہ دار ہوں گے۔

المشتہر: محمد عارف ولد ہدائیت علی قوم کھرل ساکن ٹھٹھی وجھل تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب

CR...CH IMTIAZ AHMED

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ، بعنوان: ارشد علی بنام واپڈا وغیرہ

اشتہار بنام: واپڈا بذریعہ چیئرمین واپڈا ہاؤس لاہور، XEN واپڈا/ لیسکو ڈویژن مریدکے، XEN واپڈا لیسکو ڈویژن مریدکے، SDO واپڈا/ لیسکو سب ڈویژن راوی ریان، R O واپڈا لیسکو ڈویژن مریدکے بنام مدعا علیہم۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 07-10-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب میڈم سائرہ ارشد چیمہ صاحبہ سول جج درجہ اول/ فیملی جج چشتیاں، دعویٰ: تنسیخ نکاح وغیرہ، آئندہ پیشی: 10-10-2026 - ثناء بی بی وغیرہ بنام علی احمد ولد غلام رسول ذات آرائیں سکنہ بستی عمر دین چک صادق نگر تحصیل و ضلع بہاولنگر۔ ہر گاہ کہ دعویٰ عنوان بالا میں آپ/ مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقے سے ممکن نہ ھے۔ بذریعہ اشتہار ہذا آپ/ مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ھے۔ کہ آپ/ مدعا علیہ بتقرر 10-10-2026 بوقت 8 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں۔ بصورت دیگر آپ/ مدعا علیہ کے خلاف کارروائی یکطرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

C/o..RM

بقیہ سحر 1

جاری دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔ ڈی پی او کے مطابق ایف بی آر کے چار اہلکاروں اور ایک ٹریفک پولیس اہلکار کو دوران ڈیوٹی نشانہ بنایا گیا

بقیہ سحر 2

عالمی معاملات زیر بحث آئے۔ اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو جموں و کشمیر اور سندھ طاس معاہدے سے متعلق پاکستان کے مؤقف سے آگاہ کیا اور جموں و کشمیر تنازع کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق منصفانہ اور پرامن حل کے لیے پاکستان کے مطالبے کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم نے مکالمے اور کشیدگی میں کمی کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں پر بھی روشنی ڈالی، جن میں امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد مذاکرات میں پاکستان کی سہولت کاری بھی شامل ہے

بقیہ سحر 3

ہے کہ گیس لوڈ مینجمنٹ کی حکمت عملی پر عملدرآمد کے حوالے سے بھرپور عوامی آگہی مہم چلائی جائے ،موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں گیس کی بلاتعطل درآمد کے حوالے سے تمام تر ضروری اقدامات کئے جائیں۔ منگل کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت موسم سرما میں گیس لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے گیس کی لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے جامع لائحہ عمل ترتیب دینے اور پیشگی اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس لوڈ مینجمنٹ کی حکمت عملی پر عملدرآمد کے حوالے سے بھرپور عوامی آگہی مہم چلائی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں گیس کی بلاتعطل درآمد کے حوالے سے تمام تر ضروری اقدامات کئے جائیں۔ اجلاس کو گیس لوڈ مینجمنٹ کے حوالے پیشگی اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مقامی گیس کی فراہمی کے حوالے سے گھریلو صارفین ترجیح ہوں گے، بجلی کی پیداوار اور صنعتوں کے لئے آر ایل این جی ترجیح ہوگی۔ بتایا گیا کہ گھریلو سطح پر مقامی گیس کی جگہ متبادل ذرائع توانائی کو فروغ دینے کے حوالے سے عوامی آگہی مہم شروع کی جائے گی۔ بریفنگ دی گئی کہ ملک کے شمالی علاقوں میں موجود گیس کے ذخائر سے بلا تعطل ترسیل یقینی بنانے کے حوالے سے بھی اقدامات کئے جارہے ہیں

بقیہ سحر 4

کارکردگی کی بنیاد پر پروبیشن کی مدت کے دوران ملازمت ختم کرنا عموماً برطرفی یا ملازمت سے اخراج کے مترادف نہیں ہوتا۔ چیف جسٹس امین الدین خان، جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل تین رکنی بینچ نے ڈائریکٹر جنرل نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (نمل) اور دیگر کی جانب سے راحت محمود کے خلاف دائر درخواست پر فیصلہ جاری کرتے ہوئے بلوچستان ہائی کورٹ کا 31 مارچ 2026 کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا اور پروبیشن کے دوران غیرتسلی بخش کارکردگی پر راحت محمود کی ملازمت ختم کرنے کا حکم بحال کردیا۔

بقیہ سحر 5

ذخائر کو مستحکم قرار دیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جولائی سے ستمبر کے دوران فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے مقررہ اہداف حاصل کیے جانے کو بھی خوش آئند قرار دیا گیا۔ وزارت خزانہ کے ذرائع نے بتایا کہ ٹیکس آمدن کا ہدف حاصل ہونے کے باعث رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں اہم معاشی کامیابیاں حاصل ہوئیں، مذاکرات کے دوران رواں سال کے اختتام پر کسانوں کیلئے فکسڈ ٹیکس سکیم متعارف کرانے کی تجویز پر بھی بات چیت کی گئی۔

بقیہ سحر 6

کردیا۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات آخری مراحل میں داخل ہوگئے جب کہ رواں ہفتے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ طے پانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے کہا کہ آئی ایم ایف مشن اور پاکستانی حکام نے ایم ای ایف پی کی تیاری پر کام شروع کردیا، آئی ایم ایف مشن نے وزارت خزانہ، ایف بی آر اور وزارت پٹرولیم کے حکام سے ملاقاتیں کیں، آئی ایم ایف نے صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر ڈی ریگولیٹ کرنے کا مطالبہ کردیا۔ ذرائع کے مطابق سندھ نے مرکز کی شوگر پالیسی کو صوبائی خودمختاری میں مداخلت قرار دے دیا۔ ذرائع وزارت خزانہ نے کہا کہ سندھ کے اختلاف کے باعث شوگر پالیسی پر اتفاق نہ ہوسکا، آئی ایم ایف نے آٹو پالیسی میں ای وی گاڑیوں کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ کردیا۔ ایف بی آر نے رواں سال کا ٹیکس ہدف حاصل کرنے کی یقین دہانی کرادی، آئی ایم ایف نے جولائی تا ستمبر محصولات میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ آئی ایم ایف نے گردشی قرضے میں کمی اور ڈسکوز کے نقصانات پر قابو پانے پر زور دیا اور ڈسکوز کی نجکاری کے لیے اقدامات تیز کرنے پر بھی زور دیا۔

بقیہ سحر 7

بیرون ممالک میں کمیونٹی ویلفیئر اتاشیز کا نوٹیفکیشن جاری کرنے سے روکنے کے حکم میں توسیع کردی گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے آرڈر کے باوجود اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کا جواب جمع نہ ہوسکا، اسلام آباد ہائیکورٹ نے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو 26 اکتوبر تک جواب جمع کرانے کی ہدایت کی، عدالت نے کہا کہ آئندہ سماعت تک جواب جمع نہیں کرایا جاتا تو سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ذاتی حیثیت میں پیش ہوں۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشیز کیلئے اگست 2026 میں ہونے والے انٹرویو کے نتائج جاری کرنے سے روکنے کے حکم میں 26 اکتوبر تک توسیع کردی گئی، اسلام آباد ہائیکورٹ نے فریقین کو آئندہ سماعت سے قبل تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ایاز شوکت نے رضا حسن کی درخواست پر سماعت کی، عدالت نے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سے جواب طلب کرتے ہوئے سماعت 26 اکتوبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ سحر 8

گا، کشمیر چوک کشمیر کے نام سے منسوب ہے، یہی شاہراہ ایک دن سری نگر تک پہنچے گی، کشمیریوں کو آزادی اور بنیادی حقوق ملیں گے۔ وہ منگل کو یہاں کشمیر چوک انڈر پاس کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کر رہے تھے۔ تقریب میں وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، وزیرمملکت طلال چوہدری بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک کی ترقی اور معاشی استحکام کے لیے دن رات کوشاں ہے، ہم نے اڑھائی سال کی محنت سے ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، ملکی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے

بقیہ سحر 9

گیری اور آبی وسائل سعود بن حمود بن احمد الحسینی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا پرتپاک خیرمقدم کیا۔ عمان کے وزیر سعود بن حمود بن احمد الحسینی نے یو این بی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ حاصل کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو مبارکباد دی۔ ملاقات میں پنجاب اور عمان کے درمیان ایگریکلچر، فشریز اور واٹر ریسورس میں باہمی تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ سحر 10

کو عالمی تعلقات کی بنیاد بنانا ہوگا۔ چیئرمین سینیٹ کا جامع طرز حکمرانی، امن اور عالمی تعاون کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہنا تھا کہ پاکستان تنازعات کے پرامن حل، مکالمے اور کشیدگی میں کمی کا حامی ہے۔ اپنی گفتگو میں یوسف رضا نے کہا کہ نے عالمی برادری پر زور دیا کہ مسائل کے حل کے لیے بات چیت اور باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے۔ چیئرمین سینیٹ کا کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کرتے ہوئے کہنا تھا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہیے۔

بقیہ سحر 11

کی جانب سے محکموں میں ردوبدل کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر صحت و بہبود آبادی ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر سے بورڈ آف ریونیو کا قلمدان لے کر راجہ محمد ریاست کو تفویض کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح عبدالرحمان آرائیں کو سیاحت کے ساتھ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر، صنعت و کامرس، لیبر و اوزان و پیمائش، معدنی وسائل اور پرنٹنگ پریس کے محکمے بھی سونپ دیے گئے ہیں۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے بعد کابینہ میں محکموں کی نئی تقسیم کا اطلاق کر دیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 12

درخواست دی کہ عمران خان کا بلڈ پریشر انتہائی حد تک بڑھ چکا ہے لہٰذا ملاقات کرائی جائے اور ساتھ ہی غیرملکی ڈاکٹر سے مشورے کا بھی دعویٰ کیا ہے۔ پاکستانیجریں عمران خان کے سابق ترجمان فیصل چوہدری نے بانی پی ٹی آئی سے فوری ملاقات کے لیے سپرینٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو درخواست دے دی ہے اور درخواست میں انکشاف کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق معلومات حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ارکان سے بھی ملی ہیں۔ درخواست میں انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ رانا ثنا اللہ، نوید قمر اور اعجاز جاکھرانی سمیت حکومتی کمیٹی کے ارکان نے معلومات کی تصدیق کی ہے، بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر انتہائی حد تک بڑھنے کی اطلاعات ملی ہیں۔

بقیہ سحر 13

اور اس مسئلے کو سیاسی نعروں کے بجائے حقائق اور اعداد و شمار کی بنیاد پر دیکھنا ہوگا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سال میں خیبرپختونخوا میں تقریباً 6,200 دہشت گردی کے واقعات ہوئے جن میں تقریباً 1,200 افراد شہید ہوئے جبکہ افغان شہریوں کی جانب سے 37 خودکش حملے کیے گئے، صرف رواں سال خیبرپختونخوا میں 14 خودکش حملے ہو چکے ہیں جن میں اکثریت افغان شہریوں کی تھی۔

بقیہ سحر 14

سے فائدہ اٹھانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایم ایز، کاروباری افراد، زراعت اور ہاؤسنگ کے لیے طویل مدتی اور قابل استطاعت مالی سہولیات تک بہتر رسائی سے نجی سرمایہ کاری بڑھے گی، کاروبار کو وسعت ملے گی اور پیداواری سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے یہ بات منگل کو یہاں آئی ایف سی کے پاکستان، افغانستان، کرغز جمہوریہ، تاجکستان اور ترکمانستان کے ڈائریکٹر سائمن اینڈریوز سے ملاقات میں کہی۔ آئی ایف سی پاکستان کی پرنسپل کنٹری آفیسر ناز خان بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ ملاقات میں پاکستان میں نجی شعبے کی ترقی، سرمایہ کاری اور مالی سہولیات تک رسائی بڑھانے کے لیے آئی ایف سی کی جاری اور ممکنہ معاونت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے آئی ایف سی کے نمائندوں کا خیرمقدم کیا اور پاکستان کے ساتھ بالخصوص نجی شعبے کے لیے مالی معاونت اور سرمایہ کاری پر مبنی معاشی ترقی کے حوالے سے آئی ایف سی کی مسلسل شراکت داری کو سراہا۔

بقیہ سحر 15

عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کا کہنا تھا کہ مکہ معاہدہ پر عمل ہونے جارہا ہے یہ وزارت خارجہ کا بہت بڑا فیصلہ ہے، دوسری طرف ہم ملک میں نئے صوبے بنانے جارہے ہیں یہ فیصلہ بھی بہت بڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف آپ بہت بڑے فیصلے کرنے جارہے ہیں پھر ملکی سیاست میں استحکام ضروری ہے، ان فیصلوں کا پاکستان کے نظام اور عوام سے بہت گہرا اثر ہوگا۔ سابق وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ اپوزیشن اور حکومت کے مذاکرات ہونا خوش آئند بات ہے، امید ہے اپوزیشن اور حکومت کے درمیان اگلے چوبیس گھنٹوں میں دوبارہ مذاکرات ہوں، پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی پہلے بانی پی ٹی آئی کیلئے ریلیف تولے پھر ملاقات بھی کرلے۔

بقیہ سحر 16

کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات باعث تشویش ہیں۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے چار کسٹم اہلکار اور ایک ٹریفک اہلکار کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گرد عناصر کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 17

ون پیشنٹ، ون آئی ڈی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ون پیشنٹ، ون آئی ڈی منصوبے پر مشترکہ طور پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور وزیراعظم کی ہدایات کی روشنی میں منصوبے کو جلد فعال کرنے کے لیے مشترکہ لائحہ عمل طے کیا گیا۔ اجلاس میں منصوبے کو جلد نافذ العمل کرنے کے لیے عملی اقدامات اور واضح تحقیقاتی دائرہ کار مرتب کرنے پر زور دیا گیا۔ شرکا نے منصوبے کے بہترین معیار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے اس کا تھرڈ پارٹی ریویو/آڈٹ کرانے کا فیصلہ بھی کیا۔

بقیہ سحر 18

حکومت کے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کے تحت گھر حاصل کرنے والے خاندانوں کی لائیو ویڈیوز سامنے لے آئیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ بہت جہالت دکھائی، اب ذرا حقیقت بھی جان لیں، یہ وہ خاندان ہیں جن کے سامنے کسی سیاسی جماعت کی تختی نہیں بلکہ ایک عام پاکستانی خاندان کا خواب حقیقت بن کر کھڑا ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے سوال اٹھایا کہ اگر یہ صرف تحریک انصاف کے دور میں بننے والے گھر تھے تو پھر 2 لاکھ 14 ہزار 302 بلاسود قرضے کس نے جاری کیے؟ 278 ارب 46 کروڑ روپے سے زائد بلاسود قرضوں کی رقم کس نے فراہم کی اور ایک لاکھ 20 ہزار 753 گھر مکمل کیسے ہوئے؟ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ 60 ہزار 464 گھر آج بھی تعمیر کے مرحلے میں ہیں،

بقیہ سحر 19

دوسری قسط کی ادائیگی مکمل کی اور 899 افراد نے بینک کارڈ جبکہ 3 ہزار 612 افراد نے مینول بینک چالان کو ترجیح دی ہے۔ ڈیجیٹل حج پورٹل کے ذریعے گھر بیٹھے آن لائن ادائیگی کا تناسب 75 فیصد سے بڑھ گیا ہے۔ حج واجبات کی دوسری قسط کی مد میں 9 اشاریہ 3 ارب روپے موصول ہو گئے۔ سرکاری سکیم میں حج واجبات کی دوسری قسط کی ادائیگی کی حتمی تاریخ 20 اکتوبر مقرر ہے۔ دوسری قسط کی ادائیگی سے قبل حج پورٹل پر میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ اپلوڈ کرنا لازم ہے۔

بقیہ سحر 20

آرگنائزیشن کے ساتھ اپنی مثبت شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان کی ہنرمند افرادی قوت کی بین الاقوامی سرٹیفکیشن اور پیشہ ورانہ تربیت کے سلسلے میں عالمی لیبر مارکیٹ کے معیارات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی جانب سے مزید سہولت معاون ثابت ہوگی۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے اپنے وفد کے ہمراہ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

بقیہ سحر 21

صرف پیشکش کی حد تک ہیں کوئی مثبت قدم نہیں اٹھایا گیا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یہ جو مذاکرات کی پیشکش ہوتی ہیں برائے نام ہیں مذاکرات صرف پیشکش کی حد تک ہیں کوئی مثبت قدم نہیں اٹھایا جاتا، ایک سال سے ملاقات بند ہے، گزشتہ سال اکتوبر میں ہماری ملاقات ہوئی تھی، ہم ہمیشہ ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے رہے ہماری نیک نیتی کے باوجود ہمیں اپنے لیڈر سے ملنے نہیں دیا جارہا بانی کی بہنیں غیرسیاسی ہیں اور ان کو حراست میں لے لیا گیا آج اڈیالہ آئے تو بتایا گیا کہ بانی کے کزن قاسم زمان کو حراست میں لے لیا جب کہ قاسم خان غیرسیاسی ہے اس نے کبھی کوئی سیاسی بیان نہیں دیا، قاسم زمان کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتا ہوں۔

بقیہ سحر 22

اور صلاحیتیں فراہم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ مکہ دفاعی اتحاد کی اسٹریٹجک، سیاسی و دفاعی کمیٹی کا ہنگامی اجلاس 5 اکتوبر کو ریاض میں ہوا، جس میں اہم فیصلے کئے گئے، دفتر خارجہ پاکستان کی جانب سے کمیٹی کا مشترکہ اعلامیہ جاری کردیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق کمیٹی نے اجتماعی دفاع کے وعدوں پر فوری عملی اقدامات کرنے اور منظور شدہ انتظامات و فریقین کی قومی قانون سازی کے مطابق سعودی عرب کو متفقہ فوجی دستے اور صلاحیتیں فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ فوجی دستوں اور صلاحیتوں کی سعودی عرب میں تیز رفتار تعیناتی یقینی بنائی جائے گی، جس سے تیاری، عسکری انضمام اور خطرات کا مقابلہ کرنے کی اجتماعی صلاحیت مزید مضبوط ہوگی۔ فریقین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہر فریق کی سلامتی تینوں ممالک کی اجتماعی سلامتی کا لازمی حصہ ہے۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا اجتماعی دفاع کے عزم کی ساکھ کو ظاہر کرتا ہے۔ اس سے دفاعی بازداریت کی مؤثریت مضبوط اور تینوں ممالک کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کیلئے اتحاد و عزم مزید واضح ہوتا ہے۔

بقیہ سحر 23

خانم سمیت دیگر کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، جس پر عدالت نے پراسیکیوشن سے مقدمات کا ریکارڈ طلب کرلیا۔ اے ٹی سی کے جج منظر علی گل نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے ریکارڈ طلب کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر وکلا کو بھی دلائل کے لیے طلب کرلیا۔ عدالت نے علیمہ خان، عظمیٰ خانم اور دیگر ملزمان کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت 6 نومبر تک ملتوی کردی۔ دورانِ سماعت سابق وفاقی وزیر اسد عمر اور فواد چوہدری، مسرت چیمہ سمیت دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے، عدالت نے اعظم سواتی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی۔ واضح رہے کہ ملزمان کے خلاف 9 مئی کے دوران جناح ہاؤس، عسکری ٹاور اور مسلم لیگ (ن) کے دفتر کو جلانے سمیت دیگر واقعات سے متعلق مقدمات درج ہیں۔

بقیہ سحر 24

کسی بھی قسم کی رکاوٹ سے بچا جا سکے، یہ اہم پیشرفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب قطر انرجی نے پاکستان کو ایل این جی کی فراہمی پر فورس میجور کی مدت میں 4 نومبر تک توسیع کردی ہے۔ دوسری جانب حکام نے خدشہ ظاہر کیا کہ توانائی کا یہ تعطل آنے والے موسم سرما کے دوران بھی برقرار رہ سکتا ہے جس کے باعث ملک میں گیس کے بحران سے نمٹنے کے لیے فوری اور متبادل اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ سحر 25

کہ حکومتی اور جماعت اسلامی کی کمیٹیاں دونوں رہنماؤں (وزیراعظم شہباز شریف ، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن) کے درمیان ملاقات کے لیے مشاورت سے شیڈول طے کرلیں۔ نائب امیر نے کہا کہ ملاقات کے شیڈول کو طے کرنے اور پٹرولیم لیوی کے مسئلہ پر دونوں اطراف کے درمیان جلد مشاورت ہوگی

بقیہ سحر 26

جہ دلوانا ہمارے دور کا اہم سنگ میل ہے، بدقسمتی سے بعد میں آنے والوں نے شہر کی ترقی پر توجہ نہ دی جس سے علاقہ پیچھے رہ گیا، مخدوم جاوید ہاشمی کی جہانیاں کے چک 113 دس آر میں چوہدری خضر حیات نجر کی رہائش گاہ پر گفتگو، چوہدری امجد مرحوم کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ تفصیل کے مطابق سینئر سیاستدان مخدوم جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ جہانیاں ان کا دوسرا گھر ہے

بقیہ سحر 27

میں شامل اپوزیشن کے لوگ اپنی پارٹی اور سوشل میڈیا کی تنقید کے زیر اثر آتے ہیں، مذاکرات کے پہلے دن حکومت کی جانب سے وزیر داخلہ نے خیبرپختونخوا میں دہشت گردی کا معاملہ اٹھایا تھا، پہلے دن اس معاملے پر اتفاق ہوا اور دہشت گردی سے متعلق نکات پر بات ہوئی، مذاکرات میں شامل کچھ لوگوں نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سے جاکر بات کی اور اگلے روز ٹیم واپس آئی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے دن بات چیت شروع ہونے سے قبل وزیر داخلہ نے فون کرکے کہا تھا کہ خیبرپختونخوا حکومت کا ایک شخص مذاکرات میں لے آئیں، تاہم مذاکرات کاروں نے کہا کہ خیبرپختونخوا حکومت کو ہم پر اعتماد ہے۔

بقیہ سحر 28

اشتعال پیدا کرنے کے کیس کی سماعت کی۔ پراسیکوٹر راجا نوید اور ملزمان کے مرکزی وکلا کے جونیئر عدالت میں پیش ہوئے۔ جونیئر وکیل نے استدعا کی کہ مرکزی وکلا ہائیکورٹ میں ہیں لہذا عدالت چالان کی کاپیاں اور تاریخ دے دے۔

بقیہ سحر 29

کے زیراہتمام قیادت، پائیدار جمہوریت اور قومی یکجہتی کے موضوع پر بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جمہوریت اختلاف رائے کو آئینی راستہ فراہم کرتی ہے اور اختلافات اداروں اور قانون کے ذریعے حل ہونے چاہئیں۔ اختلاف رائے کو تقسیم کا سبب نہیں بننا چاہیے، ایک دوسرے کی بات سننا جمہوریت کا حسن ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ مضبوط ادارے ہی شہریوں کے اعتماد اور پائیدار جمہوریت کی بنیاد بنتے ہیں۔

بقیہ سحر 30

ازبکستان کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور تجارت، سرمایہ کاری، برآمدات اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان برادرانہ اور دوستانہ تعلقات قائم ہیں جو باہمی مفاد پر مبنی اقتصادی اور تجارتی روابط کو وسعت دینے کے لئے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں

بقیہ سحر 31

پہنچنے پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ان کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے استقبال کیلئے موجود وزارت خارجہ کے اعلیٰ حکام کا سیکرٹری جنرل سے تعارف کرایا۔ قبل ازیں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش منگل کو تین روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچے، قائم مقام سیکرٹری خارجہ سفیر نبیل منیر نے ان کا استقبال کیا۔ انتونیو گوتریش یہ دورہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق دورے کے دوران اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل صدر مملکت، وزیراعظم، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی سٹاف سے ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ سحر 32

جارہا ہے تاکہ پاکستان آنے والے غیرملکی معزز مہمانوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں اور ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہو۔ اسلام آباد میں کشمیر چوک انڈر پاس کے سنگِ بنیاد کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ وزیراعظم نے خصوصی ٹاسک سونپا ہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس سمیت اہم ٹریفک اور انفراسٹرکچر منصوبے ایس سی او کانفرنس کے انعقاد سے قبل ہر صورت مکمل کیے جائیں۔ا

بقیہ سحر 33

اپنے پیغام میں کہا کہ پاک فوج نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملادیئے، پوری قوم اپنی بہادر افواج کو اس کامیابی پر سلام عقیدت پیش کرتی ہے، پاکستان کے امن وسلامتی کے خلاف ہر سازش کا پوری قوت سے مقابلہ کیا جائے گا

بقیہ سحر 34

کی درخواست پر تھانہ تحت محل بہاولنگر میں مقدمہ درج ہوا، ٹرائل کورٹ نے 15 مئی 2019ء کو مقصود احمد کو دفعہ 302(ب) تعزیرات پاکستان کے تحت عمر قید اور دو لاکھ روپے معاوضے کی سزا سنائی، جبکہ شریک ملزم نیاز احمد کو بری کر دیا تھا۔ ملزم نے سزا کے خلاف ہائیکورٹ سے رجوع کیا اور دوران اپیل مقتولہ کے والدین سے صلح کی بنیاد پر دفعہ 345 ضابطہ فوجداری کے تحت بریت کی درخواست دائر کی

بقیہ سحر 35

ہوشاب، دشت، پنجگور، خاران اور ماشکیل میں 23 کھلی کچہریاں اور جرگے منعقد ہوئے جن میں مقامی عمائدین، نوجوانوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہریوں میں سیکیورٹی، صحت، تعلیم اور پینے کے پانی سمیت عوامی مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا، ضلعی انتظامیہ نے عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے باہمی تعاون اور اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ مقامی آبادی نے سیکیورٹی فورسز اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کاوشوں کو مثبت اور خوش آئند قرار دیا۔

بقیہ سحر 36

ان کے گن مین سلمان کے لاپتا ہونے کی اطلاع ہے۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او علی اصغر نیچاری نجی گاڑی میں معمول کی گشت کے لیے تھانے سے روانہ ہوئے تھے، تاہم کافی وقت گزرنے کے باوجود دونوں سے رابطہ نہیں ہو سکا۔ پولیس کے مطابق رابطہ منقطع ہونے کے باعث ایس ایچ او اور گن مین کے مبینہ اغوا کا خدشہ ہے۔ پولیس حکام کے مطابق دونوں کی تلاش کے لیے مختلف مقامات پر کارروائیاں جاری ہیں، جبکہ واقعے سے متعلق مزید معلومات جمع کی جارہی ہیں۔

بقیہ سحر 37

کے مطابق مشتبہ مریض نواب شاہ کے کڈنی اسپتال میں زیر علاج تھا، مریض ڈائلیسس سمیت دیگر بیماریوں میں بھی مبتلا ہے۔ اہل خانہ کے مطابق مریض گزشتہ کئی ماہ سے نوابشاہ کے کڈنی ہسپتال میں ڈائلیسس کروارہے تھے، تاہم اچانک ان کے جسم پر دھبے نمودار ہونا شروع ہوگئے۔ نوابشاہ میں علاج کی سہولت نہ ہونے پر مریض کو پہلے جناح ہسپتال لایا گیا، جہاں سے اب اسے سندھ انفیکشن ڈیزیز ہسپتال نیپا منتقل کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ سندھ میں رواں سال منکی پاکس کے 43 تصدیق شدہ کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں، جن میں سے 15 کا تعلق کراچی سے ہے

بقیہ سحر 38

میں نکاسی آب کا مسئلہ، تباہ حال اسپتال، اسکولوں میں طلبہ کے لیے بنیادی سہولیات تک میسر نہیں۔

بقیہ سحر 39

گے جس کے باعث ہفتہ وار دو تعطیلات ہوں گی۔ ذرائع کے مطابق موسم سرما کے نئے دفتری اوقات کا اطلاق ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں پر نہیں ہوگا۔ یونیورسٹیوں، کالجز اور اسکولوں کے اوقات کار اس شیڈول سے مستثنٰی رہیں گے۔ محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے منسلک دفاتر چھ روزہ بنیاد پر کام کریں گے۔ ان دفاتر میں پیر سے جمعرات اور ہفتہ کو صبح ساڑھے آٹھ بجے سے دوپہر ڈھائی بجے تک دفتری امور انجام دیے جائیں گے، جبکہ جمعہ کے روز اوقات کار صبح ساڑھے آٹھ بجے سے دوپہر ساڑھے بارہ بجے تک ہوں گے۔

بقیہ سحر 40

گرفتار کرلیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے عاطف امیر کی نگرانی میں جی سی پی سوسائٹی میں قائم غیر قانونی کال سینٹر پر کارروائی کی گئی، جہاں سے 39 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق کال سینٹر کے ذریعے آن لائن قرض فراہم کرنے والی ایپس کے نام پر شہریوں سے مبینہ فراڈ اور بلیک میلنگ کی جاتی تھی۔ ذرائع کے مطابق قرض کی واپسی میں تاخیر پر شہریوں کو مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی مدد سے تیار کردہ جعلی فحش تصاویر کے ذریعے بلیک میل کیا جاتا تھا، ملزمان شہریوں کی تصاویر ایڈٹ کرکے انہیں۔

بقیہ سحر 41

مطابق شدید ژالہ باری سے کھڑی فصلوں اور میوہ جات کے باغات کو نقصان پہنچا، شہریوں اور کاشتکاروں کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ طوفانی بارش اور ژالہ باری سے گرمی کی چھٹی ہوگئی اور موسم خوشگوار ہوگیا تاہم مختلف علاقوں کی بجلی منقطع ہوگئی ادھر، رسالپور میں بھی گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش جاری ہے جبکہ پشاور میں وقفے کے بعد پھر بارش شروع ہوگئی۔ لنڈی کوتل اور گردونواح میں موسلا دھار بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا اور موسم خوشگوار ہوگیا، بارش کے باعث برساتی نالوں میں طغیانی آگئی۔ ترجمان پیسکو کے مطابق بارش کے باعث پشاور، خیبر، صوابی، مردان اور سوات میں مجموعی طور پر 83 فیڈرز پر بجلی کی فراہمی عارضی طور پر متاثر ہوئی، تاہم دیگر تمام فیڈرز پر بجلی کی سپلائی معمول کے مطابق جاری ہے۔ پیسکو چیف اختر حمید خان کی ہدایت پر آپریشن ٹیم ہائی الرٹ ہے۔ ترجمان کے مطابق جن علاقوں میں بارش رک گئی ہے وہاں بجلی کی بحالی کے لیے کام شروع کردیا گیا ہے

بقیہ سحر 42

معیشت پر توجہ دینے کے بجائے پی ٹی آئی کو ختم کرنے پر توانائی ضائع کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے 2025 اے پی سی اعلامیہ پر عمل درآمد کرایا جائے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کے پی حکومت نے کبھی تعاون سے انکار نہیں کیا، ایمرجنسی یا گورنر راج صوبے کے پانچ کروڑ عوام کے مینڈیٹ کی توہین ہے۔ شوکت یوسف زئی نے کہا کہ توقع ہے گورنر ہاؤس سازشوں کا گڑھ نہیں بنے گا، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ آج بھی مذاکرات کی بات کر رہے ہیں، حکومت کو چاہیے بغیر کسی تعطل کے اپوزیشن سے مذاکرات شروع کرے، گورنر راج کا مشورہ دینے والے وزرا حکومت کو مزید بند گلی میں لے جانا چاہتے ہیں، ہمارے مطالبات جائز ہیں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے احکامات پر عمل درآمد چاہتے ہیں

بقیہ سحر 43

کلوگرام چرس، 1363 کلوگرام میتھ ایمفیٹامائن (آئس) اور 8 کلوگرام ہیروئن شامل ہے، منشیات کی مجموعی مالیت 56 کروڑ روپے سے زائد بنتی ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق منشیات افغانستان سے پاکستان اسمگل کی گئی تھی جو محفوظ اشارہ ملنے پر سمندری راستے سے بیرون ملک اسمگل کی جانی تھیں۔

بقیہ سحر 44

نہیں چھوڑی۔ فیصل کریم کنڈی نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ انہیں چلانے والا ہی بھگوڑا ہے۔ گورنر نے کہا کہ ہمیشہ کہتا ہوں کہ ناچنے والے گھوڑے میدان میں نہیں دوڑتے۔

بقیہ سحر 45

کردیے۔ میٹرک کے سالانہ امتحانات دوئم کا آغاز اب 12 اکتوبر سے ہوگا جبکہ 7 سے 10 اکتوبر کے پرچوں کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائے گا اس حوالے سے بورڈز انتظامیہ نے وجوہات ظاہر نہیں کیں البتہ بنوں بورڈ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ حالات کی خرابی اور ڈسٹرکٹ میں انٹرنیٹ سروس نہ ہونے کی وجہ سے امتحانات منسوخ کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کی جانب سے خیبر پختونخوا میں لانگ مارچ بھی نکالا جارہا ہے جس کے باعث وہاں بعض علاقوں میں معمولات متاثر ہیں۔

بقیہ سحر 46

اور حکومتی کمیٹی کے درمیان جلد تفصیلات طے ہوں گی، وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی ملاقات میں پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر بات چیت ہوگی۔ نائب امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حافظ نعیم الرحمٰن، وزیراعظم سے ملاقات میں بجلی کی قیمتوں میں کمی اور آئی پی پیز سے متعلق اہم امور پر بھی بات کرینگے، جماعت اسلامی کا مطالبہ ہے لیوی بھتہ مکمل ختم کیا جائے

بقیہ سحر 47

کرپشن کے خاتمے، شفافیت اور احتساب کے ویژن کے تحت بدعنوانی کے خلاف سخت کارروائیاں تیز کردی گئی ہیں حکومت پنجاب کی جانب سے حالیہ دنوں میں بھی سرکاری افسران و اہلکاروں کو کرپشن کے خلاف سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں، اسی ویژن اور حکومتی ہدایات کی روشنی میں محکمہ جیل خانہ جات پنجاب میں ایک اہم کارروائی عمل میں آئی، سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک عمران برتھ، مورخہ 05 اکتوبر 2026 کو تقریباً رات 10 بجے آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کیلئے آئے۔ ملاقات کے دوران ڈسٹرکٹ جیل اٹک کے سیکیورٹی، سیفٹی اور دیگر انتظامی امور پر گفتگو ہوئی بعدازاں وہ وہاں سے روانہ ہوگئے لیکن تقریباً دو منٹ بعد سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک دوبارہ واپس آئے اور ایک اہم بات کرنے کی خواہش ظاہر کی

بقیہ سحر 48

کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک قیدی کی رہائی کے لیے اسلام آباد پر چڑھائی کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر خیبر پختون خوا میں امن و امان کی صورت حال انتہائی ابتر اور کرپشن کا بازار گرم ہے۔ زاہد خان نے کہا کہ احتجاج کے لیے سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کیا جارہا ہے، پہلی بار دیکھا کہ وزیراعلیٰ تحریک چلا رہا ہے۔ (ن) لیگی رہنما نے کہا کہ دہشت گردی کے تانے بانے دہلی اور کابل تک ملتے ہیں، خیبر پختون خوا حکومت کسی سے ڈکٹیشن لینے کے بجائے عوام کا سوچے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کو احساس نہیں کہ صوبے کے عوام کا کیا بنے گا، آپ کو عوام نے مینڈیٹ دیا ہے تو آپ ان کے مسائل پر توجہ دیں، مسائل کا حل بیٹھ کر بات چیت سے نکالا جاتا ہے۔

بقیہ سحر 49

محمد ریاض، چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمٰن، سابق چیئرمین میاں عتیق الرحمٰن، سینئر ممبران عثمان اشرف، میجر (ر) اختر نذیر، سعید خان، کامران رضی، فیصل سعید خان، مسز سکندرین حسن، ریجنل چیئرمین ایف پی سی سی آئی ذکی اعجاز اور سینئر نائب صدر لاہور چیمبر خادم حسین سمیت دیگر بھی موجود تھے

بقیہ سحر 50

وزیراعظم سے ملاقات سے انکار کا سوچا جاسکتا ہے

بقیہ سحر 51

پر فائرنگ کر دی۔ پولیس اسٹیشن کے محرر اور ہیڈ کانسٹیبل حبیب الحسن نے اپنی شکایت میں مذکورہ خاتون (جو کہ ایک ٹک ٹاکر ہیں) پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے تلخ کلامی کے دوران انہیں قتل کرنے کی کوشش کی۔ ایف آئی آر کے مطابق خاتون مبینہ طور پر پولیس چوکی میں داخل ہوئیں اور ہیڈ کانسٹیبل سے ان ریمارکس پر بازپرس کی جو ان کے خیال میں کانسٹیبل ان کے بارے میں کر رہے تھے

بقیہ سحر 52

ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے میر علی مراد خان تالپور کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میر علی مراد خان تالپور کی خیرپور اور سندھ کی تاریخ و ثقافت کے تحفظ کے لئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا

بقیہ سحر 53

اور فیضان کے ناموں سے ہوئی۔ پولیس کے مطابق دونوں لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 54

39 کروڑ روپے سے بڑھ کر 6 ارب 59 کروڑ روپے ہوگئی، محکمہ سیاحت نے نظرثانی شدہ منصوبے کے لئے 7 ارب 2 کروڑ روپے کی منظوری مانگی تھی۔ لاہور میوزیم کی بحالی کا نظرثانی شدہ منصوبہ جون 2030ء تک مکمل کرنے کی منظوری دی گئی ہے

بقیہ سحر 55

کردی ہیں۔ ایم او پلاننگ ڈاکٹر رائے امتیاز کی ہدایت پر اکتوبر میں مختلف زونز میں 17 آپریشنز کیے جائیں گے۔ کارروائیوں کا آغاز یکم اکتوبر کو عزیز بھٹی زون سے کردیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 56

داخلہ کی سفارشات کے بموجب منظور کیا گیا۔ صوبائی اسمبلی نے بلوچستان سیٹیزن فیسیلیٹیشن اینڈ گورننس کا مسودہ قانون 2026 بھی منظور کرلیا، صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ نے وزیر داخلہ کی جانب سے مسودہ قانون پیش کیا، ایوان نے مسودہ قانون قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی سفارشات کے بموجب منظور کیا۔ بلوچستان کیڈٹ کالجز کا ترمیمی مسودہ قانون 2026 صوبائی اسمبلی میں پیش کردیا گیا، مسودہ قانون متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کردیا گیا۔ محکمہ جنگلات میں بھرتیوں میں بدعنوانی کے الزامات پر اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ نے ان الزامات پر تحقیقات کا اعلان کیا تھا، اب معلوم ہوا کہ وزیراعلیٰ نے وہ آسامیاں منسوخ کردی ہیں۔

بقیہ سحر 57

درخواست ڈاکٹر عظمیٰ خان کے شوہر احد خان نے دائر کی، درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ ڈاکٹر عظمیٰ خان اور انکی دونوں بہنوں کو نظر بند کردیا گیا ہے اور تینوں بہنوں سے نہ تو اہل خانہ اور نہ ہی وکلا کی ملاقات کرائی جارہی ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ تینوں بہنوں کو روٹین کی ادویات اور اشیاء فراہم کرنے کی بھی اجازت نہیں دی جارہی۔ درخواست میں ڈاکٹر عظمیٰ خان کے شوہر نے کہا کہ متعلقہ اتھارٹیز کو ملاقات کیلئے درخواستیں دی جاچکی ہیں، گھریلو خواتین کو سخت قید میں رکھنا غیرقانونی ہے۔ درخواست گزار نے کہا کہ ٹرائل کورٹ نے بھی تینوں معمر بہنوں کی درخواست مسترد کردی، عدالت ڈاکٹر عظمیٰ اور بہنوں تک وکیل اور انکی فیملی کی رسائی کا حکم دے۔

بقیہ سحر 58

مثبت تبدیلی کا اعتراف ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ اپنا گھر بنانے والے خاندانوں کی دعائیں اس اعزاز کا اصل ثمر ہیں۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام بے گھر اور کم آمدن خاندانوں کیلئے امید، سہولت اور باعزت رہائش کا ذریعہ بن رہا ہے۔

بقیہ سحر 59

پاکستان کیلئے قابل فخر کامیابی قرار دیا ہے۔ لاہور چیمبر کی قیادت نے کہا کہ اس منصوبے کو عالمی سطح پر ملنے والی پذیرائی پنجاب کے عوام پر مرکوز ترقیاتی اقدامات کا اعتراف ہے اور پوری قوم کیلئے فخر کا سبب ہے

بقیہ سحر 60

پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی عائد کرنے کا اختیار پارلیمنٹ کو حاصل ہے، وفاقی حکومت ازخود پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل نہیں کرسکتی۔ پاکستان میں پیٹرول کی قیمت 300 روپے فی لیٹر سے زائد ہے، جبکہ کم آمدنی کے باوجود عوام پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کی صورت میں بھاری بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے کسی شفاف فارمولے کے بغیر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا، جبکہ پیٹرولیم لیوی اور مختلف ٹیکسز کا بوجھ عوام کے معاشی استحصال کے مترادف ہے۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ردوبدل کو فوری طور پر معطل کیا جائے اور موجودہ قیمتوں کا نظام معطل کرنے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ سحر 61

پر ناکام رہا لہٰذا ملزمان شک کے فائدے کے مستحق ہیں۔ موقع کے گواہوں کے بیانات اور طبی شہادتوں کے درمیان بھی واضح تضاد پایا گیا۔ عدالت نے پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے قرار دیا کہ جائے وقوعہ سے ملنے والے خول مبینہ طور پر برآمد کی گئی 12 بور بندوق کے نہیں تھے۔ اس تضاد نے استغاثہ کے مقدمے کو مزید مشکوک بنادیا

بقیہ سحر 62

سامنے آتا ہے یہ ملک دشمنی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف سیاسی جماعت نہیں، چارفرنچائز پر مشتمل ہے، صوبے کا ستیاناس کردیا گیا

بقیہ سحر 63

اور مسافروں کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور ایوی ایشن ضوابط پر مکمل عملدرآمد جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ سحر 64

پولیس اہلکار ناکوں اور چیکنگ کے دوران استعمال کریں گے، لاہور پولیس کے باڈی کیم کی ٹریننگ کا آغاز سیف سٹی اتھارٹی میں کردیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا کہنا ہے کہ لاہور کے تھانوں میں آڈیو ویڈیو کیمروں کی تنصیب کا 70 فیصد سے زائد کام مکمل کرلیا گیا ہے، تھانوں میں کیمروں کی تنصیب اور باڈی کیم سے پولیس نظام میں شفافیت آئے گی۔ ڈی آئی جی فیصل کامران کے مطابق باڈی کیم اور تھانوں میں کیمروں کی تنصیب پولیسنگ کے نظام کو مزید موثر بنانے میں مددگار رہوگی، پنجاب حکومت کی جانب سے صوبہ بھر کی آپریشنل پولیس کے لیے تیس ہزار سے زائد کیمرے منگوائے گئے ہیں۔

بقیہ سحر 65

دوران ای پولیس ایپ کی مدد سے ملزم کا ریکارڈ چیک کیا، جس پر اس کے اشتہاری ہونے کا انکشاف ہوا۔ پولیس کے مطابق ارسلان حیدر کے خلاف تھانہ چوہنگ، تھانہ ستوکتلہ اور تھانہ مزنگ میں جعلی چیک اور فراڈ کے مقدمات درج ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ملزم گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش تھا، تاہم ڈولفن سکواڈ نے کارروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تھانہ نواب ٹاؤن کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 66

تعطل کا شکار تھا۔ معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے فوڈ سیفٹی سلمیٰ بٹ کی خصوصی مداخلت کے بعد 2025 میں مارکیٹ کی ترقیاتی سرگرمیاں دوبارہ شروع کی گئیں

بقیہ سحر 67

۔ پولیس نے صوبے میں احتجاجی سرگرمیوں اور لانگ مارچ سے متعلق بھی گورنر کو بریفنگ دی۔ اجلاس میں گورنر کو کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی جانب سے دہشت گردی کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا،

بقیہ سحر 68

ہدایات کا ہر سطح پر نفاذ یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ سڑکوں پر گرد اڑانے یا کوڑا جلانے پر سخت ایکشن لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایف ایم اوز کا فیلڈ ورکرز کی نگرانی میں بنیادی کردار ہے۔

بقیہ سحر 69

انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ سی ایم انسپکشن ٹیم نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے معاون خصوصی شعیب مرزا نے سرگودھا ہسپتال میں خراب اے سی اور سٹریچرز کی صورتحال پر فوری اقدامات کی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 70

درخواست پر سماعت 2 1 اکتوبر تک ملتوی کردی، عدالت نے ہدایت کی کہ آپ دو مقدمات درج کرنے کی وجوہات داخل کریں۔ جسٹس عبہر گل خان نے محمد خان بھٹی کی توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی، عدالتی حکم پر ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ عدالت میں پیش ہوئے۔

بقیہ سحر 71

روم سے صورتحال کا فوری جائزہ لے کر متعلقہ پولیس کو مدد کے لیے روانہ کیا جا سکے گا۔ پینک بٹنز اور کیمروں کی تنصیب سے اوور ہیڈ برجز کی لائیو مانیٹرنگ اور موثر نگرانی بھی ممکن ہوگی۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق دیگر اوور ہیڈ برجز کو بھی مرحلہ وار سیف سٹی سسٹم سے منسلک کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 72

5 فٹ جگہ چھوڑنے کے بعد 3 مرلہ رہائشی پلاٹ میں خاطر خواہ قابل تعمیر جگہ نہیں بچ سکتی ہے۔ ایل ڈی اے نے چھوٹے پلاٹ مالکان کو لازمی جگہ چھوڑنے کی رعایت دینے کی تجویز دی۔ تجویز کا مسودہ آئندہ گورننگ باڈی کے اجلاس سے منظور کرایا جائے گا۔

بقیہ سحر 73

دوران تمام امتحانی مراکز کی حدود میں دفعہ 144 نافذ العمل ہوگی۔

بقیہ سحر 74

عائد پابندیوں کا اطلاق شادی کی تقریبات، نماز جنازہ، تدفین، مساجد اور دیگر عبادت گاہوں پر نہیں ہو گا۔ عدالتیں، حکومتی ادارے اور باضابطہ اجازت سے ہونے والی تقریبات بھی پابندی سے مستثنٰی ہوں گی جبکہ ڈیوٹی پر تعینات قانون نافذ کرنے والے اداروں، انٹیلی جنس ایجنسیوں اور سکیورٹی اہلکاروں پر ان پابندیوں کا اطلاق نہیں ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے فوری نوعیت کے خطرات کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ انٹیلی جنس رپورٹس کے مطابق دہشت گرد تنظیمیں عوامی اجتماعات کو ٹارگٹ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہیں

لاہور ریجن ایج گروپ ٹرائلز کا شیڈول جاری

نوجوان ٹیلنٹ کی میرٹ پر تلاش، شفاف انتخاب اور دستاویزات کی سخت جانچ ہوگی، خواجہ ندیم احمد

لاہور (سپورٹس رپورٹر) لاہور ریجن ایج گروپ ٹرائلز کا شیڈول جاری، نوجوان ٹیلنٹ کی میرٹ پر تلاش، شفاف انتخاب اور دستاویزات کی سخت جانچ ہوگی، خواجہ ندیم احمد نے کہا کہ لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نے کرکٹ سیزن 2026-27 کے لیے انڈر15، انڈر17 اور انڈر19 ایج گروپ ٹرائلز کا جامع شیڈول جاری کر دیا ہے۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد نے ٹرائلز کے شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ لاہور ریجن میں نوجوان کرکٹرز کے انتخاب کا عمل مکمل طور پر میرٹ، شفافیت اور مقررہ انتخابی معیار کے مطابق انجام دیا جائے گا، تاکہ حقیقی اور باصلاحیت ٹیلنٹ کو آگے آنے کا بھرپور موقع مل سکے۔ خواجہ ندیم احمد کے مطابق لاہور ریجن کے پانچ زونز سٹی، کینٹ، ماڈل ٹاؤن، شالیمار اور راوی میں ایج گروپ ٹرائلز 19 سے 21 اکتوبر 2026 تک منعقد ہوں گے۔ 19 اکتوبر کو انڈر 15، 20 اکتوبر کو انڈر17 جبکہ 21 اکتوبر کو انڈر19 کے ٹرائلز لیے جائیں گے۔ زون وائز ٹرائلز کے لیے کینٹ زون کا مرکز نیو اتفاق فیصل ٹاؤن، سٹی زون کا اتفاق ایل آر سی کرکٹ گراؤنڈ، ماڈل ٹاؤن زون کا ماڈل ٹاؤن وائٹس کرکٹ گراؤنڈ، راوی زون کا کشمیر کراون گراؤنڈ جبکہ شالیمار زون کا مرکز مغل پورہ گریفن گراؤنڈ مقرر کیا گیا ہے۔ صدر لاہور ریجن نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ عمر اور تاریخ پیدائش کے معیار کی تفصیلات بھی جاری کردی ہیں۔ انڈر15 کے لیے وہ کھلاڑی اہل ہوں گے جن کی تاریخ پیدائش 1 ستمبر 2011 سے 31 دسمبر 2014 کے درمیان ہو۔ انڈر17 کے لیے تاریخ پیدائش 1 ستمبر 2009 سے 31 دسمبر 2013 جبکہ انڈر19 کے لیے 1 ستمبر 2008 سے 31 دسمبر 2012 کے درمیان ہونا ضروری ہے۔ خواجہ ندیم احمد نے تمام کھلاڑیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ٹرائلز کے روز مکمل وائٹ کرکٹ کٹ میں اپنے متعلقہ زون کے مقررہ سینٹر پر بروقت پہنچیں۔ کھلاڑیوں کے لیے اصل پیدائشی دستاویزات، ان کی فوٹو کاپیز اور وائٹ کٹ میں دو عدد حالیہ تصاویر ساتھ لانا لازمی ہوگا۔ دستاویزات کی جانچ پڑتال ٹرائلز کے انتظامی عمل کا اہم حصہ ہوگی۔ انہوں نے تمام زونل سلیکشن کمیٹیوں کو خصوصی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی عمل میں کسی قسم کی سفارش، دباؤ یا غیر ضروری مداخلت کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی اور کھلاڑیوں کی کارکردگی، صلاحیت اور مقررہ انتخابی معیار کو ہی انتخاب کی بنیاد بنایا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ لاہور ریجن کا مقصد ایسے نوجوان کرکٹرز کو سامنے لانا ہے جو مستقبل میں ریجنل اور قومی سطح پر لاہور کی نمائندگی کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ صدر لاہور ریجن نے تمام زونز کے صدور کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ ٹرائل سینٹرز کے لیے ذمہ دار اور باصلاحیت کوآرڈینیٹرز مقرر کریں۔ کوآرڈینیٹرز کھلاڑیوں کے پیدائشی دستاویزات، ضروری کاغذات، رجسٹریشن، دستاویزات کی تصدیق اور دیگر انتظامی امور کی نگرانی کریں گے، تاکہ ٹرائلز کا پورا عمل منظم، شفاف اور بلاتعطل مکمل کیا جا سکے۔ خواجہ ندیم احمد نے کہا کہ لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نوجوان کرکٹرز کے لیے میرٹ پر مبنی مواقع پیدا کرنے اور مستقبل کے اسٹارز تلاش کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایج گروپ ٹرائلز لاہور ریجن کے کرکٹ ٹیلنٹ پول کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہیں اور ان ٹرائلز کے ذریعے سامنے آنے والے باصلاحیت کھلاڑیوں کو مستقبل میں اعلیٰ سطح کی کرکٹ کے لیے تیار کیا جائے گا۔

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال پر انٹرایکٹو نشست

طلبہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر مواد شیئر کرتے وقت درستگی، شفافیت اور صداقت ملحوظ رکھیں: ڈاکٹر منیبہ افتخار

لاہور (ایجوکیشن رپورٹر) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کے انٹرمیڈیٹ سیکشن میں طلبہ کی تعلیمی و ذاتی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے لیکچر سیریز کے سلسلے میں سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال کے موضوع پر انٹرایکٹو نشست کا انعقاد کیا گیا۔ نشست وائس چانسلر ایل سی ڈبلیو یو پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی کی رہنمائی اور وژن کے تحت منعقد ہوئی، جس کا موضوع ''آپ کی آواز، آپ کا ڈیجیٹل اثر: انٹرمیڈیٹ طلبہ کے لیے سوشل میڈیا رہنمائی'' تھا۔ ایل سی ڈبلیو یو انٹرمیڈیٹ سیکشن نے نشست کا اہتمام ایل سی ڈبلیو یو انٹرمیڈیٹ سوشل میڈیا سوسائٹی کے اشتراک سے کیا۔ نشست میں شعبہ ابلاغیات کی فیکلٹی ممبر اور افسر تعلقاتِ عامہ ایل سی ڈبلیو یو ڈاکٹر منیبہ افتخار نے بطور مہمان مقرر شرکت کی اور طلبہ کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے مؤثر، مثبت اور ذمہ دارانہ استعمال کے حوالے سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر سربراہ انٹرمیڈیٹ سیکشن ڈاکٹر عائشہ صدیقہ، کنوینر انٹرمیڈیٹ سیکشن پروفیسر ڈاکٹر نیلما منیر اور انچارج انٹرمیڈیٹ اسٹوڈنٹ افیئرز مس زینب محسن بھی موجود تھیں۔ پروفیسر ڈاکٹر نیلما منیر نے مہمان مقرر اور طلبہ کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں سوشل میڈیا ابلاغ، تعلیم اور عوامی رابطے کا ایک اہم ذریعہ بن چکا ہے، اس لیے طلبہ کے لیے اس کے مثبت اور ذمہ دارانہ استعمال کو سمجھنا ناگزیر ہے۔ انچارج انٹرمیڈیٹ اسٹوڈنٹ افیئرز مس زینب محسن نے لیکچر سیریز کا تعارف پیش کرتے ہوئے اس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ایسی سرگرمیوں کا مقصد طلبہ کو نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی زندگی کے اہم تقاضوں سے بھی آگاہ کرنا ہے۔ مہمان مقرر ڈاکٹر منیبہ افتخار نے سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے اثرات، ڈیجیٹل مواد کی تیاری اور آن لائن اظہارِ رائے کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ سوشل میڈیا پر کوئی بھی مواد تخلیق یا شیئر کرتے وقت درستگی، شفافیت اور صداقت کو بنیادی اصول بنایا جائے اور غیر مصدقہ معلومات کی تشہیر سے گریز کیا جائے۔ نشست کے دوران طلبہ کو اپنی ڈیجیٹل شناخت اور آن لائن رویوں کے اثرات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ڈاکٹر منیبہ افتخار نے کہا کہ سوشل میڈیا پر کیا جانے والا ہر اظہار فرد کی شخصیت اور سوچ کی عکاسی کرتا ہے، اس لیے نوجوان نسل کو اپنی ڈیجیٹل آواز کو مثبت، تعمیری اور ذمہ دارانہ انداز میں استعمال کرنا چاہیے۔ انٹرایکٹو نشست میں طلبہ نے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا اور سوشل میڈیا کے مؤثر استعمال، ڈیجیٹل ذمہ داری اور آن لائن مثبت کردار کے حوالے سے سوالات بھی کیے۔

وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلمان ملک کی زیر صدارت اجلاس

راولپنڈی فیصل آباد، بہاولپور کے ڈویژنل سپورٹس افسران کی آن لائن شرکت

لاہور (سپورٹس رپورٹر) وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلمان ملک کی زیر صدارت سپورٹس بورڈ پنجاب کی کمرشلائزیشن اینڈ ریونیو جنریشن کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں ڈائریکٹر ایڈمن عابد شوکت، ڈپٹی ڈائریکٹر ظہور احمد و دیگر شریک ہوئے۔ راولپنڈی فیصل آباد، بہاولپور کے ڈویژنل سپورٹس افسران کی آن لائن شرکت اجلاس میں بہاولپور، راولپنڈی، فیصل آباد اور نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس لاہور کے سٹیڈیمز کی کینٹین، شاپس بارے اہم فیصلے کئے گئے۔ نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کی کینٹین اور دیگر ڈویژن کی شاپس کو لیگل پراسس کے تحت رینٹ آؤٹ کیا جارہا ہے۔ سپورٹس کی ترقی کیلئے ہرممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، سلمان ملک نے کہا افسران ریونیو جنریشن کے حوالے سے اپنے ڈویژنز کی رپورٹس جلد بھجوائیں، ریونیو جنریشن کیلئے بہترین اقدامات کئے جارہے ہیں۔

دسویں پریمیم سپر لیگ کا آغاز وام اپ میچز سے ہوگیا

ایڈیشن 2026 میں کھیلے گئے تین میچز میں نیٹسول، سردار گروپ اور بینک اسلامی نے کامیابی حاصل کی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) دسویں پریمیم سپر لیگ کا آغاز وام اپ میچز سے ہوگیا۔ ایڈیشن 2026 میں کھیلے گئے تین میچز میں نیٹسول، سردار گروپ اور بینک اسلامی نے کامیابی حاصل کی۔ پہلے میچ میں نیٹ سول نے ڈی پی ایس کو 43 رنز سے ہرادیا۔ نیٹ سول نے پہلے کھیلتے ہوئے سات وکٹوں کے نقصان پر 202 رنز بنائے۔ محمد فیصل 53 نجم الصدیق 44 بلال بھٹی نے 34 رنز بنائے ڈی پی ایس کی جانب سے سعود خان اور مدثر احمد راٹھور نے 2،2 دو محمد صدیق نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ڈی پی ایس کی ٹیم 159 رنز 6 وکٹوں کے نقصان پر بناسکی۔ ڈی پی ایس کی جانب سے محمد صدیق 56 امتیاز حسین 33 احمد عزیز 18 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ نیٹ سول کی جانب سے نجم الصدیق نے دو محمد فیصل اور فیصل ملک نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ محمد فیصل کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ کھیلے گئے دوسرے میچ میں سردار گروپ نے ڈیسکون کو 47 رنز سے کامیابی حاصل کی۔ پہلے کھیلتے ہوئے سردار گروپ نے 189 رنز 17 اوورز میں بنائے اور اس کی پوری ٹیم آؤٹ ہوگئی۔ وسیم 55 ظفر اقبال 37 مجاہد 38 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ڈیسکون کی جانب سے وسیم نے تین شہریار اور شاہنواز نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جواب میں ڈیسکون کی ٹیم 18 اوورز میں 142 رنز سات وکٹوں کے نقصان پر بناسکی رانا طاہر 83 ارسلان 12 حافظ عمر 10 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ سردار گروپ کی جانب سے ظفر اقبال اور محمد فیض نے دو 2 فہد نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا کھیلے گئے تیسرے میچ میں بینک اسلامی نے ڈی پی ایس کو 38 رنز سے شکست دی بینک اسلامی نے پہلے کھیلتے ہوئے 147 رنز سات وکٹوں کے نقصان پر بنائے۔ وقاص شاہ 38 شفیق 28 عمر رزاق 31 رنز بنا کر نمایاں رہے ڈی پی ایس کی جانب سے حمزہ نے دو محمود اور زید خان نے ایک ایک کھلاڑی آؤٹ کیا۔ جواب میں ڈی پی ایس کی ٹیم 109 رنز 14 اوورز میں بنا کر آؤٹ ہوگئی ڈی پی ایس کی جانب سے رقیب 27 محمود 22 امتیاز انور 16 رنز بنا کر نمایاں رہے بینک اسلامک کی جانب سے عاطف ایوب نے پانچ دانش نے تین ذیشان احمد نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا وقاص شاہ کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیرصدارت اجلاس

اجلاس میں شہر میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور کرائم کنٹرول کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیرصدارت اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژن کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہر میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور کرائم کنٹرول کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے دونوں ڈویژنز میں کرائم کنٹرول پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پولیس ٹیموں کی کارکردگی کو سراہا اور انہیں شاباش دی۔ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے ہدایت کی کہ ٹریفک سگنلز پر پیشہ ور بھکاریوں اور نوسر بازوں کو کسی صورت کھڑا نہ ہونے دیا جائے اور ان کے منظم گروہوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہر میں پتنگ بازی کی روک تھام سے متعلق حکومتی ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا اور کائٹ فلائنگ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بغیر کسی رعایت کے بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ بلال صدیق کمیانہ نے بینکوں، مارکیٹوں اور جیولری شاپس کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سکیورٹی گارڈز کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دینے کی تاکید کی۔ انہوں نے ہدایات جاری کیں کہ چوری کی وارداتوں کی روک تھام کے لیے کرائم ہاٹ اسپاٹس پر سادہ لباس میں پولیس اہلکار تعینات کیے جائیں۔

اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین مینوفیکچرنگ یونٹ کا افتتاح کرتے ہوئے

قتل کیس میں صلح سے پہلے ورثا کا تعین ضروری ہے

لاہور ہائی کورٹ

خاتون قتل کیس میں صلح کے وقت دو شوہر سامنے آ گئے، عدالت کا قانونی ورثاء کے تعین کا حکم ،قانونی ورثا کے تعین تک صلح کی درخواست پر حتمی فیصلہ موخر

سمیرا بی بی کو 5 جون 2018ء کو چک قاسمکا میں کلہاڑی کے وار کر کے قتل کیا گیا تھا،،معاملہ سیشن جج بہاولنگر کو واپس بھجوا دیا ،تین ہفتوں میں رپورٹ طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) خاتون قتل کیس میں صلح کے وقت دوشوہر سامنے آگئے، لاہور ہائیکورٹ نے قانونی ورثاء کے تعین کا حکم دے دیا۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے مقتولہ سمیرا بی بی کے قتل کے مقدمے میں ملزم مقصود احمد کی درخواست پر 9 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کردیا، عدالت نے سیشن جج بہاولنگر کو شاہد اور ممتاز احمد کے متضاد دعووں کی مکمل انکوائری کر کے متعلقہ دستاویزات اور شہادتیں ریکارڈ کرنے اور تین ہفتوں میں رپورٹ ہائیکورٹ میں پیش کرنے کا حکم دیا۔فیصلے کے مطابق سمیرا بی بی کو 5جون 2018کو چک قاسمکا میں کلہاڑی کے وار کر کے قتل کیا گیا تھا، مقتولہ کے والد اللہ دتہ(باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 34)

پشاور: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

ناچنے والے گھوڑے میدان میں نہیں دوڑتے، فیصل کریم کنڈی کا علی امین گنڈاپور پر طنز

پی ٹی آئی قیادت اپنے ہی کارکنوں کو بے وقوف بنانے میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑتی، گورنر خیبر پختونخوا

ہمیشہ کہتا ہوں کہ ناچنے والے گھوڑے میدان میں نہیں دوڑتے، گورنر

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کی یارک ٹول پلازہ سے واپسی پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے ان پر طنزیہ وار کیا ہے۔اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بھاگنے کی عادت پرانی ہے علی امین گنڈاپور ہر مشکل وقت میں کارکنوں کو آگے کر کے خود پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔گورنر خیبر پختونخوا کے مطابق علی امین گنڈاپور یارک ٹول پلازہ سے واپسی کے وقت کارکنوں کو دفعہ 144 کے نفاذ کا بتا رہے تھے، تاہم ضلعی انتظامیہ کا نوٹیفکیشن سب کے سامنے موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ دفعہ 144 ڈی آئی خان کے مخصوص علاقوں میں مخصوص اوقات کے لیے نافذ تھی یارک ٹول پلازہ پر نہیں۔پی ٹی آئی قیادت اپنے ہی کارکنوں کو بے وقوف بنانے میں بھی کوئی کسر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

وفاقی حکومت کا جماعت اسلامی سے رابطہ، وزیراعظم سے ملاقات کیلئے اہم پیغام پہنچا دیا

ملاقات کے شیڈول کے لیے جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹی کے درمیان جلد تفصیلات طے ہوں گی، لیاقت بلوچ

حافظ نعیم الرحمٰن، وزیراعظم سے ملاقات میں بجلی کی قیمتوں میں کمی اور آئی پی پیز سے متعلق اہم امور پر بھی بات کرینگے

اسلام آباد /لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے رابطہ کیا ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق پٹرولیم لیوی مذاکرات کے حوالے سے احسن اقبال نے لیاقت بلوچ کو وزیراعظم کا پیغام پہنچایا اس حوالے سے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور جماعت اسلامی پاکستان کی ملاقات کے لیے دونوں کمیٹیاں شیڈول طے کریں گی، شہباز شریف اور حافظ نعیم الرحمٰن طے شدہ شیڈول کے مطابق ملاقات کریں گے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ ملاقات کے شیڈول کے لیے جماعت اسلامی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کرتے ہوئے

بلوچستان میں اے این ایف کا خفیہ ٹھکانے پر چھاپہ، کروڑوں روپے مالیت کی 3825 کلوگرام منشیات برآمد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اے این ایف نے کیچ (بلوچستان) میں خفیہ ٹھکانے پر چھاپہ مار کر بیرون ملک اسمگل کی جانے والی کروڑوں روپے مالیت کی 3825 کلوگرام منشیات برآمد کرلی۔اے این ایف کے ترجمان نے کہا کہ کمپاؤنڈ کو مبینہ طور پر منشیات کی سپلائی کی غرض سے عارضی طور پر ذخیرہ کرنے کے لئے استعمال کیا جا رہا تھا۔کارروائی کے دوران برآمد ہونے والی منشیات میں 2454 (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

پی ٹی آئی لانگ مارچ کے باعث خیبر پختونخوا میں میٹرک کے امتحانات منسوخ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے تعلیمی بورڈز نے 7 سے 10 اکتوبر کے درمیان ہونے والے میٹرک کے پرچے منسوخ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر45)

مریم نواز کا کرپشن کے خاتمے کا ویژن، سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک رشوت لفافے سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے کرپشن کے خاتمے کے ویژن کے تحت اہم کارروائی کے دوران آئی جی جیل خانہ جات پنجاب نے سپرنٹنڈنٹ جیل اٹک کو رشوت کے لفافے سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کروا دیا۔وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے پنجاب سے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر خیبر پختون خوا میں امن وامان کی صورتِ حال انتہائی ابتر اور کرپشن کا بازار گرم ہے، لیگی رہنما کی گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما زاہد خان نے وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی پر تنقید (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

پاکستان کیلئے ایک ایک ڈالر اہمیت کا حامل، برآمدات پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، ٹی ڈیپ

پاکستانی قالینوں کی مصنوعات دنیا میں منفرد پہچان رکھتی ہیں' فیض احمد چدھڑ نے عالمی نمائش کا افتتاح کیا

امریکہ ، جرمنی ، ترکیہ ،چین،روس سویڈن سمیت مختلف ممالک سے عالمی خریداروں کی بھرپور شرکت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے چیف ایگزیکٹو فیض احمد چدھڑ نے پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے زیراہتمام ہاتھ سے بنے قالینوں کی 42ویں عالمی نمائش کا مقامی ہوٹل میں افتتاح کیا۔امریکہ، جرمنی، ترکیہ، چین، روس اور سویڈن سمیت مختلف ممالک سے بڑی تعداد میں عالمی خریدار تین روزہ عالمی نمائش میں شرکت کے لئے پاکستان پہنچے ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر ٹیکسٹائل اینڈ لیدر عارف اللہ، پی سی ایم ای اے کے پیٹرن انچیف عبد اللطیف ملک سینئر وائس چیئرمین نادرن زون خواجہ میر مدثر، وائس چیئرمین ندیم ساجد ،چیئرمین ایگزیبیشن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف درخواست، حکومت، اوگرا کو نوٹس

درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ردوبدل کو فوری طور پر معطل کیا جائے

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف دائر متفرق درخواست پر وفاقی حکومت، اوگرا اور وزارت پٹرولیم کو نوٹس جاری کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کرلی۔جسٹس عابد عزیز شیخ کی سربراہی میں لاہور ہائیکورٹ کے دورکنی بنچ نے جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔درخواست میں مقف اختیار کیا گیا ہے کہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 60)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اوور ہیڈ برجز پر ایمرجنسی پینک بٹنز اور کیمروں کی تنصیب کا آغاز

خواتین اور طالبات ہراسانی یا ہنگامی صورتحال میں فوری مدد حاصل کر سکیں گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیف سٹیز اتھارٹی نے اوور ہیڈ برجز پر ایمرجنسی پینک بٹنز اور کیمروں کی تنصیب کا آغاز کر دیا۔ترجمان سیف سٹیز کے مطابق پہلے مرحلے میں کالج فار ویمن یونیورسٹی اور کنیئرڈ کالج کے اوور ہیڈ برجز پر ایمرجنسی پینک بٹنز نصب کیے گئے ہیں، جبکہ دوسرے مرحلے میں دیگر اہم اوور ہیڈ برجز پر بھی پینک بٹنز اور کیمروں کی تنصیب کی جائے گی۔ترجمان کے مطابق اوور ہیڈ برجز پر طالبات اور خواتین کسی بھی ہراسانی یا ہنگامی صورتحال کی صورت میں پینک بٹن دبا سکیں گی۔ایمرجنسی پینک بٹن دبانے پر خاتون کا براہِ راست سیف سٹی کنٹرول روم سے رابطہ قائم ہو سکے گا۔سیف سٹی کنٹرول (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

ایل ڈی اے کا 3 مرلہ رہائشی پلاٹ مالکان کو بڑی سہولت دینے کا فیصلہ

بلڈنگ لائن سے 5 فٹ جگہ چھوڑنے کی شرط ختم کرنے کی تجویز، بلڈنگ اینڈ زوننگ رولز میں ترمیم کا مسودہ تیار

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) نے 3 مرلہ رہائشی پلاٹ مالکان کو بڑی سہولت دینے کا فیصلہ کرلیا۔تفصیلات کے مطابق 3 مرلہ کیٹگری میں بلڈنگ لائن سے 5 فٹ لازمی جگہ چھوڑنے کی چھوٹ دی جائے گی۔اس حوالے سے ایل ڈی اے بلڈنگ اینڈ زوننگ رولز میں ترمیم لانے کا مسودہ تیار کرلیا گیا۔ایل ڈی اے شعبہ ٹاؤن پلاننگ نے بلڈنگ رولز میں ترمیم کا مسودہ تیار کیا۔اس سے قبل 5 مرلہ طرز پر سامنے سے رہائشی پلاٹ کو 5 فٹ جبکہ پیچھے بھی 5 فٹ چھوڑنا لازمی ہے۔(باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 72)

”اپنی چھت، اپنا گھر“ منصوبے کو عالمی پذیرائی، پنجاب اور پاکستان کیلئے اعزاز ہے‘ لاہور چیمبر

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی اور نائب صدر چوہدری خادم حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو ”اپنی چھت، اپنا گھر“ منصوبے کے لیے بین الاقوامی اعزاز ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے پنجاب اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سی ایم انسپکشن ٹیم کا ڈاکٹر فیصل مسعود ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا کا اچانک دورہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر معاون خصوصی شعیب مرزا کی سربراہی میں سی ایم انسپکشن ٹیم نے ڈاکٹر فیصل مسعود ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا کا اچانک دورہ کیا۔سرگودھا ہسپتال میں طبی سہولیات، صفائی اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

توہین عدالت کیس، ڈی جی اینٹی کرپشن کیخلاف درخواست پر سماعت 12 اکتوبر تک ملتوی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سابق سیکرٹری پنجاب اسمبلی محمد خان بھٹی کو انکوائری نوٹس بھیجنے کے معاملے پر ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ کے خلاف توہین عدالت کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

میٹرک کے دوسرے سالانہ امتحانات (آج) سے شروع، 64 ہزار 983 امیدوار شریک ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کے زیراہتمام میٹرک کے دوسرے سالانہ امتحانات آج بروز بدھ سے شروع ہوں گے، جن میں مجموعی طور پر 64 ہزار 983 امیدوار شرکت کریں گے۔امتحان کے پہلے روز پہلی شفٹ میں ایجوکیشن، القرآن اور جیومیٹریکل ڈرائنگ کے پرچے لیے جائیں گے جبکہ دوسری شفٹ میں تاریخ پاکستان، تاریخ اسلام اور غذا وغذائیت کا پرچہ ہوگا۔امتحانات کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

پنجاب بھر میں عوامی امن سکون اور جان و مال کو لاحق سنگین خطرات کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ

عوامی مقامات، شاہراہوں اور کھلی جگہوں پر 5 یا زائد افراد کے اجتماع، جلوس یا اکٹھ پر مکمل پابندی، ہتھیار لیجانے ، نمائش پر بھی پابندی عائد

عدالتیں، حکومتی ادارے اور باضابطہ اجازت سے ہونے والی تقریبات پابندی سے مستثنیٰ، ڈیوٹی پر تعینات قانون نافذ کرنے والے اداروں، انٹیلی جنس ایجنسیوں وسکیورٹی اہلکاروں پر پابندی کا اطلاق نہیں ہوگا ترجمان محکمہ داخلہ

لاہور (کرائم رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں عوامی امن، سکون اور جان و مال کو لاحق سنگین خطرات کے پیش نظر 15 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ کر دی۔محکمہ داخلہ پنجاب کے نوٹیفکیشن کے مطابق عوامی مقامات، شاہراہوں اور کھلی جگہوں پر 5 یا زائد افراد کے اجتماع، جلوس یا اکٹھ پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے جبکہ عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیار لے جانے اور ان کی نمائش پر بھی پابندی ہوگی۔محکمہ داخلہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق غیر قانونی اجتماعات میں لوگوں کو شرکت کے لئے اکسانے یا ترغیب دینے پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے۔ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ دفعہ 144 کے تحت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 74)

PAKISTAN'S RISING NATION BRAND,
SOFT POWER & BRAND-LED EXPORTS
October
2026

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور مشتبہ کیس، حالت تشویشناک

سندھ میں رواں سال منکی پاکس کے 43 تصدیق شدہ کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں، جن میں سے 15 کا تعلق کراچی سے ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور مشتبہ کیس رپورٹ ہوا ہے۔نوابشاہ کے 50 سالہ مریض کو تشویش ناک حالت میں سندھ انفیکشن ڈیزیز ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ہسپتال انتظامیہ کے مطابق مریض کے ہاتھ اور پاں پر دھبوں کے نشانات موجود ہیں، جس کی وجہ سے مشتبہ مریض کو آئی سی یو منتقل کر دیا گیا ہے۔انتظامیہ کے مطابق منکی پاکس کی تشخیص کے لیے مریض کے پی سی آر ٹیسٹ کے نمونے لے لیے گئے ہیں اور ٹیسٹ رپورٹ آنے کے بعد منکی پاکس کی تصدیق ہوگی۔انتظامیہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

مسلسل احتجاجی سیاست سے تنگ خیبر پختونخوا کے عوام پی ٹی آئی قیادت پر برس پڑے

پی ٹی آئی کی خیبر پختونخوا حکومت 13 سال سے صرف احتجاج اور دھرنوں میں مصروف ہے، عوام

پشاور (بیورو رپورٹ) مسائل میں ڈوبا صوبہ اور مسلسل احتجاجی سیاست سے تنگ خیبر پختونخوا کے عوام پی ٹی آئی قیادت پر برس پڑے۔صوابی، رستم، چارسدہ، تخت بھائی سمیت دیگر علاقوں کے عوام نے صوبائی حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی کوئی نمایاں کارکردگی نظر نہیں آتی، عوام بنیادی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔شہریوں نے کہا کہ 13 سال سے پی ٹی آئی کی حکومت صرف احتجاج اور دھرنوں میں مصروف ہے عوامی فلاح کیلئے کوئی کام نہیں کیا، پی ٹی آئی کی حکومت کے پاس ریلیف دینے کا کوئی روڈ میپ نہیں، عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔عوام نے کہا کہ صوبے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

مذاکرات ناکام ہونے کی ذمہ دار پی ٹی آئی نہیں وفاقی وزرا ہیں، شوکت یوسف زئی

99 فیصد پر اتفاق رائے ہونے کا دعویٰ کرنے والی حکومت مذاکرات سے پسپا کیوں ہوئی؟

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف خیبر پختون خوا کے ترجمان شوکت یوسف زئی نے وفاقی وزرا کی پریس کانفرنس پر کہا ہے کہ مذاکرات کی ناکامی کے ذمہ دار وفاقی وزرا ہیں، 99 فیصد پر اتفاق رائے ہونے کا دعویٰ کرنے والی حکومت مذاکرات سے پسپا کیوں ہوئی، ایک فیصد مسئلہ کے حل کے لیے مزید وقت دیا جا سکتا تھا۔اپنے بیان میں انہوں ں ے کہا کہ وزرا کی جانب سے پی ٹی آئی پر سہولت کاری کے الزامات بے بنیاد ہیں، کسی لیڈر کے خلاف کوئی ایک ثبوت ہو تو سامنے لائیں، ملکی معیشت لانگ مارچ سے تباہ نہیں ہوئی، پرائم منسٹر صاحب اپ کو چار سال ملے اپ کی معاشی پالیسیاں ناکام ہیں، حکومت نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

محمود اچکزئی نے اپوزیشن کو حکومت سے مذاکرات کیلئے ہدایات جاری کر دیں

بہنوں کی رہائی سے حکومت مثبت پیشرفت کا آغاز کرسکتی ہے، محمود اچکزئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن رہنماؤں کو مذاکرات کے حوالے سے ہدایات جاری کردیں، ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے اپوزیشن رہنماؤں کو پیغام بھجوا دیا۔ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے کہا کہ اگر حکومت مذاکرات کیلئے رابطہ کرے تو مثبت جواب دیا جائے، حکومت کے رابطے پر پہلی شرط بانی سے ملاقات ہونی چاہیے۔محمود اچکزئی نے کہا کہ بہنوں کی رہائی سے حکومت مثبت پیشرفت کا آغاز کرسکتی ہے، اگر بانی سے ملاقات نہیں ہوتی تو وزیراعظم سے ملاقات بے معنی ہوگی۔ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے کہا کہ بانی سے ملاقات نہ ہوئی تو (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

سائبر کرائم سے
سائبر جرائم اور
جعل سازی، فراڈ اور ڈیٹا چوری
خود کو محفوظ رکھیں
FENDI

لاہور: پنجاب یونیورسٹی میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے اشتراک سے آگاہی واک میں طلبہ شریک ہیں

یو این ہیبی ٹیٹ کا اعزاز، پنجاب کے ہاؤسنگ اقدامات کی عالمی سطح پر پذیرائی

وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کی اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام پر قوم کو مبارکباد

عمان میں وزیراعلیٰ پنجاب کا یو این ہیبی ٹیٹ ایوارڈ وصول کرنا پاکستان کیلئے اعزاز ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کو یو این ہیبی ٹیٹ کی جانب سے عالمی اعزاز ملنے پر قوم اور پنجاب کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔انہوں نے کہا کہ عمان میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا یو این ہیبی ٹیٹ ایوارڈ وصول کرنا پاکستان کیلئے باعثِ فخر ہے۔بلال یاسین نے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام عالمی سطح پر پنجاب کے عوامی فلاحی ماڈل کے طور پر اجاگر ہوا ہے۔یہ اعزاز 2 لاکھ سے زائد خاندانوں کی زندگیوں میں آنے والی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

قتل کیس میں سزائے موت پانے والے 3 ملزمان لاہور ہائیکورٹ سے بری

عدالت نے سات سال بعد اپیلیں منظور کرلیں، ٹرائل کورٹ کی سزائیں کالعدم قرار، ملزمان کی فوری رہائی کا حکم

عدالت نے پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے قرار دیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے قتل اور اقدام قتل کیس میں تینوں ملزمان کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا، عدالت عالیہ نے واقعے کے تقریباً سات سال بعد ملزمان کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی سزائیں کالعدم قرار دے دیں۔چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم اور جسٹس عبہر گل خان پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ملزمان زاہد علی، فضل عباس اور محمد سبطین کی اپیلوں پر 24 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔عدالت نے ملزم زاہد علی کو سنائی گئی سزائے موت کی توثیق کے لیے بھجوایا گیا مرڈر ریفرنس عدم توثیق کیساتھ خارج کر دیا جبکہ فضل عباس اور محمد سبطین کو سنائی گئی 10،10 سال قید کی سزائیں بھی کالعدم قرار دیدیں۔عدالت نے جیل میں بند تینوں ملزمان کو فوری طور پر رہا کرنے کا حکم دیتے ہوئے مدعی مقدمہ محمد عزیز کی جانب سے سزاؤں میں اضافے کے لئے دائر درخواست بھی خارج کردی۔عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ ملزمان کے خلاف مقدمہ بلا شک و شبہ ثابت کرنے میں مکمل طور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر61)

لاہور ایئرپورٹ کے اطراف برڈ ہیزرڈ کے خلاف ہنگامی کریک ڈاؤن جاری

فضائی حدود کو پرندوں سے پاک رکھنے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جائے‘ ڈپٹی کمشنر

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی ہدایت پر لاہور ایئرپورٹ کے اطراف برڈ ہیزرڈ کے خاتمے کے لیے ہنگامی کریک ڈاؤن جاری ہے جبکہ فضائی حدود کو پرندوں سے پاک رکھنے کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق ایوی ایشن ضوابط کے تحت ایئرپورٹ کی حدود سے کبوتروں کے پنجرے ہٹا دیے گئے ہیں جبکہ راجہ پارک کے حساس مقام کو پرندوں سے پاک رکھنے کے لیے روزانہ چیکنگ کی جا رہی ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ یزدانی روڈ پر واقع برڈ ہیزرڈ پوائنٹ کی ایل ڈبلیو ایم سی کے ذریعے صفائی بھی کرائی گئی ہے، جبکہ ایئرپورٹ کے اطراف تمام برڈ ہیزرڈ پوائنٹس کی روزانہ نگرانی کی ہدایت جاری کردی گئی ہے۔ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے ہدایت کی ہے کہ فضائی حدود کو پرندوں سے پاک رکھنے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جائے، کبوتروں کے پنجرے اور پرندوں کی افزائش کی جگہوں کی صفائی یقینی بنائی جائے۔ڈی سی لاہور کا کہنا ہے کہ فضائی حدود کی سلامتی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

ساہیوال فروٹ اینڈ ویجیٹیبل مارکیٹ کی تعمیر مکمل، نئی جگہ منتقلی رواں ماہ ہوگی‘ سلمیٰ بٹ

مارکیٹ کے مین پلیٹ فارمز پر شیڈز کی تعمیر آخری مراحل میں، 2 سے 3 ہفتوں میں مکمل کرلی جائے گی

10 سالہ تعطل کے بعد پلاٹس کی نیلامی کا عمل شروع، 55 پلاٹس سے 89 کروڑ 50 لاکھ روپے حاصل‘ سیکرٹری فوڈ سیفٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے فوڈ سیفٹی سلمیٰ بٹ کی زیرصدارت پامرا کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری فوڈ سیفٹی ڈاکٹر کرن خورشید، ڈی جی پامرا ذیشان نصر اللہ سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں ساہیوال فروٹ اینڈ ویجیٹیبل مارکیٹ کے ترقیاتی منصوبے، تعمیراتی کام، پلاٹس کی نیلامی اور مارکیٹ کی نئی جگہ منتقلی سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں بتایا گیا کہ ساہیوال فروٹ اینڈ ویجیٹیبل مارکیٹ کا ترقیاتی منصوبہ فنڈز کی کمی کے باعث 2018 سے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیرصدارت ستھرا پنجاب اتھارٹی کا اجلاس

اتھارٹی کے معاملات بالخصوص انسدادِ سموگ اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر غور

ایف ایم اوز کا فیلڈ ورکرز کی نگرانی میں بنیادی کردار ہے، صوبائی وزیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیرصدارت دربار ہال سول سیکرٹریٹ میں ستھرا پنجاب اتھارٹی کا چھٹا اجلاس ہوا۔سیکرٹری بلدیات زید بن مقصود، ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید، ٹیکنیکل ممبرز چودھری جعفر اقبال، علی طارق، سائرہ افتخار اور مظفر اسلام بھی شریک ہوئے جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شمولیت اختیار کی۔اس موقع پر اتھارٹی کے معاملات بالخصوص انسدادِ سموگ اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر غور کیا گیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر فیلڈ مانیٹرنگ آفیسرز (ایف ایم اوز) کے یونیفارم پر باڈی کیم لگانے کا بھی جائزہ لیا گیا۔وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے وزیراعلیٰ کی زیرصدارت حالیہ اجلاس کے فیصلوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو سموگ سیزن کے آغاز پر محکمہ ماحولیات کی طرف سے جاری کردہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 68)

سیکیورٹی فورسز اور ضلعی انتظامیہ کے اشتراک سے جنوبی بلوچستان میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز اور ضلعی انتظامیہ کے اشتراک سے جنوبی بلوچستان میں کھلی کچہریوں اور جرگوں کا انعقاد کیا گیا، ستمبر 2026 میں تربت، مند، بلیدہ، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

قلات، ایس ایچ او اور گن مین لاپتہ، پولیس نے اغوا کا خدشہ ظاہر کردیا، دونوں کی تلاش کے لیے مختلف مقامات پر کارروائیاں جاری ہیں، پولیس حکام

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع قلات کے علاقے منگچر سے خالق آباد پولیس تھانے کے ایس ایچ او علی اصغر نیچاری اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 36)

بلوچستان میں موسم سرما کے نئے دفتری اوقات کا اعلان، ہفتہ وار دو چھٹیاں

اطلاق 15 اکتوبر 2026 سے 14 اپریل 2027 تک ہوگا، رپورٹ

موسم سرما کے نئے دفتری اوقات کا اطلاق ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں پر نہیں ہوگا

نمازِ جمعہ اور دوپہر کے کھانے کے لیے سوا ایک بجے سے سوا دو بجے تک وقفہ رکھا گیا ہے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت بلوچستان نے موسم سرما کے دوران سرکاری دفاتر کے نئے اوقات کار کا اعلان کر دیا، جن کا اطلاق 15 اکتوبر 2026 سے 14 اپریل 2027 تک ہوگا۔محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پیر سے جمعرات تک سرکاری دفاتر صبح ساڑھے 8 بجے سے شام 4 بجے تک کھلے رہیں گے، جبکہ نماز اور دوپہر کے کھانے کے لیے ڈیڑھ بجے سے دو بجے تک وقفہ ہوگا۔اعلامیے کے مطابق جمعہ کے روز سرکاری دفاتر کے اوقات کار صبح ساڑھے آٹھ بجے سے سہ پہر ساڑھے تین بجے تک ہوں گے، جبکہ نمازِ جمعہ اور دوپہر کے کھانے کے لیے سوا ایک بجے سے سوا دو بجے تک وقفہ رکھا گیا ہے۔نئے شیڈول کے تحت ہفتہ اور اتوار کو سرکاری دفاتر بند رہیں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

لاہور میں غیر قانونی کال سینٹر کے خلاف بڑی کارروائی، 39 افراد گرفتار

قرضہ ایپس کے نام پر مبینہ فراڈ و بلیک میلنگ کا انکشاف، 40 لیپ ٹاپ ، 41 موبائل فونز برآمد

ملزمان کے ڈیجیٹل آلات فرانزک جانچ کے لیے بھجوا دیئے گئے، کال سینٹر کے مالی معاملات، بیرونی روابط سے متعلق تحقیقات

لاہور (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے غیر قانونی کال سینٹر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایک خاتون سمیت 39 افراد کو (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد: وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکورٹی رانا ثناء اللہ خان اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

دیر میں طوفانی بارش کے ساتھ شدید ژالہ باری، گاڑیوں اور سولر کے شیشے ٹوٹ گئے

پشاور (بیورو رپورٹ) دیر لوئر کے مختلف علاقوں میں رات گئے گرج چمک کے ساتھ طوفانی بارش اور شدید ژالہ باری سے گاڑیوں اور سولر کے شیشے بھی ٹوٹ گئے۔تفصیلات کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

ٹیکسلا، خاتون ٹک ٹاکر نے تھانے میں گھس کر فائرنگ کر کے پولیس افسر کو زخمی کر دیا

ٹیکسلا (بیورو رپورٹ) ٹیکسلا میں پولیس کی جانب سے درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق ایک مسلح خاتون برہان پولیس اسٹیشن میں داخل ہوئیں اور مبینہ طور پر ڈیوٹی پر موجود ہیڈ کانسٹیبل (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 51)

صدر زرداری کا سابق ریاستِ خیرپور کے آخری حکمران میر علی مراد خان تالپور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سابق ریاستِ خیرپور کے آخری حکمران میر علی مراد خان تالپور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔منگل کو (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی، ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

جاں بحق افراد کی شناخت حریم شہزادی اور فیضان کے ناموں سے ہوئی، رپورٹ

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) راولپنڈی: تھانہ روات کے علاقے جی ٹی روڈ پر ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔پولیس کے مطابق حادثہ موٹر سائیکل کے مزدا ٹرک سے تصادم کے باعث پیش آیا۔جاں بحق افراد کی شناخت حریم شہزادی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

لاہور میوزیم کی بحالی کا منصوبہ 6 ارب 59 کروڑ روپے میں منظور

منصوبے کی لاگت میں 2 ارب 20 کروڑ روپے اضافہ، کام جون 2030ء تک مکمل کرنے کی منظوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میوزیم کی بحالی اور اپ گریڈیشن کا نظرثانی شدہ منصوبہ تقریباً 6 ارب 59 کروڑ روپے میں منظور کرلیا گیا، ستمبر 2025ء کی منظوری کے مقابلے میں منصوبے کی لاگت میں تقریباً 2 ارب 20 کروڑ روپے کا اضافہ ہوگیا۔منصوبے کی منظور شدہ لاگت 4 ارب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر54)

بلوچستان اسمبلی نے کوڈ آف کریمنل پروسیجر 1898 بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون منظور کرلیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان اسمبلی نے کوڈ آف کریمنل پروسیجر 1898 بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون منظور کرلیا۔صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ نے وزیر داخلہ کی جانب سے مسودہ قانون پیش کیا، مسودہ قانون قائمہ کمیٹی برائے محکمہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

لاہور میں بڑھتی ہوئی غیر قانونی تعمیرات کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کا فیصلہ

میٹرو پولیٹن کارپوریشن کا ڈیمولیشن شیڈول جاری، 8 زونز میں کارروائی، پولیس اور پیرا فورس کی معاونت حاصل ہوگی

پولیس اور پیرا فورس کی فراہمی کے لیے متعلقہ حکام کو شیڈول سے آگاہ کر دیا گیا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں بڑھتی ہوئی غیر قانونی تعمیرات کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشنز کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، میٹرو پولیٹن کارپوریشن نے کارروائیوں کا باقاعدہ ڈیمولیشن شیڈول جاری کرتے ہوئے تمام زونل افسران، پلاننگ افسران اور بلڈنگ انسپکٹرز کو ہدایات جاری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے ملاقات کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

لاہور (کورٹ رپورٹر) جیل میں قید بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے ملاقات کے لئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

پی ٹی آئی کے پاس لوگ نہیں، لانگ مارچ اٹک سے آگے نہیں جا سکتا، گورنر خیبر پختونخوا

گورنر راج ہمیشہ آخری حد اور آخری آپشن ہوتا ہے، سرجری ہمیشہ آخری حل ہوتی ہے، پہلے مریض کو ادویات پر رکھا جاتا ہے

کوئی بھی گورنر راج نہیں چاہتا، ہم چاہتے ہیں کہ معاملات معمول کے مطابق چلتے رہیں، اگر صدر و وزیراعظم فیصلہ کریں گے تو اس کا نفاذ کیا جائے گا

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اٹک سے آگے لانگ مارچ جا ہی نہیں سکتا، ان میں اتنی صلاحیت نہیں، 20 لاکھ کا مجمع کہاں ہے، ان کے پاس لوگ ہی نہیں، صدر، وزیراعظم جب فیصلہ کریں گے گورنر راج لگا دیا جائے گا۔گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ جو پاکستان کے آئین وقانون کے نہیں مانتے، یہ کہتے ہیں ان سے ڈائیلاگ کرو، جب دنیا میں پاکستان کا سافٹ امیج (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبہ میں سیکورٹی صحات سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیرصدارت اہم اجلاس

پولیس نے صوبے میں احتجاجی سرگرمیوں اور لانگ مارچ سے متعلق بھی گورنر کو بریفنگ دی

کم از کم 1.6 ملین افغان مہاجرین کو واپس اپنے ملک افغانستان بھجوایا گیا ہے، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیر صدارت صوبہ میں سیکیورٹی صورتحال سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ، انسپکٹر جنرل آف پولیس ذوالفقار حمید، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم اکرام اللہ خان، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ محمد کاشف عالم، جوائنٹ ڈائریکٹر جنرل آئی بی ارشد علی خان (این ایس سی)، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ڈی آئی جی آپریشنز شاکر حسین داوڑ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں گورنر خیبر پختونخوا کو صوبے میں سیکیورٹی کی مجموعی صورتحال، انسدادِ دہشت گردی، پبلک آرڈر اور جرائم سے متعلق تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔گورنر کو پولیس کی جانب سے امن وامان کی صورتحال، جدید اسلحہ کی خریداری میں تاخیر اور افرادی قوت سے متعلق درپیش مسائل سمیت دیگر منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر67)

لاہور: مغلپورہ ریلوے سٹیل شاپ کالونی میں ڈی ایس مغلپورہ ڈویژن محمد ثقلین خان، ڈپٹی ڈی ایس عاصم کھوکھر، PEM ریلوے عاطف اشفاق، عمران مینگل، سیاسی اور سماجی رہنما کوثر خان درانی نے شجرکاری مہم کا افتتاح کیا

ابتدائی طور پر 600 باڈی کیم اہلکاروں کو دیئے جائیں گے، تھانوں میں آڈیو ویڈیو کیمروں کی تنصیب کا 70 فیصد کام مکمل

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت کی جانب سے باڈی کیم کی پہلی کھیپ لاہور پولیس کو دے دی گئی۔لاہور پولیس کو ابتدائی طور پر 600 باڈی کیم فراہم کیے جا رہے ہیں جو (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

ڈولفن سکواڈ کی کارروائی، 3 مقدمات میں مطلوب اشتہاری گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ نے کارروائی کرتے ہوئے تین مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزم کی شناخت ارسلان حیدر کے نام سے ہوئی ہے۔ترجمان ڈولفن سکواڈ کے مطابق اہلکاروں نے سٹاپ اینڈ سرچ کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com